کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی
حیدر آباد دکن

گولڈ اسمتھ کے خطوط

CHECKED

٢٦٣٦٥

Checked
1987

ترجمہ
محمد سرفراز علی نیوش (عثمانیہ)
(حیدرآبادی)

گولڈ اسمتھ کے خطوط



مرتبہ

جی۔ ئی۔ ہائیڈ و اور سی۔ بی۔ وصیلر

(مترجمہ)

محمد سرفراز علی صاحب نیوش (حیدرآبادی) کلیہ جامعہ عثمانیہ

(ناشر)

عبدالقادر تاجر کتب و پبلیشر چارمینار حیدرآباد دکن

مطبوعہ

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن

قیمت عمر

CHECKED

انتساب

میں اپنے اس ناچیز ترجمہ کو میرے شفیق و محترم پروفیسر ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ کے نام نامی پر معنون کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں جن کی مخلصانہ حوصلہ افزائیوں نے مجھے ایسی ادبی کاوشوں کی سرانجامی کی قوت عطا فرمائی۔

محمد سرفراز علی نیوش (حیدرآبادی)
کلیہ جامعہ عثمانیہ

عثمان شاہی ۲۵ر اسفندار سنہ ۱۳۴۳ف

۲۶۳۶۵
ح ۲۵۲

فہرس

نمبر شمار		صفحہ
۱	انتساب (محمد سرفراز علی نیوش (حیدرآبادی) کلیہ جامعہ عثمانیہ)	۳
۲	احوال واقعی (محمد سرفراز علی نیوش (حیدرآبادی) کلیہ جامعہ عثمانیہ)	۴
۳	رائے (سید محی الدین قادری زور ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ ڈی (لندن) پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ	۶
۴	رائے (سید عبدالقادر صاحب سروری۔ ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی (عثمانیہ) پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ	۷
۵	ایک خواب۔	۹
۶	انگریزوں کی شان و شوکت۔ اُن کی آزادی۔ ان دونوں صفات کے کچھ قصے۔ اخبارات۔ سنجیدگی اور متانت کی مثالیں۔	۲۲
۷	ویسٹ منسٹر ایبی کی سیر۔	۳۰
۸	چینی ناٹک گھر میں۔	۴۳
۹	مرد سیاہ پوش کے عادات و اطوار اور اس کے چال چلن کی ناموافقت کے کچھ واقعات۔	۵۵
۱۰	سیاہ پوش کی سوانح عمری۔	۶۲
۱۱	مصنفوں کے کلب کا تذکرہ۔	۷۸
۱۲	مصنفوں کے کلب کا مزید تذکرہ۔	۸۴
۱۳	ایک کتب فروش کی چینی سے ملاقات۔	۹۶
۱۴	ایک اہم شخصیت کے عادات و اطوار اور اس کی حماقتیں۔	۱۰۶
۱۵	تارک الدنیا ہو کر عقلمندی سیکھنا۔ یہ بیوقوفانہ کوشش ہے۔	۱۱۴
۱۶	دیوانے کتوں کا خوف (ایک طنز)	۱۲۱
۱۷	"شیابی لو" "سیاہ پوش" اور چینی فلاسفر وغیرہ سب ویکسہال باغ میں جمع ہوتے ہیں۔	۱۳۲
۱۸	بڑھاپے میں عزیز زندگی کی ہوس۔	۱۴۱
۱۹	چند غریب اور مفلس شعرا کے مختصر قصے جنہوں نے اپنی زندگی یاس و غم میں بسر کی اور مفلسی و تہی دامنی کے عالم میں اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔	۱۴۹
۲۰	پشیمان شباب (یا خاتمہ)	۱۵۷

احوالِ واقعی

خدائے بزرگ و برتر کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے میری کوششوں کو "سعی مشکور" ہونیکا شرف بخشا۔ اور اُسی کی ذات بابرکات سے توقع ہے کہ یہ حقیر ادبی خدمت قوم و ملک میں بہ نظرِ استحسان دیکھی جائے گی۔

ترجمہ خواہ کسی زبان کا ہو اس میں وہ خوبی اور لطافت ہرگز نہیں آسکتی جو ندرت کہ اُسکی حقیقی زبان میں ہوتی ہے۔ ترجمہ میں ادائیگی مفہوم۔ مناسب اور باموقع الفاظ۔ سلاست زبان شستگی محاورات۔ شگفتہ تراکیب۔ برجستگی فقرات۔ غرض کہ ان تمام اوصاف کا خیال رکھنا ازبسکہ ضروری سمجھا جاتا ہے۔ اس کی دقتوں کا اندازہ کچھ وہی اصحاب بخوبی کر سکتے ہیں جن کو کہ کبھی ایک سطر بھی بامحاورہ ترجمہ کرنے کا اتفاق ہوا ہو۔ میں نے بعض پیچیدہ مقامات کو صاف اور سلیس پیرایہ میں ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور تلمیحات و تصریح طلب اجزاء کی جابجا "فٹ نوٹ" میں وضاحت بھی کر دی ہے۔

اس کے علاوہ چونکہ "گولڈ اسمتھ" کے یہ فرضی خطوط جو انگریزی ادب میں ایک خاص وقعت اور حیثیت کے مالک ہیں۔ اور یہ زیادہ تر اس اعتبار سے مشہور ہیں کہ ان کے ذریعہ سے اُس نے اپنے زمانے کی معاشرت۔ اخلاق۔ اور علمی مذاق پر ظرافت آمیز۔ طنز کر کے انکی اصلاح کی کوشش کی تھی۔ اس لئے ممکن ہے کہ۔ یہ ترجمہ علاوہ طلباءِ انٹرمیڈیٹ کے جنکے نصاب میں اصل خطوط جو کہ "گولڈ اسمتھ" کی مشہور کتاب "سیٹیزن آف دی ورلڈ"[1] سے

علہ "CITIZEN OFTHEWORLD.

منتخب کئے گئے ہیں اور ان کے نصاب میں داخل ہیں۔ اس کے ماسوا بھی عام علمی مذاق رکھنے والے حضرات کے لئے بھی دلچسپی کا سامان بن سکے گا۔ گو اس سے انکار نہیں ہے کہ وہ طنز اور ظرافت جو اصل خطوط کی جان ہے اُردو میں کما حقہٗ ادا نہیں ہو سکتی۔ پھر بھی ان خطوط کی ادبی شہرت اور ان کا مصلحانہ مقصد اس کی کافی سفارش تھی کہ اُردو ادب کا دامن ان سے خالی نہ رہنے پائے۔

مجھے اپنی ہیچمدانی کا اعتراف ہے اس باب میں میری بساط "حباب اسا" بھی نہیں ہو سکتی۔ مگر پھر بھی میں نے کوشش اس امر کی۔ کی ہے۔ کہ ترجمہ میں کافی دلچسپی پیدا ہو سکے۔ اور اگر قارئین کرام نے اس کی ایک سطر کو بھی بہ نظر پسندیدگی دیکھا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت بخیر ہوئی۔

کچھ تو امتحان کی قربت کے لحاظ سے اور کچھ گوناگوں مصروفیات کی بنا پر اس "ایڈیشن" میں بہت عجلت سے کام لیا گیا ہے۔ اگر کوئی سقم ناظرین کے احاطہ خیال میں آئے تو از راہ علم نوازی اُس کو نظر انداز کر دیں آیندہ "ایڈیشن" میں انشاء اللہ تعالیٰ بہت غور و خوص کے ساتھ اس کی پابجائی کر دی جائیگی۔

یہ میری ناشکر گذاری ہو گی کہ میں اپنے محترم اور معزز پروفیسر سید عبد القادر سروری۔ ایم۔ اے۔ یل یل۔ بی (عثمانیہ) پروفیسر اُردو کلیہ جامعہ عثمانیہ کا شکریہ نہ ادا کروں۔ صاحب موصوف ہمیشہ میرے مسودوں اور جملہ ادبی تفکرات کو نہایت خندہ پیشانی اور کشادہ دلی سے ملاحظہ فرما کر اپنے قیمتی مشوروں سے بہرہ ور فرماتے رہتے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہیں۔ جن کا میں بے حد ممنون ہوں۔

سب سے آخر میں اپنے شفیق و محبی عنایت فرما میر زاہد علی صاحب کاملؔ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ کے بے پناہ تقاضوں اور بار بار کی خلوص کی تاکیدوں نے مجھے اس کام کے اتمام کی طرف توجہ دلائی جس کا میں بہ دل مشکور ہوں۔

محمد فراز علی نیوتی (حیدرآبادی) کلیہ جامعہ عثمانیہ
عثمان شاہی

رائے

"گولڈ اسمتھ" کے خطوط انگریزی ادب میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ چنانچہ اکثر ہندستانی جامعات میں انگریزی زبان و ادب کے تعلیمی نصاب میں شامل ہیں۔ ان کا اُردو زبان میں ترجمہ کرنا اس زبان کی حقیقی خدمت ہے۔ کیونکہ جہاں ناولوں۔ افسانوں اور ڈراموں وغیرہ کے ترجمے ہماری زبان کے ادبی ذخیرہ میں اضافہ کررہے ہیں۔ ضروری ہے کہ دیگر اصناف ادب سے بھی اُردو کے دامن کو مالا مال کیا جائے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ جبتک سنجیدہ علوم و فنون اور اصلی زندگی سے متعلق انگریزی تحریروں کے وفادار ترجمے اُردو میں منتقل نہ ہونگے ہمارے تعلیمی اور ادبی ذوق کی اصلاح و ترتیب نہو سکے گی۔

بڑی خوشی کی بات ہے کہ اس اہم ضرورت کی تکمیل کا خیال ہماری جامعہ کے ایک قابل متعلم مولوی محمد سرفراز علی صاحب نیوشؔ (حیدرآبادی) کے ذہن میں پیدا ہوا۔ اور انہوں نے نہایت خوبی کے ساتھ اس کو سرانجام کیا۔

مسٹر نیوشؔ اُردو کی اچھے طالب علم اور باذوق مضمون نگار ہیں۔ ابتک انکے متعدد مضامین۔ افسانے۔ ڈرامے۔ اور مختلف نوع کے ترجمے میری نظر سے گذر چکے ہیں۔ اور ہندوستان و دکن کے رسائل میں شائع بھی ہوچکے ہیں۔ ایک ایسے لائق شخص کے ترجمے میں جو خوبیاں ہونی چاہئیں میں سمجھتا ہوں وہ سب اس زیر نظر کتاب میں موجود ہیں۔

"گولڈ اسمتھ" کے مخصوص ظریفانہ انداز کو اُردو میں برقرار رکھنا اور پھر اردو کی سلاست اور فطرت کو باقی رکھنا ایک پختہ مشق قلم ہی کا کام ہے۔ اور میں خوش ہوں کہ محمد سرفراز علی صاحب نیوشؔ (عثمانیہ) نے نہایت کامیاب ترجمہ کیا ہے۔ جس پر میں اُنکو دل سے مبارکباد دیتا ہوں۔

سید محی الدین قادری زورؔ۔ ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ ڈی (لندن)
پروفیسر اُردو کلیہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن
(۲۷ اسفندار ۱۳۴۳ف)

رائے

"گولڈاسمتھ" انگریزی ادب کی بڑی نمایاں شخصیت ہے۔ اس کے مشہور ناول "ویکار آف ویکفیلڈ" کے اردو میں اب تک کئی ترجمے ہو چکے ہیں۔ جن میں سے ایک ترجمہ انگریزی ناولوں کے اردو ترجموں میں اولین ہے۔ اس کے خطوط بھی انگریزی ادب میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ خطوط یوں بھی دلچسپ ترین ادب سمجھے گئے ہیں "پھر گولڈ اسمتھ" کے خاص انداز بیاں نے ان میں جو دلچسپی پیدا کر دی ہے۔ وہ اس ترجمے کے دیکھنے سے ظاہر ہوگی۔

محمد سرفراز علی صاحب تیوش (حیدرآبادی) متعلم جامعہ عثمانیہ جنہیں ادب سے خاص ذوق ہے۔ انگریزی زبان کے ان اہم خطوط کو اردو میں ترجمہ کر کے بڑا مفید اور دلچسپ کام کیا ہے۔ یہ ترجمہ نہ صرف اس لئے اہم ہے کہ جامعہ عثمانیہ کی جماعت انٹرمیڈیٹ کے نصاب میں یہ خطوط شریک ہیں۔ بلکہ عام اردو خواں بھی انہیں ناول کی طرح دلچسپ پائینگے۔

مسٹر تیوش نے یہ ترجمہ نہایت سلیقہ اور صفائی سے کیا ہے۔ اصل کا انداز بیان۔ اس کی ظرافت ترجمے میں بھی حتی الامکان قایم رکھنے کی کوشش کی ہے۔ امید ہے کہ یہ ترجمہ طلبہ کے لئے ایک ضروری اور عوام کے لئے فرصت کے اوقات کا ایک بہترین مطالعہ ہوگا۔

عبدالقادر سروری ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی (عثمانیہ)
پروفیسر اردو کلیہ جامعہ عثمانیہ (حیدرآباد دکن)

کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی
حیدرآباد دکن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پہلا خط۔

ایک خواب

شاید ہی کوئی دن ایسا گذرتا ہوگا کہ جبکہ عہد ماضی کے ممتاز شعرا مثلاً "ڈرائیڈن"۔ "پوپ" اور دوسروں پر کوئی نہ کوئی نکتہ چینی نہ کرتا ہو۔ مشکل سے کوئی مہینہ خالی جاتا ہوگا۔ جبکہ ان لوگوں پر کوئی نہ کوئی دل آزار تنقید نہ ہوتی ہو۔ تعجب ہے! کہ ہمارے نقاد اُن لوگوں پر اپنی اظہار مہربانی کرتے ہیں جوکہ اس دنیا میں موجود نہیں ہیں۔ اور اپنی مخالفت اُن لوگوں پر ظاہر کرتے ہیں۔ جن کو زندہ انسانوں میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ ان لوگوں پر جب اعتراضات ہوتے ہیں تو وہ لوگ بھی ان کا جواب دیتے ہیں۔ جن سے بدمزگی پیدا ہوجاتی ہے۔ اور احساسات مجروح ہوتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ موجودہ زمانے کے مصنفین اپنے پیش روں کا ہرگز مقابلہ نہیں کرسکتے۔ لیکن یہہ ایک اخلاق ہے کہ ہم اُن کو لائق اور سنجیدہ خیال کرتے ہیں۔ ہم جس قدر بھی اُن کی تعریف و توصیف کرتے ہیں۔ وہ اُن کی بساط سے۔

بہت زیادہ ہوتی ہے جس کے وہ شمہ برابر بھی مستحق نہیں ہوتے۔ اگر ایک قبول صورت خاتون کے حسن و جمال کی تعریف کی جائے تو وہ بھی سمجھتی ہے کہ میری خوبصورتی کی تعریف کرنا لوگوں کا فریضہ ہے۔ چنانچہ ہزاروں آدمیوں سے وہ اپنی تعریف سُنتے سُنتے آخر میں وہ اس تعریف سے بے پرواہ ہو جاتی ہے۔ اور ان خوش آئند الفاظ پر کان دھرنا چھوڑ دیتی ہے۔ اسی طریقہ سے اگر ایک معمولی شکل و شباہت کی عورت کو یہ یقین دلایا جائے کہ وہ اپنے حسن میں لاثانی ہے۔ تو وہ اپنا تمام دن اپنے حسن کی آرائش و زیبائش میں صرف کر دے گی۔ اور یہ خوشامد اُس کے لئے مُضر وقت ثابت ہوگی۔ وہ تعریفات جن کو ہم با موقع اور بجا خیال کرتے ہیں۔ اُن کو ہم یونہی مستعار آقبول کرتے ہیں۔ وہ بھی کسی قدر تامل کے ساتھ۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو اس قدر تعریف و توصیف کا مستحق نہیں سمجھتے۔ جب اُن کی تعریف کی جاتی ہے اور اُن کو اُن کی لیاقت کا احساس کرایا جاتا ہے۔ تو وہ حد درجہ ممنونیت کا اظہار کرتے ہیں۔ اور ہماری اس مہربانی کو عزت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اس طرح سے کہ گویا ہم نے اُن پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔

ہمارے وہ معززین جو کبھی "جلسہ تقسیم شہرت ادبی" کے صدر بنائے جاتے ہیں۔ تو وہ لوگ اکثر انصاف اور کشادہ دلی کے مطمح نظر کو بالائے طاق رکھکر بیجا تعریفات پر اتراتے ہیں۔ اور اکثر یہی خیال کرتے ہیں کہ جس وقت بھی ہمارے ہاتھ میں قلم آئے گا تو ہم ہمیشہ

شہرت و عزت کی بیخ کنی کیا کرینگے۔ اور ہر ممکنہ طریقے سے موجودہ عہد کے شعراء کو مشہور نہ ہونے دینگے۔ اس کو تو اول خیال کرنا چاہئے کہ آج کل کی ادبی دنیا یوں ہی کمزور ہو رہی ہے۔ اُس قدیم زمانے کی طرح نہیں۔ جبکہ آپس کی نوک جھوک ایک دوسرے پر ادبی اعتراضات سرمایہ ادب میں کافی اضافہ کرتے تھے۔ لیکن موجودہ صورت یہ ہے کہ جس شخص کے ہاتھ میں قلم آجاتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو لایق مصنف بلا کسی وجہ کے خیال کرنے لگتا ہے۔ یہ لوگ ذاتی مفاد کو ادبی فائدے پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور اپنی خود ساختہ تعریف کے فقرات کو اپنی جاودانی شہرت کا محافظ خیال کرتے ہیں۔

Checked 1987

ان تمام تاثرات کا احساس کرتے ہوئے میں نے یہ مناسب سمجھا کہ عوام کو بھی اس شہرت کے حصے میں شریک کیا جائے۔ چنانچہ میں نے ایک فرضی سفر شہرت اختیار کیا ہے۔ اور اُس کی ابتدا میں نے "ایک خواب" سے کی ہے۔ جس میں نہ تو تلمیحات ہی قابل اعتنا ہیں۔ اور نہ خواب ہی کی کچھ اصلیت ہے۔

عالم رویا میں ایک دن میرا گزر ایک سرائے میں ہوا۔ جہاں بہت سی گاڑیاں کھڑی ہوئی تھیں۔ کئی آدمی جگہ کی انتظار میں اور چند سامان بار کرنے کی فکر میں کھڑے تھے۔ وہاں ہر گاڑی پر اُس کے مقام مقصود کا پتہ درج تھا۔ ایک پر میں نے "گاڑی مسرت" لکھا دیکھا دوسری پر "گاڑی صنعت" تیسری پر "خیال خود بینی" اور چوتھی پر "گاڑی

برائے امیر و کبیر" لکھا تھا۔ میرا دل چاہا کہ ہر گاڑی پر کم سے کم ایک مرتبہ تو ضرور بیٹھوں۔ اور یہ وجہ میری سمجھ میں نہیں آئی کہ میں نے سب کو نظر انداز کر کے ایک چھوٹی "برلن فیشن" کی گاڑی کو کیوں پسند کیا۔ جس کو میں تمام دنیا کی آرام دہ گاڑیوں سے بہتر سمجھ رہا تھا۔ جب میں اُس کے قریب پہونچا تو اُس پر میں نے "گاڑی شہرت" لکھی دیکھی۔ اتفاقیہ طور پر میری نظر کوچبان پر پڑی۔ جو بُشرے سے تو نیک آدمی معلوم ہو رہا تھا۔ اُس نے مجھ سے کہا کہ ابھی تھوڑا عرصہ ہوتا ہے کہ میں شہرت کے محل سے واپس آیا ہوں۔ اور اِن لوگوں کو یعنی "ایڈیسن" "سوئیفٹ" "پوپ" "اسٹیل" "کانگرو" اور "کولی سیبر" کو شہرت کے محل میں پہونچا کر آیا ہوں۔ اور یہ لوگ راستہ تمام ایک دوسرے سے برابر لڑتے جھگڑتے گئے۔ اور یہ بھی کہا کہ وہ ایک یا دو مرتبہ پوری گاڑی کو بھر کر شہرت کے محل تک پہونچا آتا ہے۔ بہر نوع تمام کو میں نے بخیریت وہاں تک پہونچا دیا ہے۔ البتہ راستہ میں "کولی سیبر" نے مسٹر "پوپ" کے کچھ دھپ رسید کئے۔ اُس کے بعد میں دوسرے سامان کے لئے واپس چلا آیا۔ یہ سنکر میں نے کوچبان سے کہا کہ دوست اگر ایسا ہی ہے تو مجھے بھی گاڑی میں لے لو۔ آپ کو ساتھیوں کی ضرورت بھی ہے اور میں اپنے آپ کو بہت مفید ثابت کرونگا۔ میں سمجھتا ہوں۔ میری موجودگی سے گاڑی کے چلنے پر کوئی اثر نہ ہوگا۔ اور یہ میرا خیال ہے کہ شہرت کے محل تک پہونچنا کوئی بڑی بات نہیں ہے۔

جی ہاں جناب! آپ سچ فرماتے ہیں۔ اُس نے یہ کہا تو ضرور

گرد دروازہ بند ہی رکھا۔ اور مجھ کو سر سے پیر تک گھورنے لگا۔ اُس کے بعد کہنے لگا جناب آپ کے ساتھ کوئی لائق قدر "سامان[۱]" بھی ہے۔ گو فطرتاً اور چہرے سے آپ مجھے سادہ لوح معلوم ہوتے ہیں لیکن آپ کے ساتھ کچھ سامان نہ ہونے کا افسوس ہے۔ اور یہ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ بغیر کچھ گاڑی کا کرایہ ادا کئے میں کسی مسافر کو اس میں گھسنے بھی نہیں دیتا۔ یہ سُن کر میں شرمندہ ہو گیا۔ اور اپنی جیبوں میں کچھ ڈھونڈنا شروع کیا۔ اسی تلاش میں میرا خیال اپنی بغل کی طرف گیا۔ جہاں "بی[۲]" کے بہت سے پرچے دبے ہوئے تھے۔ اب میں نے سوچا کہ ان پرچوں کو کوچبان کے سامنے اس طرح سے پھیلا دوں کہ اُن کی چمک دمک سے کوچبان کی آنکھیں خیرہ ہو جائیں۔ لیکن وہ صرف سرورق اور دیباچہ دیکھ کر کہنے لگا کہ جناب! اس سے بہتر تو کہیں میں نے کبھی اس کا نام بھی نہیں سُنا اور یہ ناممکن ہے کہ میں آپ کی گذشتہ عزت و وقعت سے مرعوب ہو کر آپ کو گاڑی میں آنے دوں محض اس وجہ سے کہ مجھے آپ سے اچھے باوقعت مسافر مل سکتے ہیں۔ مگر پھر بھی

"سامان[۱]" سے مراد یہاں کوئی تصنیف یا تالیف ہے۔ "بی[۲]" دیلکی ناشر نے گولڈ اسمتھ کو یہ رائے دی تھی کہ "ریمبلر" کے جوڑ پر ایک ہفتہ واری پرچہ نکالنا چاہئے جس کی قیمت تین پنس ہو۔ چنانچہ ۱۷۵۹ء میں یہ پرچہ جاری ہوا اور پورے آٹھ نمبروں تک گولڈ اسمتھ کی ادارت میں نکلتا رہا۔

آپ مجھے ایک بے ضرر آدمی معلوم ہوتے ہیں۔ اس لئے اگر اتفاق سے کوئی جگہ خالی ہو گی تو میں آپ کو بطور رعایت اور خیرات کے اندر بُلا لونگا۔

یہ سُن کر میں باہر کوچبان کے بازو دروازے سے لگ کر کھڑا ہو گیا۔ اور اپنے دل میں ارادہ کر لیا کہ میں بھی اپنی لیاقت اور قابلیت منوا کر ہی چھوڑونگا اور پھر اندر جگہ حاصل کروں گا۔

میرے بعد ایک "صاحب"[1] اور نازل ہوے۔ جو عجب قماش کے تھے۔ یہ دور ہی سے اُچھلتے کودتے اور اپنے جسم کے اطراف اپنے ہی نظم کے متعدد پرچوں کو لٹکائے۔ سریلی آواز سے گاتے ہوئے نہایت اطمینان سے دروازہ کھولکر گاڑی کے اندر داخل ہونے لگے۔ ان کی اس برق خرامی پر میری نظر اُن پر ذرا پھسلتی ہوئی پڑی مگر پھر بھی ہر پرچے کی سُرخی "انسپکٹر" دور سے واضح تھی۔ انہوں نے گاڑی کا دروازہ خود سے کھولا۔ اور بلا کسی کے بلائے اندر آنا ہی چاہتے تھے کہ کوچبان نے گردن پکڑ کر اُن کو نیچے اُتار لیا۔ اس سُلوک ناروا سے صاحب موصوف کو بہت سخت غصہ آیا۔ لیکن کوچبان ہر حالت سے اپنا

---

[1] "ایک صاحب" اِن کا نام ڈاکٹر "جان ہل" تھا اور علم نباتات پر ان کی کئی تصانیف تھیں۔ ان کے مضامین کا مجموعہ "انسپکٹر" نامی کتاب میں تھا۔ جو فرداً فرداً لندن کے اخبار "ڈیلی اڈورٹائیزر" میں شائع ہو چکے تھے۔ ۱۷۵۱ء

اطمینان چاہتا تھا۔ آخر کار اُس نے کہا اجی مہربان! آپ کے ساتھ تو اس قدر سامان ہے کہ گویا آپ مغربی جزائر کی کسی مُہم کو سر کرنے جا رہے ہیں۔ اور اس سامان سے آپ کی جسامت اس قدر بڑھ گئی ہے کہ اس قسم کی بیس گاڑیوں کا آپ کچومر نکال دینگے۔ مگر جناب معاف فرمائیے۔ آپ اندر تو نہیں آسکتے۔ اس پر وہ صاحب منت اور خوشامد سے کہنے لگے کہ میاں کوچبان یہ سامان بظاہر آپ کو وزنی معلوم ہو رہا ہے۔ مگر حقیقت میں بہت ہلکا ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو کہیں کونے میں۔ میں اپنی جگہ خود نکال لونگا۔ "جیہیو" یعنی کوچبان بڑا ہی مستقل مزاج آدمی تھا۔ اُس نے زچھوڑا اور اس ناخواندہ مہمان کو مایوس واپس جانا پڑا۔ صرف یہی نہیں ہوا بلکہ اُس کے تمام پرچوں کو ہوا میں اُڑا دیا۔ ابھی اس مرحلے سے ہم لوگ مطمئن نہیں ہوئے تھے کہ پھر یہی شخص تھوڑی دیر میں اپنے لباس کو ایسا تبدیل کر کے آیا۔ جیسا کہ اکثر ناٹکوں میں اداکار ہوتے ہیں۔ اُس کے کپڑوں میں لیس لگی ہوئی تھی۔ اور ہمراہ کوئی وزنی سامان نہیں تھا مگر ایک "گلدستہ"[1] اُس کے ہاتھ میں تھا۔ اُس نے آتے ہی غصہ سے کوچبان کی ناک میں اس گلدستہ کو ٹھونس دیا۔ اور گاڑی کے دروازہ کا دستہ پکڑ کر اندر جانے لگا۔ میں سمجھا کہ اب لڑائی بڑھی۔ اس لئے کہ کوچبان بھی معمر آدمی تھا اور ایسی بے عزتی ہرگز برداشت نہیں کر سکتا تھا چنانچہ

---

[1] "گلدستہ"۔ یہ ایک نباتیات کا رسالہ تھا۔

اُس نے میری مدد سے اُس کو وہاں سے نکال دیا۔ لیکن پھر وہی شخص یونانی ہیرو "پرٹیوس"[1] کی طرح گاتے ناچتے اور گلدستہ سونگھتے ہوئے چپکے سے رفوچکر ہوگیا۔ "ڈاکٹر جان ہل" کے بعد جو "اُمیدوار"[2] آیا اُس کو خود جگہ کے ملنے کا یقین نہ تھا۔ تاہم وہ کوشش ضرور کر رہا تھا۔ مگر اُس کی کوشش بھی عجب دلچسپ تھی۔ وہ بالکل ناٹک کا اداکار معلوم ہو رہا تھا۔ جیسے ہی وہ کوچبان کے سامنے آیا۔ وہ نیم قد ہوکر ایک سلام بجا لایا۔ جس کا جواب کوچبان نے بھی جُھک کر ہی دیا۔ پھر کوچبان نے پوچھا کہ آپ کے ساتھ کیا اور کس قدر سامان ہے۔ اُمیدوار نے کہا۔ جی یہی معمولی ہے۔ اور یہ کہکر اُس نے کچھ ڈراموں کے چند ایکٹ۔ چند مضامین مختلف موضوع پر۔ اور ایک مکمل حزنیہ ڈرامہ دکھلایا۔ کوچبان نے اس سامان کو غائر نظر سے دیکھا اور کہا کہ فی الوقت اُس کو ان چیزوں کی ضرورت نہیں ہے۔ اور نہ اس کی وجہ سے گاڑی میں جگہ دی جاسکتی ہے۔ ہاں کوچبان نے کہا کہ میں نے قانون فطرت کی کتاب میں لکھا دیکھا ہے کہ ان چیزوں کے لئے بھی ایک وقت آئیگا۔ جبکہ عوام کو ان چیزوں کی ضرورت محسوس ہوگی۔ اور دوسرے یہ کہ محض ان چیزوں کی بنا پر اب تک

---

[1] "پرٹیوس"۔ یہ ایک بُڈھا طاقتور یونانی ہیرو تھا۔ جس کو اپنی شکلوں کے بدلنے میں کمال تھا۔

[2] "امیدوار"۔ یہ آرتھر مرفی ایک ڈرامہ نویس تھا۔ جس کا ڈرامہ "چین کا تیم" بہت مشہور ہوا تھا یہ وہی شخص ہے۔ جس نے ڈاکٹر جانسن کو تھریلس سے ملایا تھا۔

تو کوئی شہرت کے محل تک نہیں پہونچا ہے۔ اس مرتبہ شاعر نے تنک مزاجی سے پوچھا۔ کیا کہا آپ نے؟ کیوں کیا میری حزینہ ناٹک جس میں میں نے سچائی اور آزادی پر کافی بحث کی ہے کافی نہیں ہے۔ کوچبان نے ڈانٹ کر کہا۔ اجی جناب ذرا مناظر فطرت کی طرف نظر کیجئے۔ صرف یہی نہیں کہ اچھی اچھی دلخوش سرخیوں کی بدولت آپ شہرت کے محل تک پہونچ سکیں۔ کیا مسئلہ آزادی پر آپ نے پہلی مرتبہ قلم فرسائی کی ہے۔ یا بلا کسی غرض وغایت کے آپ سچائی کے قصیدے پڑھ رہے ہیں۔ یہ ممکن ہے کہ آپ کو کسی وقت جگہ مل جائے۔ لیکن جناب اس وقت تو میں معافی چاہتا ہوں۔ اچھا ہٹیے۔ آپ بازو ہو جائیے۔ ایک صاحب اور آرہے ہیں۔ ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ دور سے ایک بہت "بھاری[1]" بھر کم آدمی گاڑی کی طرف آتا ہوا نظر آیا جس کی صورت سے دور ہی سے متانت اور وقار ٹپک رہا تھا۔ لیکن اس شخص کے عادات و اطوار غیر مانوس تھے۔ اس شخص کو پہلے پہل دیکھ کر میرے دل میں اس کی طرف سے کچھ اچھا خیال پیدا نہیں ہوا۔ مگر باوجود اپنی بدمزاجی کے وہ صاف دل اور بے غرض ضرور معلوم ہو رہا تھا۔ وہ اطمینان سے گاڑی کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا۔ اور کچھ الجھے ہوئے کاغذات کے پلندے کو نشست کے نیچے رکھ دیا۔ کوچبان سے کہا صبر ہو سکتا تھا۔ اس نے کہا چلئے جناب

---

[1] "بھاری بھرکم" یہ مشہور لغت نویس ڈاکٹر جانسن تھا۔

چلئے۔ باہر نکلیئے۔ مسافر بھی غصہ سے بپھر کر کہنے لگا۔ کیوں کیا میری لغت کافی نہیں ہے۔ کوچبان نے کہا جناب حواس دُرست کیجئے۔ تقریباً دو ہزار سال سے میں اس گاڑی کو ہانک رہا ہوں۔ جس میں بچے بوڑھے جوان سب ہی بیٹھتے ہیں۔ لیکن میری اتنی عمر اگئی اور کبھی میں نے کسی لُغت کے مؤلف کو کہیں نہیں دیکھا۔ اور نہ کسی کو پہونچا کر آیا ہوں۔ لیکن مہربان معاف کیجئے وہ دیکھیے ایک چھوٹی سی کتاب آپ کی جیب سے اُپر نکلی آرہی ہے اُس کا کیا نام ہے۔ مُصنف نے کہا اجی چھوڑو۔ اُس کو پوچھکر کیا کیجئے گا وہ تو ایک معمولی حقیر سی تالیف ہے۔ جس کو "ریمبلر"[1] کہتے ہیں "ریمبلر" اچھا۔ "ریمبلر"۔ جناب آپ معاف کیجئے آپ شوق سے گاڑی میں بیٹھ سکتے ہیں میں نے "اپالو" (سورج کے دیوتا) کے دربار میں اس کی تعریف سُنی ہے اور "کلیو" جو ایک مورخ تھا وہ "ایڈیسن" کے رسالے "اسپیکٹیٹر" سے زیادہ اس کو پسند کرتا تھا۔ اور عوام بھی اس کو سلاست زبان برجستگی فقرات۔ بامو قع محاورات کی وجہ سے بہت پسند کرتے تھے۔ ابھی یہ سنجیدہ ہستی ٹھیک طور پر جمنے بھی نہ پائی تھی کہ "ایک صاحب"[2] اور آتے ہوئے نظر آئے۔ جو سرتاپا موجودہ فیشن میں

---

[1] "ریمبلر" یہ جانسن کا مشہور و معروف رسالہ تھا جو کہ ہر شنبہ و سہ شنبہ کو شائع ہوتا تھا یہ ۱۷۵۰ء سے ۱۷۵۲ء تک جاری رہا۔ [2] "ایک صاحب" یہ ڈیوڈ ہیوم ایک مضمون نگار تھا جو اپنے فلسفیانہ مضامین کی وجہ سے بہت مشہور ہو گیا تھا۔ تاریخ انگلستان کو بھی اُس نے مرتب کیا تھا ۱۷۶۱ء تا ۱۷۷۶ء۔

غرقاب تھے۔ پہلے تو انہوں نے گاڑی میں خود سے بیٹھنے کی جرأت کی۔ مگر بعد ٹھٹک کر کوچبان سے اندر آنے کی اجازت چاہنے لگے۔ اُن کے ہاتھ میں ایک کاغذ کا بنڈل تھا۔ کوچبان نے کہا میں آپ کے مضامین کا نمونہ دیکھنا چاہتا ہوں۔ ذرا سُنایئے۔ مصنف نے کہا مسٹر کوئی خاص بات نہیں ہے۔ البتہ آج کل جس قسم کا مذہب اپنے ملک میں رائج ہے اُس پر زبردست تنقید کی گئی ہے۔ کوچبان نے بگڑ کر کہا۔ تب تو جناب آپ کو گاڑی میں جگہ نہیں مل سکتی۔ اس لئے کہ آپ نے صرف تصویر کے ایک رُخ کی رنگ آمیزی کی ہے۔ مصنف نے استعجاب سے کہا۔ ہائیں کیا کہا آپ نے۔ یہ محض آپکا خیال ہے۔ آپ اگر مجھے اجازت دیں تو ابھی چند منٹوں میں۔ میں آپ کو قایل کئے دیتا ہوں۔ پھر آپ کے دل میں شکوک باقی نہیں رہینگے۔ کوچبان نے سر ہلاتے کہا۔ مہربان چاہے آپ جو کچھ کہیں۔ مگر جو شخص مذہب پر اعتراض کرتا ہے۔ میں اُس کو کُندہ ناتراش اور پکّا بے وقوف سمجھتا ہوں۔ اور آپ گاڑی میں قدم نہیں رکھ سکتے۔ اس پر مصنف نے کہا۔ جناب اگر آپ بحیثیت مضمون نگار مجھے اندر نہیں آنے دے رہے ہیں۔ تو بحیثیت مورخ تو جگہ دیجئے۔ جس کو تمام نے پسند کیا ہے اور اُس کی بہت کچھ تعریف ہو چکی ہے۔ کوچبان نے کہا ہاں یہ آپ ٹھیک کہتے ہیں مگر میں نے صرف ایک جلد کی تعریف سُنی ہے۔ اور وہ شاید شہرت کے محل تک بھی پہونچ گئی ہے۔ اگر اس وقت وہ آپ کے پاس ہے تو آپ بلا کسی اور مزید استفسارات کے گاڑی میں آ سکتے ہیں۔

اس کے بعد میری نظر "ایک شخص" پر پڑی جس کو مجمع خود ڈھکیل ڈھکیل کر آگے بڑھا رہا تھا۔ اور "گاڑی بڑے امیر و کبیر" کی طرف جا رہا تھا۔ لیکن پھر تھوڑی دیر بعد وہ اسی "گاڑی شہرت" کی طرف چلا آیا۔ یہ شخص دور ہی سے ایک بہت بڑی ضخیم تاریخ بتلا کر اندر آنا چاہتا تھا۔ کوچبان نے کہا جناب میں آپ کا نام سن چکا ہوں لیکن ایک مورخ کی حیثیت سے نہیں اچھا اس کے علاوہ کیا اور کوئی سامان آپ کے پاس نہیں ہے۔ مورخ نے کہا۔ مہربان سامان و امان کیا میرے پاس ایک عشقیہ قصہ اور ہے۔ جس میں فطرت سے مناسبت رکھنی والی کوئی شے نہیں ہے۔

کوچبان نے کہا افوہ آپ سخت غلطی پر ہیں۔ ایک مکمل عشقیہ اور دلچسپ قصہ لکھنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ جس کو اکثر لوگ محض کھیل تصور کرتے ہیں۔ مجھے اچھی طرح خیال ہے کہ انہی قصوں کی بدولت میں "سروینٹس" اور "ساگریس" دونوں کو جگہ دے چکا ہوں۔ اگر تمہارا دل چاہتا ہے تو تم بھی اجاؤ۔ جب یہ تینوں ادبی ہستیاں اندر بیٹھ گئیں تو میں نے

"ایک شخص"۔ یہ ٹوبیس اسمالٹ ایک مورخ اور ناول نویس تھا۔ جس کی ناول "راڈرک رانڈم" بہت مشہور ہوئی تھی ۱۷۲۱ء تا ۱۷۷۱ء

"سروینٹس"۔ ڈان کیوک ساٹ مشہور مزاحیہ ناول کا مصنف۔

"ساگریس"۔ یہ ایک فرانسیسی شاعر تھا اور "برینک" نامی ناول سے مشہور ہو گیا تھا۔

کہا چلو دیکھیں یہ لوگ آپس میں کیا گفتگو کرتے ہیں۔ بجائے آپس کی محبت کے یہ لوگ ایک دوسرے کے چہرے سے بیزار تھے۔

اس پر مجھے بڑا تعجب ہوا اور میں نے کہا سخت افسوس ہے کہ یہ لوگ اپنے خیال کی روشنی سے تاریک دلوں کو روشن کرنے والے کہلاتے ہیں۔ مگر یہاں خود اُن کے دل میں ایک دوسرے سے انتہائی رشک وحسد بھرا ہوا ہے۔ اور ایک دوسرے کو بے وقوف بنانے کی فکر میں رہتے ہیں۔ کیا انہی لوگوں کو لائق عالم فاضل کہا جاتا ہے۔ جو رسم ورواج کی جکڑ بندیوں میں جکڑے ہوئے ہیں اور آندھی تقلید کر رہے ہیں۔ ان کو تو چاہئے تھا کہ سوسائٹی کی بُری عادتوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں اور اُن کو صحیح طریق پر چلنے کی نصیحت کریں۔ نیز گرے ہوئے دل ودماغ کو بلند کرنے کی فکر کریں۔

اس اثنا میں۔ میں نے دیکھا کہ کوچبان بالکل غافل اور خصوصاً میری طرف سے بالکل بے تعلق ہو رہا ہے۔ اور مزے سے کوچ بکس پر بیٹھا ہے۔ کئی لوگوں کو میں نے دیکھا ہے کہ وہ اندر آنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میں نے اُن کو اندر لینے کے لئے کوچبان سے کہا۔ مگر اُس نے کہا جناب یہ میری شان کے خلاف ہے کہ ایک بار اُوپر چڑھ کر پھر نیچے اُتروں۔ اُس نے کہا فکر کی کونسی بات ہے۔ دوسرے کیمپ میں پھر میں ان لوگوں کو لے جاؤں گا۔ گاڑی چلی اور رفتار سے چلنے لگی۔ چونکہ میں اندر نہ بیٹھ سکا۔ اس لئے میں نے اپنی جگہ تبدیل کرلی۔ اور پچھلی نشست پر

آگیا۔ تاکہ راستہ تمام اِن بزرگوں کی باتیں تو سنتا رہوں۔

دوسرا خط

دنیا کے باشندوں کے خطوط

انگریزوں کی شان و شوکت۔ اُنکی آزادی۔ اِن دونوں صفات کے کچھ قصّے۔ اخبارات۔ سنجیدگی اور متانت کی مثالیں۔

"لیون چی الینگی" "فینشی" کی معلومات کے لئے جو کہ "ماسکو" میں رہتا تھا۔ ایک روسی قافلہ کے ذریعہ سے "فم ہوم" کو ایک خط بھیجتا ہے۔ جو کہ سرمونیل اکڈیمی واقع چین کا پریسیڈنٹ تھا۔

انگریز ایسے ہی خاموش پسند ہوتے ہیں۔ جیسے کہ جاپانی۔ لیکن سیام کے باشندوں کی طرح نہیں جو حد درجہ خود دار اور خود پسند ہوتے ہیں میرے یہاں (انگلستان) آنے کے بعد مجھ میں بھی ایک قسم کا غرور پیدا ہو گیا ہے۔ جو کہ یہاں کے باشندوں کی فطری چیز ہے۔ اُن سے پہلے ملاقات پیدا کرنے کے لئے آپ کو عاجزی اور انکساری اختیار کرنی ہو گی۔ پھر کچھ خوشامد سے کام لینا پڑے گا۔ اُس کے بعد وہ آپ سے دوستی اور آپ کا

احترام کرنے لگینگے۔ قوت برداشت انگریزوں میں غیر معمولی طور پر ہوتی ہے۔ مثلاً وہ نہایت فراخدلی سے۔ بھوک۔ سردی۔ تکان اور ہر قسم کی تکالیف کو بہ طیب خاطر سہہ لینگے۔ لیکن ذلت وہ کبھی برداشت نہیں کرسکتے۔ ایک انگریز ذلت کو موت سے زیادہ سخت سمجھتا ہے۔ اور اُس سے موت سے زیادہ ڈرتا ہے۔ کئی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ وہ ذلت کو ناقابل برداشت سمجھ کر اُسی کے کارن خودکشی بھی کرلیتا ہے۔ اور جینے پر موت کو وہ اُس وقت ترجیح دیتا ہے جبکہ وہ محسوس کرتا ہے کہ اُس کی عزت و حرمت خاک میں مل چکی ہے۔

فخر و غرور یہ صرف اُن کی خلقی اور قومی چیزیں نہیں ہیں۔ بلکہ یہ اُن کی مذہبی روایات کو برقرار رکھنے کی بہترین خصایص خیال کیجاتی ہیں۔ ایک انگریز کو اپنے بادشاہ سے ایسی محبت کرنا سکھایا جاتا ہے جیسا کہ وہ اپنے عزیز ترین دوست کو چاہتا ہے۔ لیکن قانون کے مقابلہ میں وہ کسی چیز کو اتنی اہمیت نہ دیگا جیسا کہ وہ خود اُس کی عزت کرتا ہے۔ وہ اُن قوموں کو نہایت نفرت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ جو کہ خود مختار اور آزاد ہوسکتی ہیں۔ لیکن پھر بھی وہ اپنی گردن پر سے غلامی کا جُوا نہیں اُتارتیں۔ ان لوگوں کا ابتدا میں زور و شور ایک ظالم کے خوف و وحشت سے کہیں زیادہ ہوتا ہے۔ لیکن بعد میں وہ اس قدر مرعوب ہو جاتے ہیں گویا آسمان سے فرشتہ خصلت بنا کر بھیجے گئے ہیں۔

آزادی کی دل خوش کُن صدا اُن کے ہر مجمع اور ہر جماعت سے

آتی ہے۔ اس آواز پر ایک دو نہیں بلکہ ہزارہا افراد جان دینے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ طرفہ یہ ہے کہ اُس میں کا کوئی شخص بھی اُس [illegible] صحیح مفہوم سے واقف بھی نہیں ہوتا۔ ذیلی طبقہ یہ خیال کرتا ہے کہ [illegible] کی آزادی کے پاسباں ہیں۔ اور بسا اوقات وہ ایسی زبان ا[illegible] کرتے ہیں جس کو کہ چین کا بادشاہ جس کی حکومت آسمان و زمین پر ہے۔ اُس کے مُنہ سے بھی ایسے الفاظ نہیں نکلتے ہوں گے۔

ابھی چند دنوں کا ذکر ہے کہ ایک دن میرا گذر جیل خانہ کے بازو سے ہوا۔ کچھ آپس کی گفتگو کی آواز میرے کانوں میں آئی۔ اور میں ارادتاً سُننے کے لئے ٹھیر گیا۔ گفتگو ایک مقروض کی تھی جو کہ سلاخوں میں بند تھا۔ پاس ہی ایک مزدور زیادتی بوجھ کی وجہ سے دم لیتا کھڑا تھا۔ اور ایک سپاہی بھی قریب ٹہل رہا تھا۔ آپس کا موضوع سُخن یہ تھا کہ فرانسیسیوں کے خطرناک حملوں سے ملک کو کس طرح بچایا جائے۔ قیدی نے کہا اور تو کچھ نہیں دوست مجھے فکر یہ ہے کہ اگر فرانسیسی جنگ میں فتحیاب ہو گئے تو ہم انگریزوں کی آزادی کا کیا حشر ہوگا۔ دوستو آزادی انگریزوں کا خاص حق ہے۔ اسکے تحفظ کے لئے ہم اپنی جان تک قربان کر دینگے۔ اس کے قطع نظر فرانسیسی ہرگز ہم لوگوں کو نکالنے کی جرُات نہیں کر سکتے۔ اس غلام قوم سے کبھی فخر و مباہات کی توقع نہیں کی جاتی۔ جو خود برسوں غلام رہ چکی ہو۔ وہ لاکھ ظفریاب ہو جائیں مگر پھر بھی ایسا کرنے کی اُس میں ہمت نہیں ہو سکتی۔

مزدور غصہ سے کہنے لگا۔ نامعقول غلام کہیں کے۔ یہ تو صرف اسی

قابل ہیں کہ بھاری بھر کم بوجھ اٹھایا کریں۔ اگر خدانخواستہ کہیں غلامانہ راج ہو گیا۔ آ... خدا یہ شراب کی صراحی جو میرے ہاتھ میں ہے اس میں کی شراب ... ہر ہو جائے۔ مگر نہیں مجھ کو فوراً جانباز وطن کی فہرست میں جلد ... نام لکھوا دینا چاہئے۔

اس کے بعد سپاہی نے شراب کی صراحی کو اپنے ہاتھ میں لے لی اور کہنے لگا یار آزادی کے متعلق ہم کو ایسا خیال نہ کرنا چاہئے۔ بلکہ ہم سے جس قدر بھی ہو سکے اُس کی نگہداشت کرنی چاہئے۔ مگر میرے دوستو مذہب بس اس مذہب پر "شیطان مجھے آگ میں جھونک دے"۔ (یہ اُن لوگوں کی ایک نہایت باوقعت قسم کہلاتی ہے) اور ہم پر یقیناً فرانسیسوں کو حکمراں ہو جانا چاہئے۔ اس لئے کہ ہم لوگ مذہب سے بالکل بے پروائی برت رہے ہیں۔ یہ کہہ کر شراب کو مذہبی رسم کے موافق اُس کے چند قطرے آگ میں ڈالتا بجائے اُس کے اُس نے صراحی منہ سے لگا لی۔ اور اپنے استدلال کو اور زیادہ جوش و خروش سے واضح کرنے لگا۔

قصہ مختصر یہ ہے کہ یہاں کا ہر شخص اپنے آپ کو ایک زبردست سیاست داں سمجھتا ہے۔ اور تو اور یہاں کا طبقہ صنف نازک بھی قومی مسائل میں حسن و عشق پیار و محبت کی رنگ آمیزی کر کے نئے نئے انداز میں اُن مسائل کو پیش کرتا ہے۔ اور چشم ابرو کے تیز تیز ہتیاروں سے اُن پر فتحیابی حاصل کی جاتی ہے۔ اس سیاست دانی کے عالمگیر جذبات کو یہاں کا اخبار ڈیلی گزٹ بہت زیادہ سراہتا ہے جیسا کہ اکثر اپنے یہاں

چین میں ہوتا ہے۔ ہمارے پاس یہ ہوتا ہے کہ خود بادشاہ چین پبلک کو مختلف مسائل سے آگاہ کرتا ہے۔ اور اُن کو سیدھے راستہ پر گامزن کرتا ہے۔ لیکن یہاں اُس کے برخلاف پبلک خود بادشاہ کو متنبہ کرتی ہے۔ اور ہر چیز آزادی سے سوجھا رہتی ہے۔ اس سے تم اس کا اندازہ مت کرو کہ جو خبر بھی اخبار میں چھپتی ہے وہ بالکل مصدقہ ہوتی ہو۔ یا اُن کے اڈیٹرو کو واقعات حاضر پر کافی عبور ہوتا ہو۔ بلکہ زیادہ تر ان اخباروں کے اڈیٹروں کے معلومات چاء خانوں کی گپیں اور وہاں کی ہفوات ہوتی ہیں۔ اب یہ خبریں پھیلتی کس طرح ہیں۔ اُس کا راز بھی سُن لیجئے۔

چائے خانوں میں اکثر ہارے ہوئے جواری جمع ہوتے ہیں۔ اور شریر شوخ طبع نوجوانوں سے وہ کچھ گپیں سُن لیتے ہیں۔ اور یہ نوجوان کسی امیر و کبیر کے بٹلر سے کچھ سُن پاتے ہیں۔ اور یہ بٹلر اپنے اپنے آقاؤں سے کسی خوش گپی کی محفل میں سنکر سب ذہن نشین کر لیتے ہیں۔ اور ان تمام کی اصلی جڑ یہ ہوتی ہے کہ وہ دولتمند لوگ کھانے کی میز پر یا سگریٹ نوشی کے کمرے میں اپنی تفریح طبع کی خاطر کسی خبر پر رنگ چڑھا لیتے ہیں اور ہنس ہنس کر ایک دوسرے سے کہتے ہیں۔

عموماً انگریز عزت و عظمت کے بہت زیادہ شائق ہوتے ہیں۔ اور آپس کی عشق و محبت کی داستان کو سُننا اور اُس سے دلچسپی لینا وہ بہت زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اُن کی اس قسم کی خوش گپیاں بھی ایک سادہ لوح آدمی کے لئے مُعمّہ سے کم نہیں ہوتیں۔ اور یہ اکثر دیکھا گیا ہے ایک

بے وقوف کی باتیں تمام محفل کے لئے باعث مسرت ہوتی ہیں۔ اور اکثر تم "چینی" بھی ایسی ایسی باتوں پر محظوظ ہوتے ہوگے۔ یہ ظاہر ہے کہ یہ خوشی دائمی مسرت بخش نہیں ہوتی۔

انگریز جو کچھ چاہتے ہیں ایک مسرت آمیز گفتگو کے خواہاں ہوتے ہیں اور اس قسم کی مسرت بخش خبروں کو وہ سنجیدگی کا جامہ پہنانا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ تم یہ سُن کر مجھ پر ہنسوگے کہ میں خواہ مخواہ انگریزوں کی تعریف کر رہا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بیکین میں اکثر انگلش مشن کے لوگوں سے تم سے راہ و رسم ہوگی۔ اور اُن کی گفتگو سننے کا اتفاق ہوا ہوگا۔ حالانکہ اُن لوگوں میں رشتۂ اتحاد خصوصاً تم سے ایک تاجر اور ایک بحری مسافر سے زیادہ نہ ہوتا ہوگا یعنی اُن کے عادات و اطوار بہت کچھ متعجب کرنے والے ہوتے ہونگے۔ لیکن ان تمام باتوں کے باوجود پھر بھی میں یہ کہونگا کہ انگریزوں کی متانت اُن کی تنجید گی اُن کی ہمسایہ قوموں سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے۔ اور اس فن میں سب سے بڑا گرو اُن کی کوشش و مشقت ہے۔ وہ بھی اُس صورت میں جبکہ وہ خود دوسروں کی لطف و مہربانی نہیں چاہتے ہیں۔ دوسرے ممالک کے لوگ ایک اجنبی مسافر سے بھی مہربانی کے خواستگار نظر آتے ہیں۔ اور یہ چاہتے ہیں کہ وہ ہماری استدعا کے مفہوم کو سمجھ لیں۔ مگر برخلاف اس کے جب انگریز کسی سے مہربانی و سلوک کرتے ہیں تو وہ اس طرح سے بے غرض اور بے پروائی ظاہر کرتے ہیں کہ اُن کے سلوک کا پتہ کسی اور کو نہ چلے۔

اور لوگ بھی سمجھیں کہ وہ سائل سے نفرت کرتے ہیں۔ حالانکہ فی نفسہ وہ مدد دینے پر تلے ہوتے ہیں۔ ابھی چند ہی دن کا ذکر ہے۔ ایک دن میں ایک انگریز اور ایک فرانسیسی کے ساتھ شہر کے باہر مضافات میں تفریح کی غرض سے ان لوگوں کے ہمراہ گیا۔ راستہ میں ہم لوگوں پر شدید بارش کا حملہ ہوا۔ اتفاق سے میں یہاں کے موسم سے واقف نہ تھا اور میرے پاس کسی قسم کا کوئی گرم کوٹ بھی نہ تھا۔ لیکن ان دونوں کے پاس سردی کے بچاؤ کا کافی سامان تھا۔ میرے دونوں دوست اس بادو باراں کے طوفان سے مقابلہ کرنے کے لئے تیار تھے۔ اور میں انجام سے بے خبر تھا۔

جب میرے انگریز دوست نے مجھ کو کانپتے اور میرے دانت سے دانت بجتے ہوئے دیکھا۔ تو وہ کہنے لگا۔ "ہاں" خوب تم کانپ رہے ہو۔ اجی لو۔ یہ گرم کوٹ کیوں نہیں پہن لیتے۔ میں نے کہا جناب آپ کی اس مہربانی کا شکریہ۔ مجھے یہ کوٹ نہیں آئیگا۔ معاف کیجئے۔ لیکن جناب اس کوٹ کے بغیر مجھے کوئی تکلیف نہیں ہے۔

اس کے بعد فرانسیسی اپنی مہربانی کو یوں ظاہر کرنے لگا۔ کہنے لگا میرے عزیز دوست کیا آپ اس کوٹ کو پہنکر مجھے ممنون و مشکور فرمائینگے۔ یہ آپ دیکھتے ہیں کہ اس سے مجھے بارش و طوفان کی زد سے کس قدر مدد مل رہی ہے۔ میں خود اس کو اپنی جان سے جدا کرنے کا عادی نہیں ہوں اور نہ دوسروں کو بھی کسی حالت میں دیتا ہوں۔ لیکن آپ جیسے مہربان

اور خوش اخلاق دوست کے لئے میں اپنے جسم کا پوست بھی جُدا کرنے کیلئے تیار ہوں۔ صرف اس لئے کہ اگر وہ اُس کے کام آسکے۔

پس ایسے موقعوں کو دیکھ کر میرے دوست تم ہوم میں سمجھتا ہوں تم اپنی عقل سلیم سے کام لوگے اور ان واقعات سے اچھے نتائج اخذ کروگے ایسی کتاب جس میں فطرت کی نیرنگیاں ہوں اور اُن سے کچھ سبق حاصل ہو رہا ہو۔ صحیح معنوں میں وہ معلومات کا گنجینہ کہلائی جاسکتی ہے۔ اس طرح سے وہ شخص عقلمند کہلا سکتا ہے۔ جو سب سے بہتر اور مفید انتخاب ہر شئے میں کرسکے۔ جس سے اس کو فائدہ حاصل ہو۔

——— اچھا خدا حافظ ———

تیسرا خط

ویسٹ منیسٹر ابی کی سیر

"لیون چی اٹینگی" فم ہوم کو ایک خط لکھتا ہے۔ جو کہ سرہنیل اکیڈمی واقع چین کا پہلا پریذیڈنٹ تھا"

میں ویسٹ مینسٹر ابی (ویسٹ مینسٹر کا گرجا) کی سیر سے واپس ہوا تھا۔ آنے کے بعد میرے دل میں خیال پیدا ہوا۔ کہ یہی وہ مقام ہے۔ جہاں بڑے بڑے فلاسفر۔ نوجوان بہادر۔ اور انگلستان کے مشہور و معروف بادشاہ دفن ہیں۔ اُن کے کتبات دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ دیکھو کیسے کیسے قابل قدر لوگ کس کس مپرسی کے عالم میں پڑے ہیں۔ خیال کیجئے ایک ایسا محل جو بہت پُرانا اور بوسیدہ ہو گیا ہو۔ اور اس میں مذہبی عبادات کی فراوانی کی وجہ سے خود اُس میں قنطوطیت کا اثر آگیا ہو۔ اور بظاہر جس کی کھڑکیاں دُھندلی۔ جس کے ستون ٹوٹے ہوئے۔ جس کی چھت گرد و غبار کی وجہ سے سیاہ ہو گئی ہو۔ یہ امر لائق غور ہے کہ ایسے مقام کو دیکھ کر ایک سیاح پر کس قسم کا اثر ہوگا۔ میں نے بیچ گرجا میں کھڑے رہکر اپنے اطراف نظر ڈالنی شروع کی۔ ہر دیوار کے قریب ایک مجسمہ نصب تھا۔ بعض جگہ پر کتبات اور متعدد مقامات پر تاریخ وفات کندہ تھیں۔

یہ دیکھ کر میں نے کہا۔ اے کاش! یہ انسان۔ یہ فانی انسان یہ گرد و غبار کا ذلیل انسان جو اس وقت مٹی میں مل چکا ہے۔ اپنی کس قدر لاچاری۔ بے بضاعتی۔ اور عاجزی کو ظاہر کر رہا ہے۔ اس وقت گو میں خود اپنی عاجزی کا اعتراف کر رہا ہوں۔ لیکن یہاں پر جتنے اس وقت عقلمند۔ بہادر۔ فلاسفر۔ جمع ہیں سب سے اچھے نتیجے میں اخذ کر سکتا ہوں۔ ان لوگوں نے جو یہاں آرام کر رہے ہیں اپنے نام کو برقرار رکھنے کے لئے کس قدر محنت و مشقت نہ کی ہوگی۔ اور آخر نتیجہ یہی ہوا کہ اُن کو بھی قبر کا کونہ آباد کرنا پڑا۔ جہاں اُن کی خدمت کرنے کے لئے کوئی خدمت گار نہیں ہے۔ ہاں ہیں تو صرف قبر کے کیڑے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے کہ جہاں اُن کی خوشامد کرنے کے لئے کوئی ہوا خواہ نہیں ہے۔ اگر ہے بھی تو صرف اُن کی لحد کا کتبہ۔ جو اُن کی مدح سرائی کر رہا ہے۔ اور اُن کی تعریف میں رطب اللسان ہے۔

میں اس ناپائیداری کے خیالات میں بالکل مستغرق تھا کہ ایک معزز آدمی جو سرتاپا سیاہ لباس میں ملبوس تھا۔ میرے پیچھے پیچھے وہ بھی چلنے لگا۔ وہ میرے لئے اور میں اُس کے لئے بالکل اجنبی تھا۔ میری باتوں میں خواہ مخواہ مخل ہونے لگا۔ اور کہنے لگا جناب اگر آپ مناسب تصور فرمائیں تو میں یہاں کی آپ کو مکمل سیر کراؤں۔ اور ہر شئے پر اپنے معلومات کا کافی اظہار کروں گا۔ اگر کسی کتبہ

کی تحریر جو آپ کے لئے وقت طلب ہو گی۔ میں اس کو سہل ترین بنا کر آپ کے سامنے پیش کرونگا۔ نیز آپ کے تعجبات کو حقائق سے بدل ڈالوں گا۔ میں نے اُس کی اس مہربانی کا شکریہ ادا کیا۔ اور میں نے کہا کہ میں یہاں انگریزوں کی متانت اُن کی سیاست دانی اُن کی عقلمندی۔ اور اُن کے انصاف کو دیکھنے آیا ہوں۔ کہ مرنے والے پر وہ جو اس قدر مہربانی اور اُن کی توقیر کرتے ہیں آیا وہ حق بجانب ہوتی ہے یا نہیں۔ میں نے کہا اگر یہ چیزیں نمائشی اور تصنعات سے ہیں تو اُس کو مناسب طریقے پر ظاہر کر دینا چاہیئے۔ اس لئے کہ وہ لوگ جن کی خوشامد کی جارہی ہے وہ سمجھیں اور بجائے فکر و اندیشہ کے اُن کو فرحت حاصل ہو۔ اور وہ لوگ جو در اصل اس کے اہل ہیں اُن کے لئے یہ چیز مرچشمہ مسرت ثابت ہو گی اور وہ اس سے محظوظ ہوں گے۔

ہر فرض شناس حکومت کا یہ فرض ہونا چاہیئے کہ۔ یہاں جس قسم کے کتبات لگے ہیں اور جن کی تعریفیں ہو رہی ہیں۔ ملک کے ہر نمونہا کو اس قسم کی جائز تعریف و توقیر کا مستحق بنایا جائے۔ اور ہر فرد میں اس قسم کی اہلیت پیدا کی جائے۔ اور ہر طرف ان لوگوں کی تعریف پھیلے۔ اگر مجموعی حیثیت سے دو چار لائق آدمی ملک میں پیدا بھی ہو جائیں تو یہ کوئی قابل تعریف بات نہیں ہو گی۔ کوشش تو اکثریت کی ہونی چاہیئے۔ یہ بھی واضح ہے کہ جو شخص اس لائق ہو گا کہ دنیا اُس کی تعریف کرے۔ وہ یقینی یہیں دفن ہو گا۔ یہاں پر ایسے اخلاقی مظاہرہ

کے علاوہ انسان کو اپنی اصلیت اور حقیقی جذبات کی ترجمانی ہو جاتی ہے۔ مجھسے کہا گیا کہ یہاں کوئی معمولی شخص دفن نہیں ہو سکتا۔ جبتک اُس میں کوئی خاص بات اور کوئی غیر معمولی قابلیت نہ ہو" مرد سیاہ پوش (میان اِن بلاک Man in d look) کو میں نے دیکھا کہ وہ میرے فلسفیانہ سوالات اور تصوفانہ گفتگو سے پریشان ہوا جا رہا ہے۔ اور مجھسے پیچھا چھڑانے کی کوشش میں ہے۔ تب میں نے اپنے سوالات کی بارش اُس پر بند کر دی۔ اور ہم دونوں آہستہ آہستہ ہر کونہ کی طرف دیکھنے کے لئے آگے بڑھے۔ تاکہ ہر کتبے کے مکتوب الیہ کے حالات معلوم کریں۔

میری نظر فطرتاً ایک نہایت خوبصورت کتبے پر پڑی۔ اُس جیسا وہاں گرجے بھر میں نہ تھا۔ میں دریافت حالات کے لئے اُس کے قریب ٹھیر گیا۔ اس پر میرے رہبر (گائیڈ) نے کہا حضور پہلے میں آپ کو بادشاہ کے کونے میں لے چلتا ہوں۔ جہاں بڑے بڑے عظیم الشان والی سلطنت محو خواب ہیں۔ اُس کتبہ پر نہایت خوبصورت بیل بوٹے اور نہایت اچھا نقش و نگار بنا ہوا تھا۔ بس یہی معلوم ہوتا تھا کہ کسی بادشاہ کی خدمت میں ایک حقیر تحفہ نصب کیا گیا ہے۔ جس نے اپنے ڈوبتے ہوئے ملک کو دشمنوں کے بے پناہ حملوں سے چھٹکارا دلایا ہو۔ یا یہ معلوم ہو رہا تھا کہ کسی جانباز وطن کا مزار ہے جس نے اپنی محکوم قوم کو غلامی کے پنجے سے نجات دلائی ہو۔ میرا رہبر میرے ان خیالات پر مسکرانے لگا۔ اور کہنے لگا نہیں صاحب

یہ بات نہیں ہے۔ جو شخص اس قدر زبردست خدمت کرے گا۔ کیا اُس کا کتبہ اس قسم کا ہوگا۔ وہ بے مثال کتبہ تو عجوبہ روزگار ہوگا۔ مگر جناب خصوصاً عوام کی خدمت کے لئے اور اُن کے قلوب میں جگہ حاصل کرنے کے لئے بڑی عاجزی نفس کُشی اور انکساری کی ضرورت ہے۔ یہ سُن کر میں نے کہا کیوں دوست تین چار جنگیں فتح کر لینا دس پندرہ گاؤں پر قبضہ جما لینا کیا یہ قابل تشفی خوبیاں نہیں کہلائی جاسکتیں۔ یہ سُنکر "مرد سیاہ پوش" نے کہا کہ آپکا کہنا بجا ہے۔ کہ دس پندرہ قصبات پر قبضہ جما لیا جائے۔ یا متعدد جنگوں میں شریک رہکر اُن کو فتح کر لیا جائے۔ یہ یقینی خدمت ضرور ہیں۔ مگر اس کو سُن کر آپ بہت متعجب ہوں گے کہ ایک کتبہ یہاں ایسا بھی شاندار لگا ہے۔ جس کے مالک نے نہ تو جنگیں فتح کیں ہیں اور نہ کسی مقبوضات پر قبضہ جمایا ہے۔ جو جنگ میں حصہ لینا یا مقبوضات پر قبضہ کرنا تو درکنار اُس نے کبھی جنگ دیکھی بھی نہیں ہے۔ تب میں نے کہا شاید ایسا کتبہ کسی شاعر شیریں مقال کا ہوگا۔ جس نے اس قدر لافانی شہرت حاصل کی ہو۔ میرے رہبر نے کہا۔ نہیں جناب یہ بات نہیں ہے۔ بلکہ وہ شخص جو یہاں مدفون ہے۔ شاعر ہونا تو بڑی چیز ہے۔ اُسے الفاظ بھی موزوں کرنے نہیں آتے۔ خوش طبعی اور مذاق دلگی۔ میں وہ دوسروں پر حسد کرتا ہے۔ اس لئے کہ اُس میں یہ چیزیں موجود نہیں ہیں۔ اس پر میں نے اپنی لاعلمی اور بے وقوفی کا اظہار کرتے ہوئے کہا جناب آپ ہی بتلائیے وہ کون ہے اور اس کا کیا نام و نشان ہے۔ اور اُس نے ایسی شہرت

کیسے حاصل کرلی۔ اور وہ کیسے ممتاز ہوگیا۔
ممتاز۔ بے شک ممتاز۔ جناب وہ تو ایسا ممتاز ہوگیا کہ اس گرجا میں اس کو جگہ دیدگئی۔ وہ بھی کسی غیر معروف گرجے میں نہیں بلکہ دنیا کا عظیم الشان گرجا "ویسٹ مینیسٹر ابی" میں۔ پھر میں نے پوچھا۔ وللہ بڑے حیرت کا مقام ہے۔ قسم ہے اپنے آباواجداد کی کہ وہ یہاں آ کیسے گیا۔ کہیں اس نے ایسا تو نہیں کیا کہ متولی گرجا کو خوب رشوت چکھادی ہو اور اس عیاری سے جگہ حاصل کرلی۔ اگر بالفرض اس نے ایسا کیا بھی ہے تو کیا اس کو ایسے ذی وقعت صاحب علم۔ اور علمائ و فصحا کی صحبت میں رہتے ہوے۔ شرم نہیں آتی۔ جبکہ وہ خود نراگاودی ہے۔
دوسرے یہ کہ معمولی قابلیت کی شہرت یہاں شہرت ہی نہیں کہلاتی۔ "مرد سیاہ پوش" نے کہا جناب میرا تو یہ خیال ہے کہ وہ شخص دولت مند ضرور ہوگا۔ اس کے مصاحبین اور اس کے دوست احباب اس کی دولت کے صبح و شام قصیدے پڑھتے ہونگے جس سے وہ بھی بہت زیادہ اپنے آپ کو رئیس اعظم خیال کرتا ہوگا۔ وہ ان لوگوں کے کہنے میں آگیا۔ اور متولی گرجا پر بھی یہ اثر پڑا کہ وہ بے شک دولتمند شخص ہے۔ اور ایسا سمجھنا خصوصاً متولیوں کے لئے کوئی مشکل نہیں ہے۔ جبکہ وہ لوگ خود اپنے نفس کو اپنے پاکباز اور تقدس ماب ہونے کا دھوکہ دیتے رہے ہیں۔ پس یہی دولت مند شخص نے ان ملازمین گرجا کو اچھی خاصی رقم دی کہ اس کے لئے ایک خوبصورت اور قابل تعریف

کتبہ تیار کردے۔ اور اب جو آپ نقش و نگار سے مزین شاندار کتبہ دیکھ رہے ہیں۔ یہ وہی کتبہ ہے۔

بہرکیف صرف یہی ایک ایسا شخص نہیں ہے جس کو یہاں دفن ہونے کی تمنا ہو۔ بلکہ بعض ایسے یہاں مدفون ہیں۔ جو زندگی میں ذلت اور نفرت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ اور اب وہی لوگ بڑے بڑے لائق عالم فاضل اور قابل ستایش لوگوں کی ہم نشینی کا لطف اُٹھا رہے ہیں۔ چلتے چلتے جب ہم گرجا کے ایک خاص حصہ میں پہونچے تو میرے رہبر نے ایک کونہ کی طرف اشارا کیا۔ اور کہنے لگا وہ دیکھیے وہ شعرا کا کونہ ہے۔ جہاں آپ کو شکسپیر، ملٹن۔ پیر۔ اور ڈرائیڈن کے کتبات نظر آئینگے۔ ڈرائیڈن۔ میں نے کہا اس سے قبل تو کبھی میں نے یہ نام بھی نہیں سُنا۔ ہاں البتہ پوپ کا نام میں نے سُنا ہے۔ اچھا تو کیا وہ یہاں موجود ہے۔ اس پر میرے رہبر نے مُنہ بنا کر کہا اجی جناب اُس کو مرکر تقریباً سو سال ہوتے ہیں۔ مگر پھر بھی لوگ اُسکو نفرت کی نگاہ سے دیکھنے سے بعض نہیں آتے ہیں جس نے اپنی تمام زندگی اصلاح خلق۔ فلاح خلق اور ہمدردی بنی نوع میں گزار دی ہو۔ رہبر نے کہا جی ہاں جناب صرف اسی وجہ سے لوگ اُس سے متنفر ہیں۔ یہاں ایک گروہ تنقید نگاروں کا ہے۔ وہ لوگ صرف پبلک کا مذاق دیکھتے رہتے ہیں۔ اور پھر تعریف سے بھرے ہوئے پرچوں پر پرچے شائع کرتے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو کوئی دوسرا کام نہیں ہوتا۔ یہ لوگ ڈنس اور اسکریبلر کے حامل ہوتے

ہیں۔ جو بمصداق اس کے خفتگان خاک کی تذلیل کی جائے۔ اور موجود ہستیوں پر نکتہ چینیاں اعتراضات اور اُن کی عزت ریزی کیجائے۔

ایک لایق قابل شخص کی لیاقت کو نہ ماننا اور یہ کہنا ہاں یونہی جُزی قابلیت کا مالک ہے۔ اور ہمیں ایسے نرے بیوقوفوں کی تعریف کرنا جو بالکل سادہ لوح ہوں۔ اور ایک ایسے انسان کی ہتک کرنا جو مجسم ستودہ صفات ہو۔ اور وہ بھی اس قابلیت کا کہ اُس کی تحریروں کو رو بھی نہیں کر سکتے۔ یہ وطیرہ ان لوگوں کا ہوتا ہے۔ اور اس قسم کا جتنا لٹریچر ہوتا ہے۔ سستے داموں ایک لالچی کتب فروش کے ہاتھ بیچ دیا جاتا ہے جس کی غرض و غایت صرف جلب زر ہوتی ہے۔ بسا اوقات اسی قسم کے کتب فروش خود ایسے کام انجام دے لیتے ہیں۔ جو اُن کی لیاقت سے بہت بلند ہوتے ہیں۔ یہ مانی ہوئی بات ہے کہ ہر شاعر اور اہل قلم کے کچھ نہ کچھ دشمن ضرور ہوتے ہیں۔ وہ یہ جانتے ہیں کہ یہ حاسد اُن کی مذمت کر رہے۔ اور مقصود یہ ہوتا ہے کہ کس طرح سے بھی اُن کو ذہنی تکالیف میں مبتلا کر دیا جائے۔ اور صرف اپنی جھوٹی شہرت کی خاطر ان لوگوں کو غمگین اور خبط الحواس بنا دیتے ہیں۔ اس پر میں نے کہا کیا ہر شاعر کے ساتھ یہی ہوتا ہے۔ رہبر نے زور سے کہا جی ہاں ہر متنفس کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔ ہاں اگر وہ خوش قسمتی سے یعنی امیر ہو تو شاید اُس کو ایسا پیش نہ آئے۔ اور یہ واقعہ ہے کہ وہ اپنی دولت کے زور سے ان تنقید نگاروں کا مُنہ بند کر سکتا ہے۔ اور اپنے لیے انہی لوگوں سے

شہرت کا معاملہ کر سکتا ہے۔ بلکہ خرید لے سکتا ہے۔ اور متولی گرجا کو رقم دیکر اپنے لئے شاندار کتبہ بھی خرید سکتا ہے۔ اور یہاں نصب بھی کرا سکتا ہے۔

سنتے سنتے مجھسے رہا نہ گیا۔ میں نے کہا کیا یہاں اعلیٰ مذاق اور ستھری طبیعت کے لوگ نہیں ہیں۔ جیسے کہ ہمارے یہاں چین میں ہوتے ہیں جو اپنی اعلیٰ مذاقی اور بلند خیالی کا ثبوت قابل لوگوں کی سرپرستی سے دیتے ہیں۔ اور نالائق اور نہل نگاروں کو بدنظری سے دیکھتے ہیں۔

سیاہ پوش نے کہا۔ عالی جناب میں قسم کھاتا ہوں۔ یہاں سرپرست ایک دو نہیں بلکہ متعدد ہیں۔ لیکن جناب افسوس اس بات کا ہے کہ یہ تنقید نگار بُری طرح سے ان لوگوں کو چمٹے ہوئے ہیں۔ اور اپنے آپ کو بہترین مصنف باور کراتے ہیں۔ ایسی حالت میں سرپرست پریشان ہو جاتا ہے اور وہ اصلی اور نقلی مصنفین میں تمیز نہیں کر سکتا۔ ایسے ہی شعرا بیچارے دور دور ٹھکرائے جاتے ہیں۔ اور اُن کے دشمن اُن کے حقوق کو پامال کر کے بڑے آدمیوں کے دسترخوان پر پلاؤ اور قلیہ اُڑا رہے ہیں۔

گرجا کہ اس حصہ کو دیکھ کر ہم لوہے کے دروازے کی طرف مڑے جس پر رہبر نے کہا ابھی ہم کو بادشاہوں کے کتبات اور مزارات دیکھنے ہیں۔ بلا کسی اور مزید گفتگو کے میں اپنے رہبر کے ساتھ چلنے لگا۔ اُن بادشاہوں کے احاطہ میں داخل ہو رہا تھا کہ ایک شخص نے مجھ کو دروازے پر روک دیا۔ اور کہنے لگا بلا ٹکس ادا کئے کے آپ اندر نہیں آسکتے۔ اس ٹکس کی طلب پر مجھے تعجب ہوا۔ اور میں نے اُس آدمی سے دریافت

کیا کہ کیا انگلستان کے لوگ ایسی نمائش بھی قائم کرتے ہیں۔ کیا ایسی ذلیل اور حقیر رقم مانگنے سے اُن کی قومی ذلت نہیں ہوتی۔ اور اگر یونہی مفت نمایش رکھی جائے تو اس سے اُن ملک کی شان وشوکت اور آثار قدیمہ کی تعریف نہ ہوگی بلکہ اس قسم کے کمینے اور ذلیل ٹکس کے عاید کرنے سے اُن کی عزت پر حرف نہیں آتا۔ اِس پر دربان نے کہا حضور آپ کے سوالات اور اعتراضات بالکل بجا ہیں۔ کیونکہ میں آپ کی تقریر کو سمجھ نہ سکا۔ اب رہا مطلوبہ تین پنس کا۔ جواب اس کو جناب میں نے خود ایک شخص سے رقم دیکر اُس سے ٹھیکہ حاصل کیا ہے۔ اور اُس شخص نے ایک اور سے کرایہ پر لیا ہے۔ اور اس تیسرے شخص نے ایک اور شخص سے رقم خرچ کرکے ایک اور شخص سے حاصل کی ہے۔ اور بالآخر یہ تیسرا شخص باضابطہ اسٹامپ کے کاغذ پر گرجا کے ملازمین اور متولی سے گنتہ پر لیا ہے۔ اس طرح سے ہم سب ایک دوسرے کے سہارے پر جی رہے ہیں۔ مجھے یہ خیال ہوا کہ باوجود ٹکس ادا کرنے کہ بھی اگر یہاں کوئی خاص چیز نظر نہ آئے۔ تب تو بہت کوفت ہوگی۔ لیکن یہاں کے نوادرات کو دیکھ کر مجھے افسوس ہوا اور خواہ مخواہ میری طبیعت منغض ہوگئی۔

وہاں کوئی خاص شئے نہیں تھی۔ ہاں البتہ چند سیاہ کفن۔ زنگ خوردہ اسلحہ۔ کچھ موہوم سے نشانات اور چند پُرانی لاشیں موم سے لپی ہوئی رکھی تھیں۔ مجھے اُس کا ٹکس ادا کرکے بہت افسوس ہوا۔ لیکن اس سے بھی اطمینان ہوگیا کہ دوبارہ پھر مجھے کچھ دینا نہیں ہے۔ اس اثنار

میں۔ میری نظر ایک شخص پر پڑی جو میرے ساتھ ساتھ تھا۔ اور بلا کسی شرم وغیرت کے خوب خوب جھوٹ تراش سکتا تھا۔ اُسی نے کہا کہ افسوس ایک نوجوان لڑکی کی اُنگلی چھد جانیکی وجہ سے اُس کی موت واقع ہوئی۔ ایک بادشاہ کے متعلق کہا کہ اُس کا سر سونے کا تھا۔ اسی قبیل کی اور بہت سی مہملات بکتا رہا۔ پھر اُسی نے کہا اے معزز مہمانو یہ دیکھو یہ شاہ بلوط کی کرسی جو آپ لوگوں کے سامنے رکھی ہوئی ہے۔ اس کے متعلق بھی ایک عجیب وغریب قصہ مشہور ہے۔ یہ وہی کرسی ہے۔ جس پر تمام انگلستان کے بادشاہ بیٹھ کر تاج حکومت پہنتے ہیں۔ وہیں پر اُس کے قریب ہی ایک پتھر رکھا ہوا تھا جو۔ جو جیکب کا تکیہ کہلاتا تھا مگر میرے نزدیک نہ تو کوئی خاص بات اُس کرسی میں تھی اور نہ اُس پتھر میں۔ ہاں قابل قدر اُس وقت ہوگا جبکہ جیکب نے اپنا سر اُس پر رکھا ہو۔ اور کرسی اس وقت لائق عزت ہوگی۔ جبکہ بادشاہ بیٹھتے ہوں۔ اُس وقت کے مناظر ممکن ہے کہ قابل اثر ہوں۔ لیکن اِس وقت تو معاملہ برعکس ہے اور کوئی دلچسپ چیز دیکھنے کہ قابل نہیں ہے۔ یہ تو ایسا ہی ہوا کہ ایک گلی سے میں ایک پتھر اُٹھالوں اور یہ کہوں کہ جب بادشاہ کا جلوس ادھر سے گزر رہا تھا تو اُس کا پیر اُس پر پڑ چکا ہے۔ کیا اس میں بھی کوئی چیز لایق استعجاب ہوگی ہمارا رہبر متعدد تنگ وتاریک راستوں سے لے کر ہم کو گذرا۔ وہ اپنے آپ میں بڑبڑا رہا تھا۔ اور جھوٹ کی تو اُس کے پاس بھرمار تھی۔ اُس کے

پاس ایک لکڑی تھی جس کو وہ ادھر اُدھر گھماتا جاتا تھا۔ اس وقت مجھ کو وہ صحرائے گوبھی کے جادوگر کی یاد تازہ کرا رہا تھا۔ ہم لوگ بالکل تھک گئے تھے۔ اور مختلف چیزوں کو دیکھ دیکھ کر ہماری طبیعت بھی اُکتا گئی تھی۔ آخر میں وہ کہنے لگا کہ ذرا اِن جنگی زرہ بکتر اور ان ہتھیاروں کو دیکھئے۔ حالانکہ اُن میں کوئی خاص بات نہیں ہے لیکن جناب یہ اسلح جنرل مانگ کے ہیں۔ اور یہ تعجب کی چیز ہے کہ جنرل جنگی لباس میں رہتا تھا۔ اور حضور اس خود کو دیکھئے یہ ٹوپی جنرل مانگ کی ہے۔ تب میں نے حیرت سے کہا واقعی یہ نئی چیز ہے۔ دیکھو تو جنرل ٹوپی بھی پہنتا تھا۔ میں نے اپنے اس نووارد رہبر سے پوچھا کہ اس ٹوپی کی کیا قیمت ہوگی۔ اس کی جناب۔ لیکن اس ٹوپی کی قیمت مجھے معلوم نہیں۔ براہ کرم معاف کیجئے۔ مگر ہاں اتنی عرض ضرور ہے کہ یہ ٹوپی میری اُجرت کی آخری چیز ہے۔ اس کو دیکھنے کے بعد مجھے توقع ہے کہ آپ میری تکلیف کا خیال کر کے جو عنایت فرمائینگے میں اس کو خوشی سے قبول کر لوں گا۔ تب تو میں نے کہا ٹوپی پر آخری قیمت یہ تو بڑا سستا سودا ہوا۔

رہبر نے کہا حضور کیا میں آپ سے جھگڑا کر رہا ہوں۔ جو کچھ آپ کے من میں آئے دے دیجئے۔ آخر سب ہی لوگ دیتے ہیں ہیں اور آپ سے بھی میں یہی توقع کرتا ہوں۔ اس پر میں نے کہا مسٹر پھر تو میں آپ کو کچھ نہیں دینے کا۔ اس لئے کہ متولی گرجا کو

چاہیئے۔ کہ وہ آپ کو دیتے رہیں اور لوگوں پر اس کا بار نہ ڈالیں۔ یہ واقعہ ہے کہ جب ہم اندر داخل ہوتے ہیں تو ٹکس ادا کر کے آتے ہیں۔ اور جب جانے لگیں تو ہم کو چاہیئے کہ کچھ نہ دیں۔ اُس نے کہا آپ بالکل صحیح فرماتے ہیں۔ لیکن متولی گرجا ہمارا کچھ خیال نہیں کرتے۔ اور ہم کو کچھ نہیں دیتے۔ یہ سُن کر میں نے کہا براہ مہربانی آپ مجھے باہر کا دروازہ بتلا دیں۔ تاکہ میں یہاں سے چلا جاؤں۔ ورنہ انہی خدائی فقیروں میں گھرا ہوں گا۔ گرجا سے نکل کر میں نے سیدھا مکان کا رُخ کیا اور تمام راستہ سوچتا گیا کہ آج کے دن میں نے کیا کیا نئی نئی چیزیں دیکھیں۔ اور کون کون سی قابل نفرت چیزوں سے سابقہ پڑا۔

چینی ناٹک دیکھنے جاتے ہیں

انگریز۔ تماشہ دیکھنے کے مشتاق ہوتے ہیں۔ جیسا کہ چینی اداکاری پر جان دیتے ہیں لیکن اُن کے عادات اور طرز میں بہت بڑا فرق ہوتا ہے۔ اور اُن کو کس طرح سے سنبھالا جائے۔ یہ زرا ٹیڑھی کھیر ہے۔ ہم چینی ہمیشہ اپنے ڈراموں کو کھلی فضا میں اسٹیج کرتے ہیں۔ مگر انگریز ہمیشہ بند مکانوں میں دیکھنے کے عادی ہوتے ہیں۔ ہم چینی ڈراموں کو دن کی روشنی میں کھیلتے۔ اور انگریز رات میں شعلوں کی روشنی میں ادا کرتے ہیں۔ ہمارے اکثر تماشے ایک دو دن نہیں بلکہ ہفتہ ہفتہ بھر مسلسل کامیابی کے ساتھ چلتے رہتے ہیں لیکن انگریزوں کے تماشے زیادہ سے زیادہ چار گھنٹے تک تمثیل ہوتے رہتے ہیں۔ ابھی چند راتوں کا ذکر ہے کہ میرا دوست "مرد سیاہ پوش" جس کی دوستی کا میں نے ٹھیکہ لیا ہے۔ مجھے اپنے ہمراہ ایک تماشہ گاہ میں لے گیا۔ ہم دونوں نے جگہ بالکل اسٹیج کے ایک قدم نیچے حاصل کی۔ چونکہ ابھی پردے کے اُٹھنے میں دیر تھی لہذا میں نے مناسب خیال کیا کہ پیچھے مُڑ کر اور دوسرے ناظرین کے عادات و اخلاق اور اُن کے چال و چلن کا اندازہ لگاؤں۔ اور ایک نئی چیز دیکھنے سے اُن پر کس قسم کا اثر ہوتا

ہے۔ اُس کا بھی اندازہ لگاؤں۔ دولتمند اور امیر لوگ نشستوں کے سب سے نچلے حصے میں بیٹھتے ہیں جس کو کہ "پٹ" کہا جاتا ہے۔ اور غریب تماشائی اپنی غربت کے لحاظ سے اُن سے درجہ وار اُوپر بیٹھ کر تماشہ دیکھتے ہیں۔ یہاں پر نشستوں کا انتظام بالکل اُلٹا ہوتا ہے۔ تمام دن بھر کے تھکے اور خستہ حال مزدور سب سے اُوپر بیٹھکر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ پورے کھیل کا صحیح معنوں میں یہی طبقہ روح رواں ہوتا ہے۔ یہی وہ لوگ ہوتے ہیں جو گانوں کی زور زور سے فرمائش کرتے ہیں۔ اور ہر قسم کا شور و غوغا۔ گالیاں۔ فقرے۔ چیخ و پکار۔ یہ سب انہی کا حق ہوتا ہے۔ اُن کی فلک شگاف آوازیں اُن کی مفلسی کی ساتھی اور ایک حد تک نقیب ہوتی ہیں۔ جن سے وہ اپنے جوش و خروش کا اظہار کرتے ہیں۔

اوسط درجہ کا طبقہ اس قدر زور و شور نہیں بتلاتا جیسا کہ یہ مزدور پیشہ طبقہ کرتا ہے۔ اور نہ اُن میں اتنا ضبط اور استقلال ہوتا ہے جتنا کہ اس غریب جماعت میں اُن کے چہروں پر نظر کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ مجھ جیسے یہ بھی اجنبی ہیں۔ اور اکثر یہ لوگ کھیل کے دوران میں سنگترے کھانے۔ کھیل کا مختصر خلاصہ پڑھنے۔ اور آپس میں اشارہ بازی کرنے میں منہمک رہتے ہیں۔ وہ لوگ جو سب سے نیچے اور آخری حصے میں بیٹھتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو شاعر۔ ڈرامہ نویس۔ اور اداکاروں کا نقاد سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ زیادہ تر تماشہ دیکھنے کے لئے نہیں بلکہ تماشہ دکھانے

کے لئے آتے ہیں۔ اس کے قطع نظر۔ یہ لوگ اس بات کے متمنی ہوتے ہیں کہ دوسرے لوگ ان کی قابلیت اور لیاقت کا اعتراف کریں اور اسی انداز سے وہ مجمع پر نظر ڈالتے ہیں۔ میرے ساتھی نے کہا در اصل واقعہ یہ ہے کہ سو میں سے ایک بھی اصول تنقید سے واقف نہیں ہوتا۔ مگر اس کے باوجود۔ یہ لوگ اپنے آپ کو بہت بڑا لائق نقاد اور مُتبحر فن خیال کرتے ہیں۔ ان کی اس جرأت کی وجہ سے کسی شخص کو یہ ہمت نہیں ہوتی کہ اُن کی روباہ بازیوں کا پول کھول دے۔ اور اسی ڈھیل کی وجہ سے سب کے سب اپنے آپکو نقاد سمجھنے لگے ہیں۔ صرف اسی حد تک نہیں بلکہ خانہ داری کے ہر مسئلہ میں وہ بلا تکلف اظہار خیال کرتے ہیں اور اپنے آپ کو ماہر فن خیال کرتے ہیں۔ جو لوگ "باکس" میں بیٹھتے ہیں۔ اُن کی حالت واقعی میں قابل افسوس ہوتی ہے۔ عموماً ناظرین تماشہ دیکھنے کے لئے آتے ہیں۔ مگر یہ لوگ خود اپنا تماشہ دکھانے کے لئے آتے ہیں۔ ایسی حالت میں۔ میں ان لوگوں کو "تماشہ گننگ" "ڈڈ سب شو" کا اداکار سمجھتا ہوں۔ ان کی خصوصیات بھی عجیب ہیں۔ جب کبھی اسٹیج پر کوئی خاص دلچسپ اداکاری پیش کی جائے گی یا کوئی لطیف مذاق ہو رہا ہو۔ تو یہ لوگ اظہار پسندیدگی میں نہ تو خفیف سا سر ہی ہلائینگے اور نہ تو کوئی کلمۂ تعریف ہی اُن کی زبان سے نکلیگا۔ صرف یہی نہیں جب کبھی کوئی سولی پر لٹکانے کا یا کسی کو قتل کرنے کا منظر دیکھیں گے تو اُس کے لئے کوئی اظہار افسوس نہ ہوگا۔

اور نہ کوئی مسکراہٹ ہی پیدا کی جائیگی۔

معزز اشخاص اور نازک اندام لیڈیاں اپنی اپنی عینکوں سے تماشہ دیکھا کرتی ہیں۔ میری اس دریافت پر میرے ساتھی نے کہا۔ دوست یہاں جتنی لیڈیاں اور جتنے جنٹلمن بیٹھے ہیں۔ اور جن کے عینکیں چڑھی ہوئی ہیں۔ یہ تمام اچھے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی اندھا نہیں ہے ہاں البتہ فیشن کے خاطر یہ لوگ ضرور عینک لگائے ہوئے ہیں۔ یہاں ہر شخص ایک دوسرے کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اور ہر ایک یہی چاہتا ہے کہ ایک دوسرے پر فتح حاصل کرلے۔ اسٹیج کی روشنی تھیٹر کی موسیقی۔ نوجوان لیڈیوں کے لباس۔ خوش رو نوجوان سب کے سب یہی چاہتے ہیں کہ کوئی ہمیں گھورتا رہے۔ اور ہر شخص ہمارے حسن و زیبائش کی ستایش کرتا رہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یہ لوگ اپنے دل کو انسانی شیخی اور اُس کی ناپائیدار مسرت میں بالکل محو کر دیتے ہیں۔

آخر کار تماشہ کا وقت آگیا۔ پردہ اُٹھا۔ اور اسٹیج پر اداکار نظر آنے لگے۔ ایک عورت جو ملکہ کا پارٹ ادا کر رہی تھی۔ اُس نے آتے ہی سب کے سامنے اپنی گردن جھکادی۔ اور اپنی اطاعت و وفاکیشی کا اُس نے کافی ثبوت دیا۔ ناظرین اُس کی اس بے محل ادا پر بہت خوش ہوئے۔ اور خوب تالیاں بجائی گئیں۔ انگلستان میں کسی ادا یا اداکار پر تالیاں بجانا اظہار پسندیدگی خیال کیا جاتا ہے۔ بظاہر اگرچہ کہ یہ بدتمیزی ہے۔ لیکن تم کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہر ملک کے رسم و رواج

جُداگانہ ہوتے ہیں۔ اور ہر ملک کی کچھ خصوصیات بھی ہوتی ہیں۔ یہ دیکھکر مجھے حیرت ہوئی کہ وہ اداکارہ جو اسٹیج پر اپنے آپ کو ملکہ تصور کر رہی تھی۔ اُس سے ایسی قابل اعتراض حرکت کا سرزد ہونا قطعاً ناقابل معافی ہے۔ پبلک میں اور اُس ایکٹرس میں تعارف ہو جانے کے بعد مکالمہ ایک نوجوان کے ساتھ شروع ہوا جو اس ملکہ کا رازدار تھا۔ دونوں نے اپنی حالت نہایت رنجیدہ بنائی تھی۔ ظاہر یہ کیا جا رہا تھا کہ پندرہ سال کا عرصہ ہوتا ہے۔ جب کہ ملکہ نے اپنا ایک لڑکا کہیں کھو دیا تھا۔ مگر اُس کے فراق میں وہ اب تک نالاں ہے اور یہ اظہار غم اُسی کا نتیجہ ہے۔ وہ نوجوان رازدار جو اُس کا شریک غم تھا۔ وہ بھی نہایت زور زور سے رو رہا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ صبر کی بھی تلقین ہو رہی تھی لیکن وہاں صبر کا کوئی اثر نہ تھا۔ اور ملکہ اِن کلمات کو باد ہوائی سمجھ رہی تھی۔ اس اثنار میں اُس کا شوہر آتا ہے۔ وہ ملکہ کی اس رنج وغم کی حالت دیکھ کر بہت متاسف ہوتا ہے۔ اور اُس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔ بظاہر وہ بہت مغموم نظر آ رہا تھا۔ آخر کار تین سین تک رونے چلانے کے بعد پہلے ڈراپ کے لئے پردہ گرا دیا گیا۔ میں نے اپنے ساتھی سے کہا کہ حقیقت میں یہ بادشاہ اور ملکہ دونوں بڑے بدقسمت واقع ہوئے ہیں۔ میں نے کہا کہ میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ہم جیسے منکسر المزاج لوگوں کا ایسی اداکاری میں حصہ لینا جس کو کہ وہ عمومی فہم سے بالاتر اور آزاد سمجھتے ہیں۔ خصوصاً

ہم جیسوں کے لئے یہ مشکل کام ہے۔

ابھی میں اسی خیال میں الجھا ہوا تھا کہ پھر پردہ اُٹھا۔ اس مرتبہ بادشاہ نہایت غصہ میں اسٹیج پر دکھائی دیا۔ اُس کی ملکہ بھی وہاں موجود تھی۔ جس سے یہ ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ بادشاہ کے حکم کو ٹھکرا رہی ہے۔ اور اُس کی تلقین کو قبول نہیں کر رہی ہے۔ اور شاہی ہمدردی و محبت کو نظر انداز کر رہی ہے۔ نیز بادشاہ کے بھی انداز سے یہ پتہ چل رہا تھا کہ اُس نے بھی ارادہ کر لیا ہے کہ ملکہ کو ذلت کی نظر سے دیکھے گا۔ بادشاہ کے غصہ میں آنے کے بعد دوسرے ایکٹ میں ملکہ کو غصہ میں بپھرتا ہوا بتلایا گیا۔ اُس کے بعد پردہ کرا دیا گیا۔

اب میرے ساتھی نے کہا کہ یہ دیکھ کر آپ کو یقین ہو گیا ہوگا کہ بادشاہ بڑا جوانمرد اور مستقل مزاج انسان ہے۔ ساتھ ہی ساتھ وہ حساس طبیعت کا بھی مالک ہے کہ بہت جلد متاثر ہو جاتا ہے۔ اگر کسی وقت ملکہ کی طرح کوئی غمگین انسان اس کے اس رنج و غم کی خاطر خواہ ہم نوائی کرے اور ملکہ کو اُس کی حالت پر چھوڑ دے۔ تب اُس کے خیالات اور اس کے جذبات کا صحیح اندازہ ہو سکتا ہے۔ بادشاہ کی طبیعت ملکہ سے بالکل متضاد ہے وہ موت کے نام سے کانپنے لگتا ہے۔ لیکن موجودہ سوسائٹی میں اور خصوصاً نوجوان طبقہ میں موت کا تخیل ایک تصویر خیالی سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔ کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ ایک دوسرے پر جان فدا کرتے نظر آتے ہیں۔ اور پھر

ایسا بھی منظر دکھائی دیتا ہے کہ سینہ میں خنجر بھی بھونکے ہوئے ہیں۔ خنجروں کا سینہ میں اُتارنا اور مُنہ سے مُنہ ملا کر محبت کے بوسے لینا۔ یہاں دونوں یکساں قیمت رکھتے ہیں۔ یہ تمام باتیں سُن کر میں اپنے ساتھی کے اعتراضات کی من وعن تائید کرنا چاہتا تھا کہ میری توجہ ایک نئی چیز کی طرف منعطف ہو گئی۔ یعنی یہ کہ ایک شخص ایک گھاس کے تنکے کو ناک کی نوک پر رکھ کر خود ادھر اُدھر گھوم رہا تھا۔ اور اپنے "بیلنس" کا اچھا مظاہرہ کر رہا تھا۔

حاضرین نے اس کے اس کمال پر بیحد تعریف کی اور خوب تالیاں بجائی گئیں۔ میں نے پوچھا آخر یہ ظریف اسٹیج پر کیسے آیا۔ کیا ڈرامہ میں اس کردار کا بھی حصہ ہے۔ نالائق۔ پاجی۔ بیہودہ۔ کہیں کا۔ یہ دیکھ کر میرے ساتھی نے کہا۔ حضور آپ اس کو لغو۔ فضول اور غیر مہذب خیال کر رہے ہیں۔ حالانکہ تماشہ بھر میں اس سے زیادہ اور کوئی اہم کردار نہیں ہے۔ ناظرین یا سامعین کسی ادا یا کسی گانے سے اس قدر محظوظ نہیں ہوتے جتنا اس کے تنکے کو رکھ کر ناچنے سے مسرور ہوتے ہیں۔ اس چھوٹے سے تنکے میں ایک دنیا پنہاں ہے۔ اُس کی ہر حرکت پر لوگ جان دیتے ہیں۔ اور یہاں ہر وہ شخص جس میں اس قسم کی ذکاوت۔ عیاری۔ بیہودگی اور چالاکی ہو وہ تو خوب پیسے کما سکتا ہے۔

اس کے بعد تیسرا ایکٹ شروع ہوا۔ ایک اداکار اسٹیج پر آیا اور کہنے لگا معزز حاضرین میں تماشے کا بدمعاش ہوں۔ اور تماشے کے

ختم پر میں آپ صاحبین کو چند نئے کمالات دکھاؤں گا۔ تھوڑی دیر بعد وہ اپنے ساتھ ایک شخص کو اور لیکر آیا جو بدمعاشی اور شرارت میں پہلے شخص سے بھی چار ہاتھ بڑھکر تھا۔ ان دونوں نے اپنی چالاکی۔ بٹے بازی اور چھچھوری حرکات کا کافی مظاہرہ کیا۔ اس پر مجھ سے نہ رہا گیا۔ میں نے اپنے ساتھی سے کہا کیوں جی اگر وہ بدمعاش تھا تو اس کی یہ سخت بے وقوفی تھی کہ بلا کسی کے استمزاج کے وہ ناظرین سے مخاطب ہو کر کہنے لگا کہ حضرات میں تماشہ کا بدمعاش ہوں۔ اس قسم کے مکالمے اور خود سے مخاطبت کی تقریریں کبھی ہمارے یہاں چین میں نہیں ہوتیں۔ اور نہ ان چیزوں کو تماشہ کا ایک جزء اعظم قرار دیا جاتا ہے۔

ابھی ہم دونوں آپس میں یہی کہہ رہے تھے کہ پھر تھیٹر تالیوں کی گونج سے بیدار ہو گیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک لڑکا جو تقریباً چھ سال کا ہو گا اسٹیج پر ناچ کی مشق کر رہا ہے۔ جس سے تمام لیڈیاں۔ مقدس پادری۔ اور نوجوان لڑکے۔ سب ہی خوب محظوظ ہو رہے ہیں۔ اور اچھی داد و تحسین دے رہے ہیں۔ میں نے یہ دیکھ کر کہا افسوس کتنا کمسن لڑکا ہے۔ مگر ابھی سے اس کے جذبات مشتعل کئے جا رہے ہیں۔ اور اس کو بری صحبتوں میں رنگا جا رہا ہے۔ کیا یہاں ناچ کو دہمارے یہاں چین کی طرح بے حیا اور غیر مہذب نہیں خیال کیا جاتا۔ اس پر میرے ساتھی نے کہا جی نہیں یہاں بالکل متضاد خیال ہے۔ یہاں ناچ کود۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ عریاں نوازی۔ یہ سب مہذب فنون

لطیفہ میں شمار کی جاتی ہیں۔ یہاں پر آدمی دماغ سے زیادہ پیروں کی محنت سے کما سکتا ہے۔ وہ شخص جو تین چار مرتبہ اپنے پنجوں پر کھڑے رہکر گھوم سکتا ہے۔ اور قبل اس کے وہ زمین چھوئے۔ اپنے انگوٹھوں کو ویسا ہی برقرار رکھے۔ اس کمال پر وہ سال بھر میں تین سو پونڈ کما سکتا ہے۔ اور جو شخص چار مرتبہ یہی حرکت کر سکتا ہے۔ وہ چار سو۔ اور پانچ مرتبہ کرنے والا پانسو۔ بلکہ اس سے زیادہ بھی اُس کی تنخواہ ہو سکتی ہے۔ بہرکیف کوئی کمال رکھتا ہو۔ صنف نازک میں اُچھلنے۔ کودنے۔ اور تھرکنے والیوں کی بے انتہا قدر و منزلت ہوتی ہے۔ ان پریوں کے لئے اُن کی یہ خوشخرامی کوئی اہمیت نہ رکھتی ہو۔ مگر یہاں کے مرد اُن کی تیزی اُن کی کبک رفتاری۔ اُن کی اداؤں پر اپنی جان تک قربان کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ اور یہاں وہ ناچنے والی سب سے زیادہ تعریف کی مستحق قرار دی جاتی ہے۔ جو سب سے اونچا اُچک سکے۔ اچھا یہ سب چھوڑو۔ دیکھو وہ چوتھا ایکٹ شروع ہو رہا ہے۔ ہم کو اُس طرف متوجہ ہو جانا چاہیئے۔

اس چوتھے ایکٹ میں یہ بتلایا گیا تھا کہ ملکہ کا وہ گم شدہ لڑکا جو ایک مدت سے غائب تھا وہ مل گیا ہے۔ اب وہ لڑکا نوجوان۔ خوبصورت۔ وجیہہ۔ اور کئی صفات کا مالک ہو چکا تھا۔ ملکہ کا یہ خیال تھا کہ اب عقلمندی اس میں ہے۔ کہ حکومت کا تاج و تخت اپنے لڑکے کے سپرد کر دیا جائے۔ اور حقیقت بھی یہ تھی کہ شوہر کے سر سے زیادہ

موزوں بیٹے کا سر تھا۔ شوہر کے متعلق اُس کا خیال تھا کہ وہ نرا بے وقوف اور گاؤدی ہے۔ بادشاہ کو ان خیالات کا پتہ چل چکا تھا۔ اور وہ بھی گہری فکر میں تھا۔ بادشاہ کو ملکہ بھی عزیز تھی اور وہ رعایا سے بھی محبت کرتا تھا۔ چنانچہ بادشاہ نے یہ تجویز کی کہ کسی طرح سے اِن دونوں کو حاصل کرنے کے لئے اپنے لڑکے کے وجود کا خاتمہ کر ڈالا جائے۔ تاکہ یہ خدشہ ہی باقی نہ رہے۔ ملکہ کو اُس کی اس شقاوت۔ بربریت۔ وحشت اور اس شیطانیت پر سخت غصہ آیا۔ اور اسی حالت میں وہ بے ہوش ہو گئی۔ جس پر پردہ گرا دیا گیا۔ اور ایکٹ ختم کر دیا گیا۔ میرے ساتھی نے کہا دیکھا آپ نے ڈرامہ نویس کا کمال۔ جب ملکہ کچھ نہ کہہ سکی وہ چپکے سے بے ہوش گرا دی گئی۔ اس وقت اُس کی آنکھیں بند تھیں۔ اور ملازمہ اُس کو سنبھالے ہوئی تھی۔ کیا ایسے سینوں سے پبلک پر خوف کے آثار طاری نہیں ہوتے۔ میں تو کہتا ہوں کہ ہوتے ہیں۔ ہم کو ہی دیکھ لو۔ بال بال خوف سے کھڑا تھا۔ اور آج کل کے مروجہ ڈراموں میں بے ہوشی ایک لازمی اور لابدی شئے قرار دی گئی ہے۔

اس کے بعد پانچواں ایکٹ شروع ہوا۔ یہ ایکٹ پچھلے سینوں سے زیادہ سامان والا معلوم ہو رہا تھا۔ اس میں فوری بدلنے والے سین بھی تھے۔ مختلف قسم کے ساز بج رہے تھے۔ ایک مجمع بے ہنگام کا شور و غوغا۔ عمدہ نفیس قالین بچھے ہوئے تھے۔

چوکیدار ہر طرف دربانی کرتے ہوئے نظر آرہے تھے۔ مختلف قسم کے دیوتا۔ شیاطین۔ بھوت۔ دیو۔ خنجر۔ چوہے مارنے کی دوائیں پرانے کپڑے۔ بہرکیف یہاں سب ہی کچھ بلا بدّر موجود تھا۔ لیکن یہ مجھے یاد نہ رہا کہ بادشاہ ہارڈالا گیا یا ملکہ خود ڈوب مری۔ یا ولیعہد کو زہر دے دیا گیا۔ جب کھیل ختم ہو گیا تو یہ میں نے دیکھا کہ تماشہ کے جملہ اداکار ابھی تک ویسے ہی پژمردہ اور غمگین بنے ہوئے ہیں۔ میں نے کہا حقیقت میں یہ کمال ہے کہ پانچ ایسے ایسے لمبے ایکٹ تک اپنی قنطوطیت کو برقرار رکھنا۔ یہ اُنہی کا کام ہے۔

اس وقت مجھے بڑا غصہ آتا ہے۔ جب کہ میں یہ دیکھتا ہوں کہ کوئی اداکار زیر لب ہی کوئی تقریر کر رہا ہے۔ مجھے اُس سے نفرت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے کہ سوائے چند اشاروں اور مُنہ کھولنے کے مجھے اور کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ دوران تماشہ میں بعض مرتبہ ایسا ہوا کہ میں خواہ مخواہ کے اشارات سے کچھ متوجہ ہو گیا۔ لیکن وہ اس قدر مہمل اور ذلیل تھے کہ مجھے نیند آنے لگی۔ یا تو یہ کہیے کہ اُن کے رنج و غم کی وجہ سے میں خود بھی بے انتہا متاثر ہو گیا تھا کہ مجھے کسی چیز میں لطف نہیں آرہا تھا۔ ڈرامہ نویس یا اداکار میں کوئی ایسی بات ہونی چاہیئے جو پبلک کو اپنی طرف متوجہ کر لے۔ ادنیٰ طبقہ کے لوگ اُن کا نام چمکانے کی فکر میں رہتے ہیں۔ جب کبھی کوئی اداکار کوئی سوز و غم کا پارٹ کرنا چاہتا ہو تو اُس کو اس قدر اصلیت پیدا

کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے کہ تمام حاضرین بھی اپنے آپ کو غمزدہ اور مصیبت زدہ تصور کرنے لگیں۔ اُس کو ناظرین سے تعریف کے نعروں اور تالیوں کی گونج کی پروا نہ کرنی چاہیئے۔ اور یہ سب باتیں اُسی وقت ہوسکتی ہیں۔ جبکہ تماشہ میں بھی دلکشی۔ اور موثر ادائیں موجود ہوں۔

جب تماشہ ختم ہوگیا اور ہال میں سے سب اپنے اپنے گھر جانے کے لئے کھڑے ہوگئے۔ کچھ چلنا بھی شروع ہوگئے۔ کچھ آہستہ آہستہ کھسک رہے تھے۔ ہم دونوں بھی مجمع میں سے ہو کر چلنے لگے اتفاق سے ایک گلی میں سے جانے کا اتفاق ہوا۔ جہاں بہت سی گاڑیاں اور پالکیاں کھڑی ہوئی تھیں۔ اور سب یہی کوشش کر رہی تھیں کہ ہم آگے بڑھ جائیں۔ اس وقت ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ جنگل میں ایک درخت پر سے چڑیاں اُڑ اُڑ کر آگے پیچھے جا رہی ہیں۔ کئی جگہ آگے پیچھے مُڑنے کے بعد آخر کار ہم لوگ اپنے گھر پہونچ گئے۔ اچھا خدا حافظ۔

پانچواں خط

مرد سیاہ پوش کی عادات اور اطوار

اور اُس کے چال و چلن کی ناموافقت کے کچھ واقعات

اگرچہ میں دوستی کا بہت شائق ہوں۔ لیکن ملاقات میری چند ہی سے ہے۔ سیاہ پوش جس کا کہ میں کئی بار تذکرہ کر چکا ہوں۔ حقیقت میں وہ میرا دوست ہے۔ اور یہ میری دلی تمنا ہے کہ وہ میرا دوست بنا رہے۔ میں اُس کی دل سے عزت کرتا ہوں۔ اور وہ اس کا مستحق بھی ہے۔ یہ سچ ہے کہ اُس کے عادات و اطوار بالکل عجوبہ روزگار ہیں۔ اُس کی مثال ایسی ہے کہ ایک ہنسنے والی قوم میں کا ایک ہنسنے ہنسانے والا فرد ہو۔ کبھی تو وہ اس قدر سخاوت پر تُل جاتا ہے کہ کنجوسی بھی اُس سے متاثر ہو جاتی ہے۔ یوں تو بظاہر اُس کی گفتگو ترش اور بے معنی سی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن اُس کا دل محبت سے معمور ہوتا ہے۔ یوں تو عام طور پر لوگ اُس کو آدمیوں سے نفرت کرنے والا سمجھتے ہیں۔ لیکن میں بعض اُس کے ایسے مواقع بھی دیکھا ہوں۔ جبکہ انسانی ہمدردی اور جوش و خروش کی وجہ سے اُس کے رُخساروں پر سُرخی دوڑ آئی تھی۔ اور اُس کی نظروں سے رحم ٹپک رہا تھا۔ لیکن بظاہر وہ نہایت نفرت آمیز

کلمات اپنے مُنہ سے نکال رہا تھا۔ بعض افراد انسانی ہمدردی اور بھائی چارے کو بڑی چیز خیال کرتے ہیں۔ اور چند لوگ ان چیزوں کو اپنی خلقی چیز سمجھ کر اُس پر ناز کرتے ہیں۔ لیکن صرف یہی ایک شخص مجھ کو ایسا نظر آیا جو فطری سخاوت کو یوں چھُپ چھُپ کر کرے کہ دوسروں کو اس بات کا پتہ نہ چل سکے۔ وہ انتہائی کوشش اس بات کی کرتا ہے کہ کسی شخص پر اس کی ہمدردی اور سخاوت ظاہر نہ ہو جائے۔ اور اُس کے برخلاف ایک خوشامدی اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ اُس کی جھوٹی تعریف کو اُس کا ممدوح سن وعن یقین کرلے۔ لیکن اس کو وہ کیا کریگا۔ جبکہ ہر موقع پر اُس کے جذبات اُس کے پوشیدہ ارادوں کی نقاب کشائی کر دیتے ہیں۔ اور اِن سے اُس کے صحیح خط و خال نمایاں ہو جاتے ہیں۔ ابھی چند یوم کا ذکر ہے کہ ہم ایک گاؤں جاتے ہوئے راستہ میں مختلف پہلوؤں پر گفتگو کرتے ہوئے جا رہے تھے۔ تذکرۃً اس کا بھی ذکر آ گیا کہ غریب اور مفلس لوگوں کے لئے انگلستان میں جو انتظام کیا گیا ہے وہ ہر معنی سے قابل داد ہے۔ اس پر اُس نے اپنے تعجب کا اظہار کیا کہ کیوں ہمارے ملکی دولتمند لوگ اس قدر رقم اِن خیرات خانوں پر صرف کر رہے ہیں۔ جبکہ حکومت نے خود اُن کے خورد و نوش کا کافی بندوبست کیا ہے۔ اُس نے کہا کہ ہر ایک خیرات خانہ میں غریبوں کو کھانا کپڑا بستر اور تاپنے کے لئے آگ دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ اور اُن لوگوں کو کس چیز کی ضرورت ہے۔ لیکن پھر بھی میرا خیال ہے کہ وہ لوگ اِن چیزوں پر

ہرگز فارغ نہ ہوتے ہونگے۔ سب سے زیادہ تعجب مجھے مجسٹریٹ مقامی پر آتا ہے کہ وہ ان لوگوں کو چُن چُن کر کارخانوں میں کیوں نہیں بھیج دیتا جو کہ اس طرح سے ملک و قوم اور صنعت و حرفت پر بار معلوم ہو رہے ہیں۔ مجھے یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ لوگ محنت سے جی چراتے ہیں اور جب کبھی ٹھنڈے دل سے اپنی فرسودہ حالت پر نظر ڈالتے ہیں تو اُس کو بہتر بنانے کی تدابیر بھی اختیار نہیں کرتے۔ بلکہ سُستی۔ کاہلی۔ اور مُفلسی پن کو کام میں لاتے ہیں۔ اگر میں کسی شخص کو کھُلے ڈُلے نصیحت کرنے کی جُرأت کروں تو میں صاف طور پر یہ بات اُس کے ذہن نشیں کرا دونگا کہ وہ کبھی چوری، دغابازی۔ عیاری اور بٹہ بازی کو کام میں نہ لائے۔ لیکن یہاں جناب۔ یہ طبقہ کا طبقہ پورا گرہ کٹ اور عیار ہوتا ہے۔ اُن کو تو بجائے آرام و عافیت کے جیل کا مکان زیادہ پسند ہوتا ہے۔

وہ مجھے منع ہی کر رہا تھا کہ خبردار آیندہ سے کبھی ایسی غلطی نہ کرنا۔ اور ان لوگوں کے ساتھ کبھی نرمی اور مہربانی کا برتاؤ نہ کرنا کہ سامنے سے ایک غریب بوڑھا اتا ہوا نظر آیا۔ جس کی گدڑی بھی عجب بہار کی تھی۔ وہ سامنے آتے ہی ہم لوگوں سے رحم و کرم کا طالب ہوا۔ اُس نے کہا حضور میں کوئی بھیک منگا۔ فقیر نہیں ہوں بلکہ ضرورت کے ہاتھوں مجبور ہو کر باہر نکلا ہوں۔ اس لئے کہ گھر میں میری بیوی اور پانچ چھوٹے چھوٹے بچے فاقوں سے مر رہے ہیں۔ اُس کی اس داستاں کو میں نے تو بالکل فرضی اور گھڑی ہوئی خیال کیا۔ لیکن سیاہ پوش پر

اُس کا برعکس اثر ہوا۔ میں نے یہ محسوس کیا کہ اُس کے اس غمگین قصہ سے وہ خود متاثر ہوا ہے۔ اور اس کی تکالیف کو دور کرنے کی فکر میں ہے۔ اس کے قطع نظر میں نے یہ آسانی سے معلوم کر لیا کہ وہ پانچ بھوکے بچوں اور غریب عورت کی جان بچانا چاہتا ہے لیکن چونکہ وہ اس طبقہ کے خلاف تھا۔ اس لئے موقع کا متلاشی ہے کہ نظر بچے تو کچھ اُس کے ساتھ سلوک کر دوں۔ میں نے دیکھا کہ وہ مخالفت اور موافقت کے درمیان پھنسا ہوا ہے۔ چنانچہ میں موقع پر کھسکا گیا۔ جیسے ہی میں وہاں سے ہٹا میں نے دیکھا کہ وہ اُس غریب شخص کے ہاتھ میں چپکے سے ایک چاندی کا سکہ رکھدیا۔ اور زور سے ڈانٹ کر کہنے لگا کہ چلو۔ یہاں سے کیوں نہیں تم لوگ محنت و مزدوری کرتے اور اپنی روٹی خود کماتے ہو۔ اس سے کیا حاصل کہ آنے جانے والوں کو خواہ مخواہ سوالات کی بوچھار سے پریشان کیا جائے۔ چل نکل۔ یہاں سے نامعقول کہیں کا۔

جب اُس کو یہ اطمینان ہو گیا کہ اب کوئی ہمارا پیچھا نہ کرے گا۔ تو اُس نے پھر اُن فقیروں کی مذمت کا مرثیہ شروع کر دیا۔ اُس نے کئی قصے مسلسل حصوں میں کفایت شعاری۔ اور بدمعاشوں کے پہچان لینے کے بیان کئے۔ کہ وہ کس طرح سے عیاروں سے واقف ہو جاتا ہے۔ اُس نے کہا مجھے ان فقیروں کے بہت سے ہتھکنڈے معلوم ہیں۔ اگر اے کاش! میں مجسٹریٹ ہوتا تو یقینی جیل کے دروازے ان لوگوں کے لئے کھول دیتا۔ اُس کے بعد پھر اُس نے وہ قصہ بیان کیا کہ دو شریف

خاتون کس طرح سے ان بدمعاشوں کے ذریعہ سے اُڑ گئیں۔ ابھی وہ تیسرا واقعہ بیان ہی کرنا چاہتا تھا کہ ہمارے سامنے ایک لنگڑا ملاح جس کا ایک پیر لکڑی کا تھا نازل ہوا۔ اور عین ہمارے راستہ پر آکر کھڑا ہو گیا اُس نے اللہ بھلا کرے۔ آپ کے بال بچوں کو سلامت رکھے۔ آپ کو تنومند اور باصحت رکھنے کی دعا کرنے لگا۔ میں نے اُس کی ان صداؤں کا کوئی خیال نہیں کیا۔ لیکن میں نے دیکھا کہ میرا نرم دل دوست اس سے بھی پسیجا جا رہا ہے۔ چنانچہ اُس نے مجھے روک لیا۔ اور وہیں کھڑے کھڑے اُس کی عیاری اور اُس کے جھوٹے سوالات پر تبصرہ کرنا شروع کر دیا۔

اب اُس نے اُس پر ایک گہری نظر ڈالنی شروع کی۔ اور غصہ سے اُس پر سوالات کرنے شروع کر دئے۔ کہ وہ پہلے کس محکمہ میں ملازم تھا۔ اور کیوں وہ اپنی خدمت سے علیٰحدہ کر دیا گیا۔ اب اس وقت وہ کیوں گداگری اختیار کئے ہوا ہے۔ اس دریافت پر ملاح کو بھی غصہ آ گیا۔ اور اُس نے بھی نہایت کرخت لہجے میں کہنا شروع کیا کہ جناب میں ایک خانگی جہاز اور وہ بھی جنگی جہاز کا افسر اعلیٰ تھا۔ اور اس نے ٹانگ اُن لوگوں کے مقابلہ اور اُن کی مدافعت میں کھو دی ہے۔ جو کہ گھر ہی میں بیٹھے ہوئے باتیں بنایا کرتے ہیں۔ یہ سُن کر ہم دونوں دم بخود ہو گئے۔ اور میرے دوست نے تو ارادہ کر لیا کہ اب کوئی سوال نہ کرے گا۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ وہ طریقے بھی دریافت کر رہا تھا کہ اس کو کس طرح سے دفعہ کیا جائے۔ بظاہر کوئی اداکاری خصوصاً اس موقع

کے لئے کارگر ہوتی نظر نہیں آرہی تھی۔ اور میرے سامنے وہ برابر ان لوگوں سے نفرت ظاہر کر رہا تھا۔ اُس نے مناسب یہی خیال کیا کہ کسی طرح سے بھی اس ملاح سے چھٹکارا حاصل کیا جائے۔ ادھر اُدھر دیکھتے ہوئے اُس نے ملاح کی پیٹھ کے اوپر ایک گھڑی کو دیکھا۔ میرے دوست نے کہا۔ کیوں جی تم ان دیاسلائیوں کو کتنے میں بیچو گے۔ لیکن بجائے اس کے کہ اس وقت تک جواب کا انتظار کرتا وہ خود ہی کہنے لگا ہونگی یہی ایک شلنگ قیمت کی ہونگی۔ اُس کی اس طلب پر ملاح کو بڑا تعجب ہوا۔ لیکن فوراً ہی اپنے ہوا اس مجتمع کر کے کہنے لگا سرکار آپ پورے اس بنڈل کو لے سکتے ہیں۔ حضور آپ اس پورے سامان کو میری دعاؤں کے صلہ میں حاصل کر سکتے ہیں۔

میں آپ سے اس وقت کا منظر نہیں بیان کر سکتا۔ جبکہ میرا دوست اس نئے سودے کے خریدنے سے خوش اور فتحمند نظر آرہا تھا۔ اُس نے مجھے یقین دلانا شروع کیا۔ اور اپنا مستقل ارادہ ظاہر کرنے لگا کہ یہ لوگ چور بھی ہوتے ہیں اور ادھر اُدھر سے چیزیں اُڑا کر یونہی اونے پونے فروخت کر دیا کرتے ہیں۔ پھر اس کے بعد اس نے اپنے اس نئے سودے کی تعریف کرنا شروع کی کہ وہ کس طرح سے ان کاڑیوں کو کام میں لائیگا۔ اور اس پر اچھی خاصی تقریر کرنے لگا کہ۔ یہ شمع جلانے میں بہت مفید ثابت ہونگی۔ بجائے اس کے کہ اُن کو چولہے میں جھونکدیا جائے۔ ان کا بہتر استعمال اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ اُس نے

کہا جب میں کبھی بلا وجہ اور بلا کسی جائز طلبگار کے رقم کسی پر خرچ کرتا ہوں تو مجھے ایسے معلوم ہوتا ہے کہ میں نے ایک دانت اپنا کھو دیا۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ کب تک کفایت شعاری اور کارڑیوں کے فوائد کی تعریفیں ہوتی رہیں۔ اور اُس غم زدہ انسان سے ہمدردی کا اظہار ہوتا رہا۔ ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ ایک عورت نہایت بوسیدہ چیتھڑوں میں نظر آئی۔ ایک لڑکا اُس کی گود میں تھا۔ ایک پیٹھ پر لدا تھا۔ وہ گانا گانے کی کوشش کر رہی تھی مگر بوجہ نقاہت اُس کے مُنہ سے آواز نہیں نکل رہی تھی۔ وہ گانا گا رہی تھی لیکن آواز اس قدر رنجیدہ تھی گویا کہ وہ رو رہی ہے۔ ایک ایسی شخصیت جو انتہائی رنجیدہ ہو۔ وہ اپنی بیجا کوشش کی باعث میرے دوست کے لئے مذاق کا کام دے رہی تھی۔ اور وہ حتی الامکان اُس سے کنارہ کش ہونے کی فکر میں تھا۔ اُس کی جلد بازی اُس کی گفتگو اُس موقع پر خوامخواہ اُس کو پریشان کر رہی تھی۔ آخر کار اُس سے نہ رہا گیا۔ اور اُس نے میری موجودگی ہی میں اپنی جیبوں میں ہاتھ ڈال کر ڈھونڈنے لگا۔ تاکہ اس عورت کو آزاد کر دے۔ لیکن اس وقت وہ بہت ہی خجل ہو رہا تھا۔ جب کہ اُس کی جیبوں میں ایک پائی بھی نہیں تھی۔ اور تمام رقم جو کچھ کے اُس کے پاس تھی۔ سب کو وہ بانٹ چکا تھا۔ تکلیف رنج و غم کے آثار اُس عورت کے چہرے سے عیاں تھے۔ لیکن یہاں اس پر بھی نہایت صدمہ طاری تھا۔ اُس لئے کہ اس کے پاس دینے کو کچھ نہیں تھا۔ تھوڑی

دیر تک وہ ادھر اُدھر اُلٹ پلٹ کر کے ڈھونڈتا رہا۔ تھوڑی دیر بعد کچھ سوچ کر اپنے آپ کو غمگین بنا لیا۔ اس لئے کہ اُس کی فطرت نہایت پاکیزہ تھی۔ چونکہ اُس کے پاس پیسے نہیں تھے اس لئے اُس نے ایک شلنگ کی قیمتی دیاسلایاں سب اُس کے ہاتھ میں رکھ دیں۔

چھٹا خط

سیاہ پوش کی سوانح عمری

غیر متوقع طور پر میرے دوست میں کچھ خوبیاں بھی ہیں۔ لہٰذا مجھے اُنہیں نظر انداز نہ کرنی چاہیں۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آئی کہ آخر اُس کا اس سے کیا مطلب ہے کہ نیکیوں کو پوشیدہ رکھا جائے۔ جس کو عموی لوگ بڑھا چڑھا کر کے بیان کرتے ہیں۔ میں سیاہ پوش کی سوانح عمری معلوم کرنے میں ناکامیاب رہا۔ جس کی بنی نوع سے ہمدردی ایک عالمگیر چیز تھی۔ اور جس کے پاس دینے دلانے کے لئے کوئی وجہ اور سبب نہیں تھا۔ میرے تعجب میں اضافہ کرنے کے لئے وہ ہمیشہ نئے نئے قصے انہی لوگوں سے متعلق سُنایا کرتا تھا۔ پھر وہ کہنے لگا۔ اگر آپ میری سوانح عمری معلوم کرنے کا اشتیاق رکھتے ہیں۔ تو آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ مجھے کئی اتفاق ایسے ہوئے ہیں جبکہ میری جان جاتے

ہوئے بال بال بچی ہے۔ تقریباً بیس سال سے میں عسرت کی زندگی گذار رہا ہوں۔ مگر فاقہ کشی کا اتفاق بہت کم ہوا ہے۔

میرا باپ اپنے خاندان کا سب سے چھوٹا لڑکا تھا۔ اور گرجا میں ایک معمولی جگہ پر ملازم تھا۔ اُس کی علمی لیاقت اُس کی قسمت سے کہیں بڑھ چڑھکر تھی۔ اور اُس کی سخاوت اُس کی علمی قابلیت سے بہت زیادہ بلند تھی۔ اس مفلسی اور تہی دامنی پر بھی چھتیڑوں میں اُس کے خوشامدی موجود تھے۔ جو اُس سے زیادہ بدترین حالت میں ہوا کرتے تھے۔ وہ اپنے حتی المقدور اِن لوگوں کو کھلایا پلایا کرتا تھا اور بدلے میں سوائے تعریف کے اور کوئی چیز لینے کا عادی نہ تھا۔ یہی خواہش ایک مطلق العنان شہنشاہ میں بھی ہوتی ہے۔ ایک فوج کے سپہ سالار میں بھی پائی جاتی ہے۔ اور یہاں کھانے کی میز پر میرے باپ میں بھی موجود تھی۔ ایک مرتبہ اُس نے "درخت ایوی" کا قصہ شروع کیا۔ لوگ اُس سے محظوظ ہوئے اور ہنسے۔ پھر اُس نے دو عالموں کی بحث کا مضحکہ اُڑایا۔ اُس سے بھی لوگ خوش ہوئے۔ اس کے بعد ایک "جوڑ برجس" کا قصہ نکالا۔ حاضرین نے خوب داد دی۔ لیکن اِن تمام سے بڑھا ہوا قصہ "ٹافی کی کرسی" والا تھا جس نے اہل مجلس کو بے ساختہ فلک شگاف قہقہوں کے لگانے پر مجبور کیا۔ اسی طرح سے اُس کی طبیعت مذاق پسند واقع ہوئی تھی کہ وہ آہستہ آہستہ بتدریج مزاح میں زیادتی کیا کرتا تھا۔ وہ تمام دنیا سے محبت

کرتا تھا۔ اور اُس کا یہ خیال تھا کہ اہل دنیا مجھ سے بھی محبت کرتے ہیں۔
وہ بڑا ہی بدقسمت انسان تھا۔ اپنے لڑکوں کو تعلیم و تربیت کے لئے کسی قسم کی کوئی رقم چھوڑنے کا یا پس انداز کرنے کا اُس کا مطمح نظر نہیں تھا۔ وہ سونے چاندی سے زیادہ قیمتی تعلیم کو سمجھتا تھا اسی خیال سے وہ ہم لوگوں پر رات دن ہمارے عادات و اخلاق درست کرنے میں ہماری تعلیمی خبر گیری کرنے میں اپنا بہت سا وقت صرف کیا کرتا تھا۔ اکثر ہم سے کہا گیا کہ بنی نوع کے ساتھ ہمدردی یہ اپنا فریضہ سمجھنا۔ اور دوسروں کی احتیاجوں کو پورا کرنے میں ایسی کوشش کرنا۔ جیسا کہ اپنی ضرورتوں کے لئے انسان کیا کرتا ہے۔ ملٹن "جنت گم گشتہ" میں کہتا ہے کہ انسان کا چہرہ قدرت کا آئینہ ہوتا ہے۔ اس لئے انسان سے عزت اور محبت سے پیش آنا ہر انسان کا نصب العین ہونا چاہئے۔ وہ شخص جو رحم و کرم کی بالکل مشین بنگیا ہو۔ اور ہمارے سامنے اُس کا سلوک قابل فہم ہو۔ اُس کو انسانی رنج و غم کے مناظر بتلا کر اُس کو رنجیدہ کر دینا ایسے لوگوں سے کنارہ کشی اُس کا فریضہ ہونا چاہئے۔ اس لئے کہ ہم اُس سے حاصل کرنے جاتے ہیں یا اُس کو غمگین بنانے جاتے ہیں۔ اور جس ضرورت سے ہم جاتے ہیں وہاں ایک پائی کی بھی مطلب براری نہیں ہوتی۔
میں اس خیال کو نظر انداز نہیں کر سکتا کہ باوجود شک و شبہات کے دور کرنے کے بھی کہ وہ فطری چالاکی جس کو قدرت

نے مجھ میں ودیعت کی ہے۔ اُس سے میں بچ نہیں سکتا۔ اس لئے کہ میں ایسی دنیا میں پیدا کیا گیا ہوں۔ جہاں ہر قسم کی چالاکیوں اور عیاریو کا انبار لگا ہوا ہے۔ اور اگر اتنی سی بھی جرات نہ ہوتی تو میری مثال اُن مقابلہ کرنے والوں میں سے ہوتی جو روم کے "ایمفی تھیٹر" میں خوفناک جانوروں اور سانڈوں سے بلا کسی آلہ بچاؤ کے مقابلہ کیا کرتے تھے۔ بہرکیف میرا باپ جس نے صرف دنیا کے ایک ہی رُخ کو بغور دیکھا تھا۔ اُس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ حق کی فتح میں کچھ اُس کا بھی حصہ ہے۔ اگرچہ کہ میرا سرمایہ خرد صرف خود میرے ہی موزوں حال کے عنوانات پر ختم تھا۔ اس لئے کہ موجودہ مصروف دنیا کے۔ یہی عنوانات ہوا کرتے ہیں۔ لیکن اب وہ بالکل بیکار نظر آتے ہیں۔ اس لئے کہ مصروف دنیا کو اب ان چیزوں کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ سب سے پہلا موقع ہے کہ مجھے اپنے ارادوں اور امیدوں میں ناکامیابی کا سامنا کرنا پڑا۔ اور وہی میں تھا۔ جس نے یونیورسٹی میں بھی اپنے آپ کو خوش بخت ثابت نہ کر سکا۔ وہ اپنے آپ میں بعض اوقات نہایت مسرور نظر آتا تھا۔ کہ ایک نہ ایک دن میرا بیٹا بھی ادبی شہرت کا مالک ہوگا۔ لیکن اُس کو یہ دیکھ کر بہت نا اُمیدی ہوئی کہ یہاں اُس کے خیالات کے مطابق کوئی مواد ہی نہیں تھا۔ اور ہم نرے کورے ہی تھے۔ میری ذہنی ترقیوں

کے انحطاط سے دن بدن اُس کی نا اُمیدی بھی بڑھتی گئی۔ صرف یہی نہیں بلکہ مجھ میں ریاضی کے مسئلوں کے ثابت کرنے کی اہلیت ہی نہ تھی اور نہ حافظہ و خیال ہی بلند پایہ کا تھا۔ اور جب کوئی نیا مسئلہ میرے سامنے حل کے لئے آجاتا میں پریشان ہوجاتا۔ اور ادھر اُدھر بغلیں جھانکنے لگتا۔ اس لاپرواہی۔ اس کُند ذہنی۔ اور اس ہٹھس پن سے میرے اساتذہ بھی مجھ سے ناخوش رہتے لیکن پھر اس خیال سے تلطف کا اظہار کرتے کہ مجھ میں کوئی کیا دی کا جوہر نہیں تھا۔ اور سب مجھے سادہ لوح اور بے ضرر انسان خیال کرتے تھے۔

سات سال تک کالج میں تعلیم پانے کے بعد میرے والد کا انتقال ہوگیا۔ اور میرے باپ نے میرے لئے صرف دعاؤں اور آرزوؤں کے اور کوئی اثاثہ نہیں چھوڑا۔ اُس وقت میری حالت اُس بے سہارا کشتی کی طرح تھی۔ جس کے بادبان نہ ہوں۔ فطرۃً میں نیک طبیعت واقع ہوا ہوں لیکن دنیا میں چالاکیوں اور عیاریوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ میرا کوئی رہبر نہیں تھا جو مجھ کو صحیح راستہ پر گامزن کرتا۔ اور نہ میرے پاس کوئی زادِ راہ تھی۔ جو اس قدر طویل اور پُرخطر مفلسی کے راستہ میں کام آتی۔ ایسی حالت میں مجھے مجبور کیا گیا کہ میں اپنی صبر و قناعت اور مفلسی کی بے سہارا کشتی کو بائیس ۲۲ سال تک بلا کسی کے مدد کے کھیتوں۔ اور سمندری ہر قسم کی تکالیف سے مقابلہ کرتا رہوں۔ عملی زندگی میں قدم رکھنے کے لئے اور اس کو مناسب طریقہ

سے چلانے کے لئے میرے دوستوں نے مجھے اپنی بیش قیمت ارا سے آگاہ کرتے رہے۔ لیکن ان دوست نما دشمنوں کی نصیحتوں اور رادں میں بھی بربادی اور دشمنی کا پہلو مخفی ہوتا ہے۔ ان لوگوں نے مجھے یہی رائے دی کہ دیکھو مناسب طریقہ سے خرچ کرو اور ایک اصول کے ساتھ آگے قدم بڑھاؤ۔

میری آزادی پر خود مجھے اختیار نہیں ہے۔ بعض اوقات میرا دل چاہتا ہے کہ میں چھوٹے بالوں کی ٹوپی پہنوں۔ مگر میں مجبور ہوں کہ لمبے بالوں کی ٹوپی استعمال کروں۔ کبھی میرا دل چاہتا ہے کہ میں بھورا لباس پہنوں۔ لیکن میں مجبور کیا جاتا ہوں کہ سیاہ لباس میں ملبوس ہوں۔ اور انہی قیود اور پابندیوں سے میرا دل اُلجھتا ہے اور بالآخر میں اِن تمام کو ٹھکرا دیتا ہوں۔ انگلستان کا ایک مقدس پادری جیبن کے ایک خداترس ناصح کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ صرف زُہد تقوے میں یہی نہیں بلکہ ہر شئے میں وہ سب سے زیادہ کھاتا ہے۔ اور تمام سے زیادہ زندہ رہنے کی ہوس کرتا ہے۔ میں فطرتاً عیش و عشرت۔ غفلت و لاپرواہی۔ آرام و کاہلی کو ایک طفلانہ تخیل سے زیادہ وقعت نہیں دیتا۔ اور اب میرے دوستوں نے سمجھ لیا ہے کہ میں دنیا میں کسی کام کا نہیں ہوں۔ اور پھر بھی وہ اُن لوگوں پر رحم و کرم سے کام لیتے ہیں۔ جس کو دیکھتے ہیں کہ وہ بالکل بے ضرر اور خاموش انسان ہے۔

مفلسی خودداری کے جذبات کو فنا کر دیتی ہے۔ اور میں اس خیال کو ایک امیر وکبیر کے خوشامدی کی طرح منظور کرتا ہوں۔ پہلے پہلے مجھے بڑا تعجب معلوم ہوا کہ ایک خوشامدی کا پوزیشن ایک امیر وکبیر کے دسترخوان پر کیسا ہوتا ہوگا۔ پھر مجھے یہ خیال ہوا کہ یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ ہر طرح سے امیر کی ہمخیالی اپنا نصب العین سمجھ لینا چاہیئے۔ اگر امیر کسی موضوع پر کوئی گفتگو کر رہا ہو تو اُس کو بغور سنتا رہے۔ اور جب وہ ادھر اُدھر داد کی نظروں سے دیکھے تو خوب واہ واہ کیجائے۔ اور یہی تہذیب وشائستگی کے طریقے مانے گئے ہیں جس سے میں بخوبی واقف ہوں۔ تجربہ سے مجھے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ میرا ممدوح امیر وکبیر مجھ سے زیادہ بے وقوف اور گاودی ہے۔ اور میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ اس وقت سے میری خوشامد کا خاتمہ بھی ہوگیا۔ لیکن پھر مجھے اپنے خیالات کے مجتمع کرنے کی فکر ہونے لگی۔ اور یہ ارادہ کر لیا کہ آیندہ سے اس کی اہمال سرائیوں سے اجتناب کروں۔ اس لئے کہ خوشامد ایک فن ہے اور اُس سے لوگوں کو خوش کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ تعریف اور بے جا تعریف اُن اشخاص کی کرنا جن کی خامیوں اور کمزوریوں سے ہم بخوبی واقف ہوتے ہیں۔ اُن کی خوشامد ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ جب کبھی میں نے اُن لوگوں کے لئے اپنے تعریف کے ہونٹھ کھولے۔ ہمیشہ میرے ضمیر نے مجھ پر ملامت کرنا شروع کی۔ اور میں نے بیجا تعریف سے پرہیز کیا۔ ان چیزوں کو میرے مُربّی امیر وکبیر نے خوب محسوس کیا۔ بلآخر اُن لوگوں نے صاف صاف لفظوں میں کہہ دیا کہ

آپ کسی طرح سے بھی نوکری کے قابل نہیں ہیں۔ چنانچہ میں برخاست کر دیا گیا۔ اور میرے محسن بہی خواہ احباب جو ہمیشہ میری مدد پر تلے رہتے ہیں۔ وہ یہ دیکھ کر بہت خوش ہوئے کہ ایسا سادہ سیدھا انسان جس میں ضرر تکلیف دہی کا شروع ہی سے مادہ ہی نہیں ہے یوں اپنی طبیعت کے خلاف کام کرتے کرتے چھوڑ دیا ہے۔ اور یہ واقعہ بھی ہے کہ میں انتہائی سادہ دل۔ اور سادہ لوح واقع ہوا ہوں۔

آرزوں کی ناکامی۔ اور خواہشات کی پامالی سے میں خوش ہوتا ہوں اور اس سے میں محبت بھی کرتا ہوں۔ ایک نوجوان لڑکی جو اپنی چچی کے ساتھ رہتی تھی جس کا نصیبہ خوش آیند اور جس کی مالی حالت قابل اطمینان تھی۔ اس نے اپنی دوستی کی خوش قسمتی مجھ کو بھی عطا کی اس سے میں جس اصول سے ملتا تھا وہ قابل تصور ضرور تھے۔ وہ ہمیشہ اپنی چچی کے عجیب عجیب ملاقاتیوں پر ہنسا کرتی تھی اور میں بھی ہمیشہ اس کی ہنسی میں شریک رہتا تھا۔ اس کا یہ خیال تھا کہ ایک عقلمند عورت ایک نہایت اچھا شوہر تلاش کر سکتی ہے اور ایک سمجھ دار انسان بجائے۔ بے وقوف بننے کے اپنے آپ کو ایک اچھا شوہر ثابت کر سکتا ہے۔ اس کلیہ سے میں اپنے آپ کو بالکل قریب پاتا تھا۔ وہ ہمیشہ میرے ساتھ۔ میرے دوستوں کے ساتھ۔ اور ہر قسم کی ذہنی عمرانی اور جمالی گفتگو میں حصہ لیا کرتی تھی۔ کبھی کبھی وہ مسٹر "شرمپ" کا بھی ذکر کرتی۔ یہ کمبخت میرا رقیب تھا۔ وہ ہمیشہ اس کے حسن و وقار

اور اونچی ایڑی کے جوتہ پر ناز کرتی۔ آہستہ آہستہ ہم دونوں میں رشتہ اتحاد مضبوط ہوتا گیا۔ آخر کار ارادہ کرتے کرتے اور سوچتے سوچتے میں نے اُس بُتِ غارتگرِ عقل و ہوش سے کہہ دیا۔ بیگم۔ دیکھو ذرا ٹھنڈے دل سے میری باتوں پر غور کرو۔ جبکہ وہ پنکھا اپنے ہاتھ میں لئے ہوئے تھی۔ اور اُس پنکھے پر کی تصاویر کو غور سے دیکھ رہی تھی آخر کار میں نے کہا۔ پاشا۔ ہماری تمہاری دونوں کی خوشی میں صرف ایک خطرہ حایل تھا۔ سو وہ اب دفع ہو گیا۔ یعنی "سسٹر شرمپ" کو شادی کر کے تین ماہ کا عرصہ ہوتا ہے۔ اور اب تم اُس کی بیوی بن چکی ہو۔ مجھے محبت میں ناکامی ہوئی لہذا تلقین صبر کے طور پر میرے وہ وعدے وعید جو تمہاری بچی سے چل رہے ہیں۔ شاید اب اُس میں بھی گرمجوشی پیدا ہو جائے۔ اس لئے کہ وہ بڑھیا ہمیشہ مجھے اپنے گھر آنے دیتی ہے۔ اور سمجھتی ہے کہ میں بالکل بے ضرر انسان ہوں۔ اور مجھ میں شمہ برابر بھی ایذا رسانی کا مادہ نہیں ہے۔

اس طریقہ سے میرے ایک دو نہیں بلکہ متعدد دوست ہیں۔ اور میں ہی ایک ایسا ہوں جو سب کا جواب دیتا رہتا ہوں۔ دوستی۔ اے دوستی۔ تو انسانی سینوں کو اپنی محبت سے گرما دیتی ہے۔ اور انسان تجھ سے تسکین حاصل کرتے ہیں۔ صرف تیرے ہی مدد سے ہم بڑے بڑے دشوار کام انجام دے لیتے ہیں۔ اور مشکلوں میں اپنے آپ کو پھنسا دیتے ہیں۔ تو وہی ہے جس سے بدمعاش جعلساز لوگ فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ اور

اور تیری مدد سے اپنے منصوبوں کو پورا کر لیتے ہیں۔ غمگین انسان تجھ ہی سے مرہم خوشی حاصل کرتے ہیں۔ تیرے ہی مدد سے غمگسار اور بے سہارا انسان سہارا پاتے ہیں۔ اور پھر نا اُمیدیوں کا خیال بھی نہیں کرتے۔ سب سے پہلے میں نے ایک درخواست شہر کے ایک مشہور سیٹھ سے کی۔ جو رقم کے لین دین کا کام کیا کرتا تھا۔ اس کو جب یہ معلوم ہوا کہ فی الحقیقت ان کو رقم کی حاجت نہیں ہے تو وہ زبردستی اصرار کرتا تھا کہ رقم قرض لی جائے اور دینے پر بالکل آمادہ تھا۔ ایک دن میں نے کہا میں تمہاری دوستی کی آزمائش کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے اُس وقت چند سو روپیوں کی ضرورت ہے۔ کیا آپ مجھے قرض دے سکتے ہیں۔ اُس نے کہا جناب کیا آپ کو بہت زیادہ رقم کی ضرورت ہے۔ میں نے کہا۔ نہیں جناب بہت زیادہ کی نہیں۔ تب اُس نے کہا دوست مجھے معاف کرنا۔ ہر وہ شخص پہلے پہل جب اُس کو رقم کی ضرورت ہوتی ہے۔ تو وہ قرض لئے لیتا ہے۔ اور پھر جب وہ ادا کرنے کے لئے آتے ہیں تو کوئی نہ کوئی ضرورت ساتھ ہی لے کر آتے ہیں اور پھر اصرار کرتے ہیں کہ اتنا قرض اور دو۔ لہذا یہ لینے دینے کا سلسلہ ہی بیکار اور فضول چیز ہے۔

اس کے اس ترش روئی کے جواب کے بعد میں اپنے اُس دوست کے پاس پہونچا جو مجھے بہت عزیز تھا اور وہ بھی مجھے کافی محبت کرتا تھا۔ اُس سے بھی میں نے یہی درخواست کی۔ اس پر میرے دوست نے

کہا "مسٹر ڈرائی بون" آپ پر مجھے تعجب معلوم ہو رہا ہے۔ کہ اب آپکا ایسا پوزیشن ہو گیا ہے کہ آپ قرض مانگنے کے لئے نکلے ہیں۔ جناب معاف کیجئے۔ لیکن میں محض آپ کی بہتری کے لئے یہ کہتا ہوں۔ کہ آپ کا چال وچلن اس عہدے پر پہونچ کر قابل اطمینان نہیں رہا ہے۔ اور آپکے چند احباب ایسے بھی ہیں جو آپ کو ہمیشہ چالباز۔ دغا باز۔ بٹہ باز۔ اور اور جعلساز خیال کرتے ہیں۔ ہاں تو یہ بتلائیے کہ آپ کو دو سو پونڈ کی ضرورت ہے۔ اچھا تو کیا صرف دو سو پونڈ کی۔ میں نے کہا ہاں "ڈیر" صرف دو سو پونڈ کی۔ لیکن اگر سچ پوچھتے ہو تو مجھے تین سو پونڈ کی حتمی ضرورت ہے۔ لیکن ایک میرا اور دوست ہے۔ اُس سے میں ایک سو پونڈ لے لونگا۔ کیوں۔ کیوں۔ ایسا کیوں۔ میرے دوست نے کہا اگر آپ میری قیمتی رائے لینا چاہتے ہیں۔ اور آپ کو معلوم ہے کہ میں ہمیشہ آپ کے فائدے ہی کی سوجھایا کرتا ہوں۔ آپ کہنا مانیے اور جس قدر رقم کی ضرورت آپ کو لاحق ہو رہی ہے وہ سب کی سب آپ اُسی دوست سے حاصل کر لیجئے۔ اور ان تمام کے لئے صرف ایک پرونٹ کافی ہو جائیگا۔

اب مفلسی کی بارش مجھ پر تیز تیز ہونے لگی۔ اس مصیبت میں بجائے اس کے کہ میں بہت زیادہ سمجھدار اور چالاک ہو جاتا۔ مجھ میں آرام طلبی کاہلی۔ اور لاپرواہی دن بدن ترقی پذیر ہوتی گئی۔ میرا ایک عزیز دوست جو پچاس پونڈ کے قرضے کی وجہ سے گرفتار کر لیا گیا تھا۔ مجھے

افسوس ہے کہ میں اُس کا ضامن بھی نہ بن سکا اور نہ اُس کو ضمانت پر رہا کرا سکا۔ لیکن اُس کے بدلے میں۔ میں نے اپنے آپ کو سپرد کر دیا۔ اور اُس کو آزادی دلا دی۔ جیل میں میرا خیال تھا کہ مجھے بہت زیادہ اور کامل اطمینان قلب نصیب ہوگا۔ امن چین سے زندگی گذریگی۔ نئے نئے آدمیوں سے سابقہ پڑے گا۔ اور اس نئی دنیا کے آدمیوں سے جان پہچان ہوگی۔ میں یہی خیال کر رہا تھا کہ جیسا میں سیدھا سادا ہوں۔ ویسے ہی اس دنیا کے بھی آدمی ہونگے۔ لیکن اس جیل کی دنیا کے لوگوں کو میں نے انتہائی مکار۔ بدمعاش۔ اور جعل ساز پایا جیسا کہ میں اپنی پچھلی دنیا کے لوگوں کو چھوڑ آیا تھا۔ میرے پاس جو کچھ بچی کھچی رقم تھی وہ سب ہضم کر گئے۔ یہاں تک کہ آگ تاپ نے کے لئے میرے کوپلے رکھے تھے وہ سب ان کمبختوں نے جلا لیا۔ اور جب کبھی ہم "کری نج" کھیلنے بیٹھتے تو یہ ادھر اُدھر سے مجھ ہی کو بے وقوف بناتے اور دھوکہ دے دیکر مجھ سے ہی رقم وصول کیا کرتے۔ یہ سب کیوں اور کس لئے کیا جاتا تھا۔ اس لئے کہ میں عام طور سے مشہور تھا کہ یہ شخص نہایت سیدھا سادا اور بے ضرر انسان ہے۔ اس میں شبہ برابر بھی ایذا رسانی کا مادہ نہیں ہے۔

میرے سب سے پہلے اس نا اُمیدی کے محل میں قدم رکھتے ہی مجھے کچھ نہیں محسوس ہوا۔ ہاں البتہ۔ یہاں پر بھی وہیں تمام بیچینیاں

موجود تھیں جیسا کہ میں اس سے باہر اُٹھا چکا ہوں اور دیکھ چکا ہوں۔ یہاں اور وہاں کا فرق بھی کس قدر معمولی فرق ہے۔ صرف۔ یہی نہ۔ ایک شخص دروازے کے اندر ہے اور ایک دروازے کے باہر۔ پہلے پہل مجھے بڑی بے چینی محسوس ہوئی کہ دیکھو۔ یہاں جیل میں کیسے دن کٹتے ہیں لیکن جوں جوں ہفتے گذرتے گئے اور میں خوب کھاتا پیتا گیا۔ اُس وقت مجھے کچھ بھی تکلیف محسوس نہیں ہوئی بلکہ ہر طرح سے اطمینان تھا کہ خوب پکی پکائی مل رہی ہے۔ میں ہر وقت خوش اور بشاش اور ہر کھانے کو ہنسی خوشی سے کھاتا تھا۔ غصہ کو کبھی اپنے پاس پھٹکنے نہ دیتا تھا۔ اور کبھی آسمان سے اپنا رونا نہیں رویا کہ اے اُونچے آسمان کے چمکتے ستارو آؤ اور میرے دسترخوان پر سے نصف بینی کی روٹی اور مولی کا ساگ کھا کر جاؤ۔ میرے اکثر دوست یہ سمجھتے تھے کہ میں مسلاد ترکاری کو بھنے ہوئے گوشت کے مقابلہ میں زیادہ پسند کرتا ہوں۔ اور یہ محض اُن لوگوں کی خوش فہمی تھی۔ میں اپنی زندگی پر قانع تھا۔ میں نے کبھی یہ نہیں خیال کیا کہ مجھے اچھے میدہ کی عمدہ روٹی مل رہی ہے یا بھوسے کی بھوری روٹی کھانے میں آرہی ہے۔ میں ہمیشہ یہی خیال کرتا تھا کہ جو کچھ اور جس حالت میں مل رہا ہے وہ بہت غنیمت ہے مجھے اُس وقت مسرت کی ہنسی معلوم ہوتی ہے اور میں خداوند تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ تمام دنیا میں بیسوں ایسے انسان ہونگے جو مصیبت اور تکلیف کی زندگی گزار رہے ہونگے۔ اور بقول ایک

لاطینی شاعر "ٹیاک سی ٹس" (TACITUS) کے جو اکثر میرے مطالعہ میں رہتا ہے۔ کہ "ہر قسم کی سوسائٹی اور صحبت کتابوں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔" اور میں کتابوں ہی کو اپنی رفیقہ حیات سمجھتا ہوں۔

قصہ مختصر میں کہاں تک اپنی اس بے بضاعتی اور تہی دامنی پر اشک حسرت بہاتا۔ یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ جب کبھی میرے قدیم ساتھی مل جاتے ہیں۔ جن کو میں بے وقوف خیال کرتا تھا۔ وہ اب حکومت کی عطا کردہ بڑی بڑی جگہوں پر ہیں۔ اب مجھے معلوم ہوا کہ دنیا میں سادہ لوحوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ میں جس راستہ پر چل رہا تھا وہ میرے لئے نہیں تھا۔ دوسروں کو شمع ہدایت بتانے کے لئے پہلے خود میں روشنی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ میری بے موقع عجلت نے مجھ کو اپنے گھر بار سے چھٹایا لیکن اب مجھ میں معاملہ فہمی۔ تجربات۔ اور بردباری ضرور پیدا ہو گئی ہے۔ ایک ازاد محکمہ میں میں نے اپنی جمع شدہ دولت کو جمع کرنے کی فکر کرنے لگا۔ سب سے زیادہ میں ایک موقع کی اور اپنی اس سخاوت کی ابتک خود تعریف کرونگا اور یہ احساس اس وقت تک باقی رہے گا۔ جب تک کہ میں زندہ رہونگا وہ یہ کہ میں نے اپنے ایک دوست اور وہ بھی قدیم دوست کی سقیم حالت دیکھ کر اس کو نصف کراؤن دینے کی جرات کی۔ جبکہ وہ رقم کی ضرورت میں بے تحاشہ اور بری طرح سے پھنسا ہوا تھا۔ اور میں خود اس رقم کو ایک دوسری جگہ سے اُدھار لیکر آیا تھا لیکن

اُس قدیم بڈھے دوست نے نصف کرا دن لینے سے انکار کر دیا جس کے لئے میں خود اپنے آپ کو تعریف کا مستحق خیال کرتا ہوں۔

تمام دیکھ دکھا کر اب میں نے کفایت شعاری پر کمر باندھی ہے میری حالت بہ نسبت پہلے کے اب بہت بہتر ہے۔ اب میں اکثر اپنے دوستوں کی دعوتیں بھی کیا کرتا ہوں۔ اب میں اس بات کی کوشش کر رہا ہوں کہ کنجوسوں کی طرح مجھ میں بھی وہی خصائل پیدا ہو جائیں اور آہستہ آہستہ میں بھی قابل عزت بنتا جاؤں۔

میرے پڑوسی مجھے اکثر اپنی لڑکیوں کی شادی کے متعلق پوچھا کرتے ہیں۔ اور میں بھی صائب رائے دیتا ہوں کہ خبردار لڑکیوں کو کبھی باہر نہ دیا جائے۔ اب میری دوستی ایک بڑے معزز شخص سے ہے۔ اور اُس کا یہ مقولہ ہے کہ کبھی جمع شدہ پونجی میں سے خرچ مت کرو۔ اگر ایک ہزار پونڈ میں سے "ایک فار دنگ" بھی نکل جائے تو وہ ایک ہزار پونڈ نہیں ہوتے۔ ابھی چند دن ہوتے ہیں کہ مجھے ایک سیٹھ نے دعوت دی اور میں نے کھانے کی میز ہی پر شوربہ کی بُرائی کر دی۔ اس وقت مجھ سے شادی کے معاہدے بھی ہو رہے ہیں۔ اور ایک مالدار بیوہ ہتھے چڑھی ہے۔ اور وہ بھی اس خیال سے کہ آج کل روٹی کا بھاؤ بڑھ رہا ہے اور ہم دولتمند سے شادی کر کے مزہ اُڑائینگے۔ جب کبھی کوئی مجھسے غیر متعلق سوالات کرتا ہے۔ جس کو میں جانتا بھی نہیں ہوں۔ لیکن اپنے وقار

کے لحاظ سے میں مسکرا دیا کرتا ہوں۔ جیسا کہ اکثر امیر و کبیر کیا کرتے ہیں۔ اور ذرا غور بھی کرنے لگتا ہوں گویا میں سوال مستفسرہ کی گہنہ تک پہونچ گیا ہوں۔ جب کبھی ایسی مجلس میں جہاں غریبوں کے لئے چندہ دینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ تو سب سے پہلے میں اٹھکر ان کی حمایت کرتا ہوں اور سب سے پہلے خود میں ہیاٹ لیکر مانگنے لگتا ہوں کہ اس گڑبڑ میں کون جا سکتا ہے کہ میں نے بھی چندہ دیا ہے یا نہیں۔ اور جب کبھی کوئی فقیر بھیک مانگنے میرے پاس آتا ہے تو میں بھی کہتا ہوں کہ دنیا مکاروں اور دھوکہ بازوں سے بھری ہوئی ہے۔ اس میں کا ایک فرد یہ بھی ہے۔

الحاصل اب مجھے صحیح عزت اور سچی شہرت حاصل کرنے کا طریقہ معلوم ہو گیا ہے۔ اور وہ بھی غریبوں سے سیکھا گیا ہے۔ کہ کبھی کسی کو کچھ مت دو۔ اس طرح سے تمہارے پاس دینے دلانے کو بہت کچھ ہو گا۔ مطلب یہ کہ اگر خیر خیرات نہ کی جائیگی تو رقم بھی جیسی کی ویسی تجوری میں رکھی رہے گی۔

ساتواں خط

مصنفوں کے کلب کا تذکرہ

انگریزوں کی علمی قابلیت کا اندازہ اُن کی روز کی شایع ہونیوالی کتابوں سے ہوسکتا ہے۔ دنیا کا کوئی ملک اور خود چین بھی اس باب میں اُس کی برابری نہیں کرسکتا۔ یہ میرا مشاہدہ ہے اور میں خود گن چکا ہوں کہ روزانہ اُن کے پاس ۳۳ کتابیں نئی شایع ہوتی ہیں۔ مقابلہ کے لئے اگر اُن کی تعداد کا حساب لگایا جائے تو سال بھر میں ۸۳۹۵ کتابیں شایع ہو کر پبلک میں آتی ہیں۔ اور یہ کتابیں کسی خاص مضمون سے تعلق نہیں رکھتی ہیں۔ بلکہ ہر شعبۂ ادب کی ہوتی ہیں۔ مثلاً تاریخ۔ سیاسیات۔ شاعری۔ ریاضی۔ فلسفۂ اشیاء۔ فلسفۂ قدرت۔ اور یہ سب ایسی سلیس اور اتنی ضخامت میں شایع ہوتی ہیں۔ جیسا کہ ہمارے بچے ابتدائی کتابوں کو پڑھتے ہیں۔ اگر بالفرض محال ہم یہ خیال بھی کرلیں کہ انگلستان میں عوام کا آٹھواں حصہ بھی اُون شایع ہونے والی کتابوں کو پڑھتا ہے۔ تو اس قلیل حساب سے بھی ہر عالم سال بھر میں ایک ہزار کتابیں پڑھ لیتا ہے۔ اور اس کا بھی یقین ہے کہ اس سے کم کوئی نہ پڑھتا

ہوگا۔ ان اعداد شمار سے تم اس کا اندازہ کر سکتے ہو کہ ایک ایسے پڑھنے والے شخص میں کس قدر ادبیت ہوگی۔ جو روزانہ تین کتابیں نئی پڑھتا ہو۔ ایسے شخص کی ہر چیز اچھی خواہ وہ تحریر ہو یا تقریر قابل التفات ضرور ہوگی۔ مگر اس کے باوجود یہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کتابوں کی تعداد کے حساب سے اُن کے اندر صحیح معنوں میں اتنی بھی قابلیت نہیں ہوتی جو شمار میں آسکے۔ چند ہی ایسے نظر آتے ہیں جو سائنس اور ادب کے ماہر ہیں۔ یہ نہ معلوم ہو سکا کہ یہ کیا عام کلیہ ہے اور سطحی معلومات شاید ہر شخص میں موجود ہوں۔ یا اُن کتابوں کے مصنفین خود ہی اعلیٰ قابلیت سے معرا ہوں۔ اور یونہی کچھ اُن پر عبور رکھتے ہوں۔ اپنے یہاں چین میں تو یہ ہوتا ہے کہ خود شہنشاہ عالموں اور ڈاکٹروں کو مصنفین بننے کی اجازت مرحمت کرتا ہے۔ لیکن یہاں انگلستان میں ہر شخص کو مصنف بننے کا اختیار ہے۔ اور قانون کی رو سے اُن کو بالکلیہ اجازت دیدی گئی ہے کہ ہر وہ شخص جو دوسروں کے خوش کرنے کے لئے خواہ کسی قسم کی کوئی کتاب لکھے وہ مصنف بن سکتا ہے۔ اور اُس کو کامل آزادی دی جاتی ہے۔ یہ اُن مصنفین کے مذاق پر مبنی ہے کہ آیا وہ کوئی ایسی کتاب لکھیں جس میں دلچسپی کا عنصر چاہے موجود ہو یا نہ ہو۔ کل میں نے اپنے دوست سیاہ پوش سے اپنا تعجب ظاہر کیا۔ اور وہ اُس مقام کو بتلایا جہاں مصنفوں کا مجمع رہتا ہے۔ جہاں سب لوگ اپنی اپنی

کتابیں طبع کرانے کی فکر میں رہتے ہیں۔ اور روزانہ مطبعوں میں یہی بھیڑ نظر آتی ہے۔ پہلے میرا خیال ہوا کہ لائق اور عالم فاضل لوگ اس طرح سے اہل دنیا کی اصلاح کرنا چاہتے ہیں۔ اور بھٹکے ہوئے لوگوں کو سیدھی راہ بتلانا چاہتے ہیں۔ اس خیال کو پورا کرنے کے لئے میرے ساتھی نے کہا اجی جناب آپ غلطی پر ہیں۔ کالج کے ڈاکٹر اور بڑے بڑے لوگ کبھی ایسی غلطی نہیں کرتے۔ لکھنا تو درکنار بعض تو آپ کو ایسے نظر آئیں گے جو پڑھنا بھی بھول چکے ہیں۔ اگر آپ کو ایسے لایق مصنفین سے ملنے کی آرزو ہے تو آج شام میں آپ میرے ساتھ چلئے۔ میں آپ کو مصنفوں کے کلب میں لے چلتا ہوں۔ جہاں آپ سے بیسوں مصنفین سے شناسائی ہو جائیگی۔

اس کلب میں ہر ہفتہ کو بہت سے مصنفین کا اجتماع ہوتا ہے۔ وہ بھی شام کے (۷) بجے اور اس کلب کی خاص پہچان یہ ہے کہ وہ "دی بروم" کے نام سے مشہور ہے۔ یہ کلب "اسلنگٹن" کے قریب واقع ہے۔ یہاں پر ہر فرسودہ اور تازہ مضامین پر بحثیں ہوا کرتی ہیں۔ میرے ساتھی کے کہنے پر مجھ میں بھی اشتیاق اور دوچند ہو گیا۔ اور میں نے اس کی دعوت قبول کر لی۔ ہم لوگ دونوں ساتھ ساتھ روانہ ہوئے۔ اور ممبروں کے جمع ہونے سے قبل ہی ہم کلب گھر میں داخل ہو گئے۔ میرے دوست نے اس کلب گھر کی سب سے بڑی اہم شخصیت کا مجھ کو اتا پتا بتلایا۔ اس کی حیثیت مہمانوں کی طرح نہ تھی۔

بلکہ وہ خود مصنفانہ وقار رکھتا تھا۔ لیکن ایک کتب فروش کے بہکانے سے اور اُس کی پچھلی لیاقت پر نظر کرتے ہوئے اُس کو اس کلب گھر کا صدر بنا دیا گیا تھا۔ اس نے کہا سب سے پہلا شخص ہماری اس کلب کا ڈاکٹر "نان سٹی" ہے۔ یہ ایک نیم حکیم خطرۂ جان ہے۔ اس کے متعلق بہت سے لوگوں کو غلط فہمی بھی ہے۔ کہ وہ زبردست جید عالم ہے۔ لیکن جب کبھی وہ کہنے کے لئے اپنا منہ کھولتا ہے تو ہمیشہ واہی تباہی بک ڈالتا ہے۔ مجھ کو اس کے خیالات اس کے طرز کلام سے موافقت نہیں ہے۔ آگ کے سامنے وہ اپنے آپ کو بالکل بھول جاتا ہے۔ وہ تمباکو خوب پیتا ہے۔ شراب کے خم کے خم لنڈھا دیتا ہے۔ ہاں البتہ باتیں کم کرتا ہے۔ اور اس پر طرہ یہ ہے کہ اچھی صحبت سے احتراز کرتا ہے۔ میرے ساتھی نے کہا کہ وہ ہر کتاب کا اشاریہ لکھنے میں خاص قابلیت رکھتا ہے۔ وہ ہر قسم کی برائیوں پر اچھے مضامین لکھ لیتا ہے۔ فلسفیانہ مسائل کے استفسارات پر خواہ وہ کسی قسم کے ہوں وہ ۲۴ گھنٹہ کے اندر ان کا جواب اور اعتراضی کتابوں کا رد جواب لکھ سکتا ہے۔ یہاں اس مجمع میں وہ بخوبی پہچانا جا سکتا ہے۔ اس لئے کہ اُس کی لمبی لمبی بھوری بالوں کی ٹوپی اُسکی خاص پہچان ہے اور اس کے علاوہ میلے رنگ کی دستی ہمیشہ گلے میں بندھی رہتی ہے۔

دوسرا شخص جو لیاقت اور قابلیت میں فرد ہے وہ "ڈیم بلیک" ہے یہ ایک ظریف الطبع شخص ہے۔ کبھی تو وہ اپنی شان و شوکت لیاقت کا درخشندہ ستارہ نظر آتا ہے۔ اور اس کے ہم عمر ساتھی اس پر رشک کرتے ہیں۔ دوسرے اس کے مزاحیہ لطیفہ عمدہ گانے پریشان کن صمد اور

اور اس کا "شاہ بیگل" کتاب میں نظمیں پڑھنا۔ جو اس کا ہی حق سمجھا جاتا
ہے۔ اس کے بوسیدہ کپڑوں اور کثیف لباس سے دوری سے ہر شخص
اس کو دیکھ کر پہچان لیتا ہے۔ اس کی گرد آلود بالوں کی ٹوپی غلیظ
اور گندی قمیص پھٹے ہوئے رشی پاتابہ یہ اس مصنف کا لباس ہے۔

اس کے بعد کا نمبر "شیب" کا تھا۔ یہ شخص بہت مصر و فسادی
کاروباری آدمی معلوم ہوتا تھا۔ ان کا کام یہ تھا کہ وہ ایسے کتنے
ان چیزوں کو کتابیں ان کے لئے یہ سب لکھتے ہیں اور یا کوئی مشرقی
نامکمل قصہ کو اپنے طرف سے مکمل کریں۔ یہ شخص مصنفی کے ہتھکنڈوں
سے کافی واقف تھا۔ اور کوئی کتب فروش اس کو دھوکہ نہیں دے سکتا
تھا۔ اس کی خاص پہچان یہ تھی کہ وہ بہت لاپرواہ واقع ہوا تھا۔ اس کا
کوٹ میلا اور اس پہ ہزاروں شکنیں اور سلوٹیں پڑی ہوئی تھیں۔ وہ
کوٹ اگر چیک پہننے کے لائق نہیں ہوتا تھا۔ لیکن وہ اپنے دوست احباب
سے اس کوٹ کے متعلق یہی کہتا تھا کہ ہم اس کوٹ کو کیوں نہ پہنیں
جب کہ یاروں نے اس کے پیسے ادا کئے ہیں۔

اس سوسائٹی کے مشیر قانونی مسٹر "اسکوئینٹ" نہایت سنجیدہ
اور سیاست داں ممبر سمجھے جاتے تھے۔ یہ صاحب پارلیمنٹ کے لئے
تقریریں ترتیب دیتے تھے اور اپنے دوست احباب کے وداعی
خطابات بڑے بڑے امراء کو خطوط لکھتے۔ تماشوں کے خلاصہ اور
ڈراموں کی تاریخیں بھی لکھا کرتے تھے۔ یہ صاحب ہر موقع پر قابل

فہم خیالات کا اظہار کیا کرتے تھے۔ میرے ساتھی نے ان لوگوں کے متعلق
ابھی اور کچھ واقعات بیان کر ہی رہا تھا کہ ایک مہمان جو کہ شاید اس کلب
کا ممبر تھا۔ ایک طرف سے گھبرایا ہوا پریشان اور خوف سے آنکھیں
نکلی ہوئیں دوڑتا ہوا اس مجمع میں آگیا۔ میری دریافت پر اس نے
کہا۔ اجی جناب باہر ہلیف آگیا ہے۔ اس پر میرے ساتھی نے کہا کہ
پریشانی کی کونسی بات ہے۔ لو ہم ابھی چلے جاتے ہیں۔ لیکن مجھے یقین
ہے کہ آج کی رات مجلس گرم نہ ہوگی۔ اس ہلیف کی غیر متوقع آمد
پر مجمع میں ہل چل پیدا ہوگئی۔ اور ہم لوگ ناامید ہو کر گھر لوٹے ہم نے
تو اس کو وہیں چھوڑ دیا تاکہ وہ اپنے لکھے ہوئے واقعات پر نظر ثانی
کرے۔ جس سے کہ اس کا کردار صداقت نمایاں تھا۔ اور چونکہ مجھے اپنے
دن بھر کے واقعات قلمبند کر کے اپنے دوست کو بھیجنا تھے۔ اس لئے
میں وہاں سے جلد روانہ ہو گیا۔ اچھا خدا حافظ۔

آٹھواں خط

مصنفوں کے کلب کا مزید تذکرہ

اسکو سے جو مجھے آخری اطلاع ملی ہے۔ اُس سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ کاروان نے ابھی چین کی طرف کوچ نہیں کیا ہے۔ میں تاحال خطوط کے لکھنے میں مصروف ہوں۔ اور مجھے اُمید ہے کہ تم کو میرے تمام خطوط اکیدم مل جائینگے۔ اُن خطوط میں تم کو ایک خط ایسا بھی ملے گا۔ جس میں انگریزوں کی عجوبہ روزگار حرکتوں کی کچھ تشریح ہوگی۔ جس میں اور کچھ اُن کے عادات و اطوار کی کوئی تصویر نہ ہوگی۔ انسان کے لئے اس سے بڑھکر اور کیا خوش قسمتی ہوگی اور وہ بھی خصوصاً اُس ایک تنہا مسافر کے لئے جو تمام پر اعتراض کرنے کے لئے اُدھار کھائے بیٹھا ہو۔ وہ ہم کو ایسے موقع میں گمبیٹ لے جاتا ہے۔ جس سے کہ اُس کی رائے بھی متاثر ہو جاتی ہے کسی ملک کی ذہنی عمرانی حالت دریافت کرنے کے لئے نظر تعمق کی ضرورت ہے۔ اس طریقہ سے ہم کو غیر ملکیوں کے عادات و اطوار کا پتہ لگ جاتا ہے۔ اور اپنے آپ کو وہ اُس وقت ایک اجنبی خیال کرتے ہیں۔ جبکہ کسی چیز کے متعلق وہ ایک غلط اندازہ لگا لیتے ہیں۔ میں اور میرے دوست کے درمیان اکثر مصنفوں کے کلب کا تذکرہ ہوا کرتا ہے۔ جہاں پر

ہم نے یہ دیکھا تھا کہ تمام مصنفین جمع ہیں اور بحث و مباحثہ کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔

ایک شاعر تو عجیب و غریب قسم کے لباس میں ملبوس تھا جس کے ہاتھ میں کوئی مسودہ دبا تھا۔ اُس کی خواہش یہ تھی کہ مجمع کے تمام حضار اس کی طرف متوجہ ہو جائیں۔ اس لئے کہ گذشتہ رات میں اُس نے ایک زبردست رزمیہ نظم فکر کی تھی۔ جس کو سُنانے کے لئے وہ بے تاب اور بیچین تھا لیکن تمام ممبر اُس کی طرف مطلق خیال نہیں کر رہے تھے۔ حاضرین کو یہ بات معلوم نہیں تھی کہ کیوں ایک شخص کے لئے تمام لوگ اُس کی طرف متوجہ ہو جائیں اور خواہ مخواہ اُس کی داد دیں۔ اس لئے کہ بعض ان میں ایسے بھی دل جلے تھے جن کی ضخیم کتابوں کو کوئی دیکھنا تو درکنار ہاتھ بھی نہیں لگاتا تھا۔ یہ خیال کر کے سب نے بالاتفاق یہ پاس کیا کہ اس سُننے سنانے کے لئے بھی کوئی قانون پاس کر دینا چاہئے۔ اور یہ بہت ہی بُرا معلوم ہوتا ہے کہ صاحب نظم خود ہی اپنے مال کی تعریف کرے اور لوگوں میں اشتیاق پیدا کرنے کی فکر کرے۔ چنانچہ اُس نے وہاں کی اسمبلی میں یہ سوال پیش کیا۔ قانون کی کتاب کھولی گئی اور معتمد کلب نے اُس کو پڑھنا شروع کیا۔ جہاں پر یہ خاص طور پر لکھا گیا تھا کہ کوئی شاعر۔ مقرر۔ نقاد۔ یا مورخ۔ جو بھی ہو اگر وہ یہ چاہتا ہے کہ اہل مجمع کو روک کر رکھے اور اپنا اپنا مسودہ سُنائے۔ اُس کو چاہئے کہ مسودہ کھولنے سے پیشتر ہی ۶ر پنس۔ پہلے یہاں میز پر رکھ دے۔ اور جب وہ پڑھنا شروع

کریگا تو فی گھنٹہ ایک شلنگ چارج کیا جائیگا۔ اور جو کچھ بھی رقم جمع ہو گی وہ سب اُن سُننے والوں ممبروں پر برابر برابر تقسیم کر دی جائیگی جو اُن کی توجہ۔ اور ٹھیرنے کی تکلیف کا معاوضہ سمجھا جائیگا۔

پہلے پہلے تو اس قانون سے ہمارے شعر لئے شیریں مقال ہچکچانے لگے۔ کہ آیا جرمانہ دیکر نظم یا غزل سنائی جائے۔ یا یہ طریقہ ہی اُٹھا دیا جائے لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ دو اجنبی بھی کمرے میں آئے ہوئے ہیں۔ تب اُن کی شہرت کی محبت اُن کے جیب پر غالب آگئی۔ اور انہوں نے مقررہ رقم فوراً ادا کر دی تا کہ یہ اجنبی مسافر بھی اُن کے کلام سے لطف اندوز ہو سکیں۔

پہلے پہلے شاعر نے مجمع پر ایک نقادانہ نظر ڈالی۔ پھر اُس نظم کا پلاٹ بیان کیا۔ اور بالکل سکوت کے عالم میں نظم پڑھنا شروع کی۔ مگر قبل اس کے ابتدا سے شروع کر دیتا پہلے شاعر شعر سے ایک مقدمہ یوں مخاطب ہو کر کہنے لگا۔ کہ معزز حاضرین۔ آج کی نظم جو اس وقت میں آپ لوگوں کے سامنے پیش کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ یہ کوئی ایسی ویسی معمولی نظم نہیں ہے۔ اور نہ اُس کی حیثیت اُن ردی کاغذوں کی ہے جو کہ پریس سے آئے دن نکلتے رہتے ہیں۔ ان میں سے یہاں کوئی بھی "ڑبی سس" اور "ڈائیڈس" نہیں ہے۔ اور یہ نظم ایک تاریخی رزمیہ نظم ہے۔ میں آپ حاضرین سے توقع رکھتا ہوں کہ جس گرمجوشی اور جس جگر کاوی سے میں نے نظم لکھی ہے۔ ویسی ہی آپ لوگ داد بھی دیں نظم

پہلے شاعر کے دیوان خانے سے شروع ہوئی۔ اور شاعر نے بستر پر ہی لیٹے لیٹے جنگ کا سماں باندھ لیا۔ پھر اس نے کہا حاضرین نظم کا ہیرو میں نے خود اپنے آپ کو تجویز کیا ہے۔ اور یہ جنگ میدان جنگ میں نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ میرے سونے کے کمرے میں ہوئی ہے۔ پھر اس نے اپنے آپ کو ایک زبردست عالم اور مقرر سمجھا اور اس انداز میں نظم پڑھنے لگا گویا وہ انتہائی فصیح و بلیغ مقرر ہے۔ بے دعرک شاعر کی نظم ملاحظہ ہو۔

"وہ دیکھو "ریڈ لائیٹ" ہوٹل دور سے کس قدر چمکتی ہوئی نظر آ رہی ہے
وہ ہر اس رہرو کی خاطر مدارات کرتی ہے جو کہ اس کی جیب گرم کرتا ہے۔ . . . .
جہاں "پرکال ورث ہیٹ" اور "پارسن" کی ارغوانی شراب چھلکتی نظر آتی ہے۔ . . . .
جہاں پر "ڈیگل" جیسی نازنین طوائف اور "ڈرورلی لین تھیٹر" کی خوبصورت عورتیں نظر آتی ہیں۔ . . . .
وہاں پر ایک ایسا کمرہ بھی ہے۔ جہاں بیلف کا کوئی خوف و خطر نہیں ہوتا۔ . . . .
موسیقی کی دیوی نے "اسکروگن" جیسے شاعر کو پسند کیا جو کہ پیر پھیلائے کمبل میں سوتا تھا۔ . . . .
وہاں پر ایک کمرہ تھا اور اس میں ایک کھڑکی تھی اس میں سے دھوپ نہ آنے کے لئے کاغذ لگا یا گیا تھا۔ . . . .

وہ یہ ظاہر کرتی تھی کہ ابھی سویرا نہیں ہوا ہے۔ اور وہ ایسی
فضا میں سوتا تھا۔ . . . . . .
فرش وہاں کا ریتلا تھا اور مختلف معمولی تصاویر لگی ہوئی تھیں۔
دیوار کچی اور نم تھی۔ . . . . . .
شاہی "گوز" کا کھیل بہت زوروں پر چل رہا تھا۔ . . . . .
اور بارہ شہیدی احکام کا ہر طرف دور دورہ تھا۔ . . . . .
اور موسمی کپڑا خاص طور پر پسند کیا جاتا تھا۔ . . . . . .
اور بہادر شہزادہ "ولیم" لیمپ کی چمکدار روشنی میں اپنا
کالا چہرہ بتلا رہا تھا۔ . . . . . .
صبح بہت سرد تھی۔ اور وہ اپنی ارزوں کو لہکتا ہوا دیکھ رہا تھا۔
آگ کی زنگ آلود انگیٹھی اپنی گرمی سے بیخبر تھی . . . . .
دودھ اور شراب آگ کے اس حصہ سے بالکل بے نیاز تھے
اور پانچ ٹوٹی ہوئی پیالیاں دھوئیں کی چمنی کیلئے موزوں تھیں
اور رات میں اوڑھنے والی ٹوپی بھوؤں تک ڈھک آتی
تھی۔ جس کو کہ شاعر کا طرۂ امتیاز خیال کرنا چاہیئے . . . .
صرف یہی نہیں بلکہ رات میں تو ٹوپی کا کام دیتا تھا اور دن میں
پیروں میں پہنا جاتا تھا۔"

اس آخری شعر پر شاعر وجد کرنے لگا۔ وہ اس کو اس قدر پسند
تھا کہ بار بار اس کو دہرا رہا تھا۔ پھر اس نے حاضرین سے مخاطب ہو کر

کہا جناب یہ تفصیل آپ لوگوں کے لئے بھی ہے۔ ایک فرانسیسی ڈرامہ نویس "ایبیاپاس" کے "دیوان خانہ" کی اس کے سامنے کوئی حقیقت نہیں ہے۔ اہا۔ اہا۔

"رات میں تو ٹوپی اور دن بھر پائتابے"

اجی حضور اس معمولی سے شعر میں جدت خیال، مضمون آفرینی سلاست۔ اور شستگیٔ بیان کے دریا بہا ڈالیں ہیں۔ حالانکہ ذاتی حیثیت صرف دس لفظوں سے زیادہ نہیں ہے۔

وہ اپنی شعرگوئی سے بالکل بے خود ہو گیا تھا اور مجمع پر بھی خوش فہمی کی نظر ڈال رہا تھا۔ جو اپنی مراد سے زبان سے۔ اشارے سے۔ ہنسی سے۔ رائے سے۔ بلکہ ان تمام سے اظہار تنفر کر رہے تھے۔

لیکن شاعر صاحب ہر شعر پہ اپنی تعریف کی خاطر نظر دوڑاتے اور یہ توقع کرتے کہ ہر شخص اُن کی تعریف کرے۔ ایک نے کہا بالکل کڑوا بدمزہ مذاق شاعری ہے۔ دوسرے نے کہا اجی ہٹاؤ کونسی نئی بات کہہ رہا ہے۔ لیکن تیسرے نے مذاق ہی سے کہا بہت خوب ماشاء اللہ کراسی مونو" (یہ اطالوی زبان کا کلمہ تحسین ہے) آخر کار جناب صدر کو مخاطب ہو کر سب نے کہا کہ کیوں "مسٹر اسکوینٹ" اس نظم کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے۔

میری۔ یہ کہکر جناب صدر نے مسودہ اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ جناب یہ شراب کا گلاس جو میرے سامنے رکھا ہے اس کے گھونٹ

میری حلق میں پھنس جائیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ایسی بے مثال نظم شاید ہی کوئی کہہ سکے۔ یہ کہہ کر اُس نے نظم کے مسودہ کو تہہ کیا اور مصنف کے جیب میں زبردستی ٹھونس دیا۔ اور یہ کہنے لگے کہ جناب جب یہ کتابی چھپ کر پبلک میں آئیگی تو اس کی بہت زیادہ قدر و منزلت ہوگی۔ پس اس لئے اس وقت میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ آپ اس کو جیب میں جگہ دیں تو زیادہ بہتر ہے۔ اور اب ہم اس سے زیادہ بھی سُننا نہیں چاہتے اس کی بناوٹ سے خود اس کی قابلیت کا پتہ چل رہا ہے۔ اب ہم اس کی طرف سے بالکل مطمئن ہیں۔ اور ہمیں کوئی شکایت بھی نہیں ہے۔ مصنف گھڑی گھڑی اس بات کی کوشش کر رہا تھا کہ پھر اُس کو ایک بار پڑھا جائے۔ مگر وہ زبردستی گھسیٹ گھسیٹ کر بٹھلا دیا گیا۔ اور جو کچھ ٹکٹ اس نے اس سُننے سُنانے کے لئے دیا تھا۔ اُس سے وہ پورا فائدہ بھی نہ اُٹھا سکا۔

جب اس شعر و شاعری اور داد و تحسین کا طوفان عظیم فرو ہو چکا۔ تو ایک شخص نے موضوع کلام کو بدل دیا اور کہنے لگا کہ کوئی شخص شاعری سے کیوں اس قدر قنوطی اور کُند ذہن ہو جاتا ہے۔ لیکن نثر میں یہ بات پیدا نہیں ہوتی۔ خود میرے متعلق ہی آپ غور کر لیجئے۔ ابھی گذشتہ ہفتہ میں میں نے ۱۶ خطبات لکھے۔ بارہ مزاحیہ مضامین لکھے تیس وعظ لکھے ہیں اور یہ سب چیزیں چھپیس فی مضمون کے حساب سے لکھے گئے ہیں۔ اس سے زیادہ اور کیا غیر معمولی چیز ہو سکتی تھی۔

لیکن کتب فروش کو اس لین دین سے نقصان ضرور ہوا۔ پہلے پہلے یہ واعظ مجھکو بہت فائدہ مند ثابت ہوئے اور اُن سے میں نے خوب روپیہ کمایا لیکن اب افسوس اور عقلمندی کی حدود سے ہم بہت پار ہیں۔ اگر اتفاقیہ طور پر اس موسم میں کچھ فائدہ نہ ہوا۔ تو یہ جدید کا بینہ پھر اپنا طرز و طریقہ بدل دیگی۔ اور اب میں اپنا پرانا طریقہ وہی تصنیف و تالیف کا شروع کر دیتا ہوں۔ نوکری کی مجھے خواہش نہیں ہے۔

کلب کے جملہ ممبران موسم اور وقت کی شکایت کرنے لگے۔ کہ اس سے بُرا وقت کبھی نہیں آیا۔ ایک معزز آدمی خاص طور پر یہ خیال کرتا ہے کہ شرافت کا معیار اس وقت تک اعلیٰ نہیں ہو سکتا جبتک کہ کمترین سے کمترین چیزوں کی سرپرستی نہ کی جائے اور یہ مجھے معلوم نہیں ہوا کہ یہ واقع کیسے ہوا۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ ہفتہ بھر میں کبھی کوئی چندہ نصیب نہیں ہوا۔ بڑے بڑے امراؤں کے مکانات میں تو کوئی جا بھی نہیں سکتا۔ اُس کی مثال تو سرحدی گودام کی ہے۔ جو رات میں کھلتا ہو۔ میں نے کبھی دولتمند کا دروازہ ادھا بھی کھلتے ہوئے نہیں دیکھا۔ جہاں پر دربان یا اور کوئی شخص پورے کپڑوں میں بھی نظر نہیں آتا۔ ابھی کل میں "لارڈ اسکوش" کے مکان پر چندے کی فراہمی کے واسطے گیا۔ جو کہ ویسٹ انڈیز میں پیدا ہوا ہے۔ میں صبح سے شام تک اُسکے گھر پر کھڑا رہا۔ اور جوں ہی وہ گاڑی میں بیٹھنے کے لئے آگے بڑھا۔ میں نے اپنی درخواست کو طے کر کے اُس کے

ہاتھ میں دیدی۔ اُس نے سب سے پہلے چندے پر نظر ڈالی۔ اور بجائے اُس کے کہ مصنف کا نام معلوم کرتا چپکے سے اپنے چوبدار کے ہاتھ میں بلا دیکھے کے واپس کر دیا۔ اُس نے بھی اپنے مالک کی طرح سرد مہری اختیار کی اور درخواست کو ایک کھڑے ہوئے مزدور کے حوالہ کر دی۔ مزدور نے درخواست لیکر دُہنہ بنایا اور میرے خط کو شروع سے آخر تک دیکھنے لگا۔ اور پھر میرے ہاتھ میں غصہ سے دیدیا۔ یہ درخواست جیسی بند تھی ویسی کی ویسی میرے ہاتھ میں واپس آگئی۔

"اجی شرافت کو میں شیطان کے حوالہ کرتا ہوں"۔ یہ الفاظ ایک غریب آدمی کے مُنہ سے نکلے۔ اور پھر اُس نے اسی بات پر زور دیا کہ اس سے کبھی ذاتی فائدہ نہیں ہوا ہے۔ آپ لوگوں کو معلوم ہوگا کہ ابھی چند دن کا ذکر ہے کہ ایک مالدار نواب اپنے سفر سے واپس آیا۔ میں نے اُس کی آمد پر فکر کرنی شروع کی اور ایک نہایت بہترین قصیدہ عزّہ کہکر گذرانا۔ اُس کے لکھنے میں میں نے اس قدر محنت کی تھی کہ گویا میں نے چوہیا سے دودھ حاصل کیا ہے۔ اُس میں اُس کے حسن و اخلاق اور اُس کے سفر کے مقاصد۔ فرانس۔ اٹلی اور اُس کی کارگذاری پر تعریف کی تھی۔ میرا خیال ہوا کہ اب میرے واسطے وہ بنک کا چک ضرور لکھے گا۔ چنانچہ میں نے اپنے قصیدے کو چکدار نپی میں لپیٹ کر ایک ملازم کو ہاف کراؤن رشوت دے کر اُس تک پہونچایا۔ میرا خط اُس امیر کبیر تک حفاظت سے پہنچ تو گیا۔

اور میں دروازے کے باہر اپنے خط کے انتظار میں بیٹھا بھی رہا۔ لیکن چار گھنٹے کے بعد ملازم واپس آیا۔ اور اس عرصہ میں میرا شوق و انتظار حالت اُمید و بیم دیکھنے سے تعلق رکھتی تھی۔ وہ جو جواب لایا۔ اُس کی لمبان چوڑان میرے خط سے دوگنی تھی۔ میں نے پُرشوق ہاتھوں سے جواب کے خط کو کھولا۔ میرا خیال تھا کہ اُس میں سے بنک کے چیک اور پرامیسری یا کرنسی نوٹ برآمد ہونگے۔ مگر افسوس ہے۔ اُس نے میرے قصیدے کی طرح اور چھپے قصیدے اسی میں ملفوف کر کے روانہ کر دیے۔

ان ممبروں میں سے ایک نے چلا کر کہا۔ یہ دولتمند کسی کام کے نہیں ہوتے۔ اور خصوصاً ہم مصنفوں کے لئے تو بیلف سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ جن کے پاس رحم تو چھو نہیں جاتا۔ جناب میں ایک قصہ بیان کروں گا۔ وہ ایسا ہی صحیح ہوگا۔ جیسا کہ مٹی کی چلم بنی ہوئی ہوتی ہے۔ جب سب سے پہلے میری کتاب شائع ہو کر پبلک میں آئی ہے اور اُس سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ تب میں نے درزی کو بُلا کر ایک سوٹ سینے کا آرڈر دیا۔ میری شہرت آگ کی طرح ہر طرف پھیل رہی تھی۔ لیکن یہاں رقم آہستہ آہستہ ختم ہو رہی تھی۔ آخر کار نتیجہ یہ ہوا کہ جب سوٹ سِل کر آیا تو یہاں سلائی دینے کی مقدرت نہ تھی لہذا ہم نے اپنے گھر ہی کو قید خانہ تصور کیا اور اُسی میں بند رہے۔ اور دلچسپ قصہ سُنے۔ بیلف بھی بڑا سخت جان تھا۔ وہ

روزانہ نئے نئے حیلے بہانوں سے میرے یہاں آتا۔ اور مجھ کو باہر نکالنے کی فکر کرتا۔ ایک دن یہ پیغام لیکر آیا کہ ایک معزز شخص آپ سے بات کرنے کے لئے یہیں قریب کی ہوٹل کے پاس ٹھیرا ہوا ہے۔ پھر یہ کہا گیا کہ تمہاری خالہ نے تم کو بہت ضروری کام کے لئے بلایا ہے۔ اُس نے ہزاروں جتن کئے۔ مگر میں اُس طرف سے اپنے آپ کو بہرا بنا لیا تھا۔ اور میں نے بھی یہ ارادہ کر لیا تھا کہ گھر سے باہر کبھی نہ نکلوں گا۔

اس طرح سے پندرہ دن گذر گئے۔ کہ ایک دن صبح ایک صاحب کے ذریعہ سے میرے پاس "ارل آف ڈومس ڈے کا پیام آیا کہ میں نے آپ کی کتاب دیکھ کر یہ اندازہ لگایا ہے کہ آپ بہت لائق آدمی ہیں۔ اور مجھے پڑھکر بھی بہت خوشی ہوئی ہے۔ اور اب میری تمنا ہے کہ میں آپ سے ملاقات کروں۔ لہٰذا اگر آپ میرے پاس آئیں تو میں اور بھی "پالش" آپ کو دے سکتا ہوں۔ یہ سُنکر میں بہت خوش ہوا۔ اور اسمیں بظاہر کوئی بات ایسی بھی نہ تھی۔ جو دھوکہ یا فریب کی ہو۔ اس لئے کہ کارڈ جو میرے پاس آیا تھا وہ بھی نہایت خوشنما اور چکدار تھا اور پیامبر بھی نہایت معزز شکل و شمائل کا تھا۔ اب مجھے بھی اپنی قدر قیمت کا اندازہ ہوا کہ میں بھی کچھ ہوں۔ اب میرے سامنے نہایت خوشنما ہنسی خوشی کا مرغزار تھا۔ میں زمانے کے مذاق کی تعریف کر رہا تھا جس سے کبھی مجھے ایسی توقع نہ تھی۔ چنانچہ میں نے ایک ابتدائی

تقریر بھی اپنے دل میں سوچ لی۔ پانچ نہایت شاندار اور باوقار تخاطب کے خطابات ذہن میں جما لئے۔ اور دو اپنے لئے بھی حسب حال القاب سوچ لئے۔ دوسرے دن صبح مقام موعودہ پر میں ایک نہایت اچھی گاڑی میں بیٹھ کر روانہ ہوا۔ میں نے راستہ تمام گاڑی کی کھڑکیوں پر پردہ ڈالے رہا تاکہ کوئی دیکھ نہ لے۔ اور قدر شناس نہ چمٹ جائیں۔ میں راستہ تمام خوش آئند توقعات سے سرشار تھا۔ اور اس خیال میں تھا کہ اب میرے نواب کا شاندار محل نظر آئیگا۔ لیکن میری آنکھوں میں خاک پڑ جائے میں کسی بڑے محل کے سامنے جا کر نہیں ٹھہرا بلکہ ایک گلی کے منہ پر۔ کسی امیر وکبیر کے دروازے پر نہیں بلکہ جیل کے دروازے پر۔ اس درمیان میں کوچبان گاڑی کو جیل ہی کی طرف بھگا رہا تھا۔ اور میرے خیر مقدم کے لئے جو شخص میرے سامنے آیا وہ بیلف تھا۔ جو مجھے گرفتار کرنے کے لئے آیا تھا۔

یہ واقعات ایک فلاسفر کے لئے کوئی حقیقت نہیں رکھتے وہ انسانوں میں سے ہر چیز کو اپنے لئے باعث رحمت و تربیت کے سمجھ لیتا ہے۔ اور یہ خصوصیات ہر جگہ اور ہر قبیلے میں پائی جاتی ہیں۔

لہذا مجھے معاف کرنا میں جو کچھ واقعات تم کو چین لکھ کر بھیج رہا ہوں۔ یہ یہاں کے موجودہ تہذیب و تمدن کے آثار ہیں۔ اور یہ واقعات ایسے ہیں جن سے عوام کے چال وچلن ملازم پیشہ لوگوں کی طرز رہائش۔ وزیر اور عمال سرکاری۔ پولیس کی اور

سرکاری خط و کتابت۔ ایلچیوں سے گفتگو۔ بہر کیف ان سے سب کچھ مترشح ہوتا ہے۔ اچھا خدا حافظ :—

نواں خط

ایک کنفیوشس کی چینی سے ملاقات

لین چی اٹینگی فنم ہوم کو ایک خط لکھتا ہے جو کہ سن ٹیل اکیڈمی پیکن واقع چین کا پہلا صدر تھا۔

ابھی کل میں بیٹھا ناشتہ کر رہا تھا۔ اور میرے سامنے چائے کی پیالی رکھی تھی۔ کہ میری توجہ ایک اور طرف منعطف ہو گئی یعنی میرا قدیم دوست میرے پاس آتے ہوئے نظر آیا۔ میرے دوست نے ایک اور اجنبی سے میرا تعارف کرایا۔ جو اپنی حیثیت کے مطابق مناسب کپڑے پہنے ہوا تھا۔ اس غیر متوقع آمد پر میرے معزز دوست نے مجھ سے بے حد معافی چاہی اور وہ یہ ظاہر کرنے لگا کہ بوجہ خلوص و محبت کے میں بلا کسی کے بلائے

کے حاضر ہوا ہوں۔ اور اُمید کرتا ہوں کہ آپ اس پر متعجب نہ ہونگے۔

مجھے اپنے ساتھیوں پر شبہ ہونے لگتا ہے۔ جبکہ میں یہ دیکھتا ہوں کہ وہ نہایت شریف اور متین بنے ہوئے ہیں۔ پہلے پہل میں اجنبیوں کے سوالات کا جواب نہایت مختصر دیتا ہوں۔ لیکن چونکہ میرے دوست میرے عادات و اطوار سے بخوبی واقف ہوتے ہیں۔ اور وہ اُسی گرمجوشی سے ملتے ہیں۔ تاکہ محبت دیگانگت میں کوئی فرق نہ پڑنے پائے۔ ایک نے آخر پوچھ ہی بیٹھا کہ کیوں مسٹر "فج" کیا ابھی تک کوئی تمہاری نئی کتاب پبلک میں نہیں آئی۔ تب میں نے تاڑ لیا کہ بے شک یہ پوچھنے والا شخص ہو نہ ہو کوئی کتب فروش ہی ہوگا۔ اور اس کے اس سوال سے مجھے یقین کامل بھی ہو گیا۔

اُس نے کہا جناب مجھے معاف کیجئے۔ غالباً۔ یہ آپ کو نہیں معلوم ہے کہ ہر شئے کا ایک زمانہ ہوتا ہے۔ اور ان کتابوں کا بھی کھیرے ککڑی کی طرح ایک موسم ہوتا ہے۔ میں موسم گرما میں کبھی کوئی نئی کتاب پبلک میں نہ لاؤنگا۔ اور شکار کے موسم میں کبھی گوشت بیچنے کی کوشش نہ کروں گا۔ اس لئے کہ موسم گرما میں مال کی بکاسی بہت کم ہوتی ہے۔ اور عام طور پر لوگ چھوٹی چھوٹی کتابوں کا پڑھنا زیادہ پسند کرتے ہیں مثلاً کوئی رپورٹ کوئی تنقید۔ یا کوئی رسالہ۔ یا کوئی موسمی نمبر کا رسالہ۔ یہ چیزیں موسمی پڑھنے والوں کو زیادہ مرغوب ہوتی ہیں۔ لیکن جو قابل تعریف یا پُر مغز تصانیف ہوتی ہیں اُن کو ہم موسم بہار اور موسم سرما کے لئے اٹھا کر رکھ دیتے ہیں۔

اس پر میں نے کہا کیوں جناب آپ کے نزدیک وہی کتاب قابل تعریف اور پُر مغز ہوتی ہے جو موسم سرما میں پڑھی جاتی ہو۔ اس پر کتب فروش نے جواب دیا۔ حضور معاف کیجئے۔ جانے بھی دیجئے۔ یہ صرف میرا ہی نظریہ نہیں ہے۔ اور نہ اس میں کچھ مبالغہ کرتا ہوں۔ بلکہ ہر کتب فروش اسی پر عمل کرتا ہے۔ لیکن جناب میرے پاس تو ہمیشہ نیا اسٹاک رہتا ہے۔ اور جہاں کتابیں بوسیدہ اور پرانی ہوئیں کہ میں صندوق بنانے والوں کو ردی کی طرح دیدیتا ہوں۔ تاکہ اُن لوگوں کے کچھ کام آجائے۔ ابھی میرے پاس دس ٹائیٹل پیج تیار رکھے ہیں۔ اُن کے لئے صرف کتابوں کی ضرورت ہے۔ جو کہ موجودہ مذاق کے مطابق ہوں۔ اور جو پبلک میں ایک ہلچل پیدا کردیں۔ یوں تو بہت سی ایسی بھی کتابیں ہوتی ہیں جو گرے ہوئے مذاق کے مطابق ہوتی ہیں اور آوارہ گرد انہیں بہت پسند کرتے ہیں لیکن جناب میرا یہ شیوہ نہیں ہے۔ میں محض جلب زر کے لئے عوام کا مذاق خراب نہیں کرتا۔ میں ہمیشہ آوارہ گردوں کو اس بات کا موقع دیتا ہوں کہ وہ مجھے کچھ نہ کچھ کہتے رہیں۔ جب کسی چیز کے متعلق کوئی ہلڑ مچتا ہے تو میں بھی اُن لاکھوں آدمیوں میں مل جاتا ہوں۔ اور تمام کی گونج بن جاتا ہوں۔ اس معنی کر تو لوگوں کو تو یہ کہنا چاہئے کہ ایسا تھالی کا بینگن تو ایک بدمعاش ہوگا۔ اس پر میں نے ایک شخص سے ایک کتاب لکھنے کی فرمائش کی۔ جس کا نام "بدمعاش" تجویز کیا گیا۔ یہاں تک کہ ہر شخص اُس کتاب کے خریدنے کا شایق نظر

آیا محض اس وجہ سے نہیں کہ اس میں کوئی اعلیٰ اوصاف کی قابل قدر باتیں ہونگی بلکہ یہ دیکھنے کے لئے کہ دیکھیں اس میں ہمارا عکس کیسا نظر آتا ہے۔ اس پر میں نے کہا۔ جناب آپ تو ایسی باتیں کرتے ہیں گویا آپ ہی ایسی کتابوں کے مُصنّف ہیں۔ کیا میں چند ایسی کتابوں کے نام پوچھنے کی جرأت کر سکتا ہوں جو اپنی خصوصیات اور وحشت آفریں خیالات کی وجہ سے دنیا کو انگشت بدنداں کر دیں۔ اس پر باتونی کتب فروش نے کہا۔ نہیں جناب کتابوں کے پلاٹ میں خود ترتیب دیتا ہوں لیکن اس کو بڑھا چڑھا کر لکھنے کے لئے میں خود بہت احتیاط برتتا ہوں بلکہ آپ کی مہربانی سے اُمید ہے کہ آپ خود اس چیز کو غور کرینگے۔ ایسے دیکھیے جناب یہاں آسمان کے درخشندہ ستارے رکھے ہیں۔ "اسپسریمیس" یہ کتاب بہت سے طبّی نسخوں کا ترجمہ ہے۔ یہ اُن لوگوں کے لئے بہت مفید ہے۔ جو لاطینی زبان سے واقف نہیں ہیں۔ "آیٹم" یہ کتاب نوجوان پادریوں کے لئے ہے۔ جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ اگر کسی موقع پر کوئی ہنسنے کا موقع ہو تو کس قسم کا چہرہ بنایا جائے جس سے ہنسی بھی واضح ہو جائے اور پھر سنجیدگی بھی باقی رہے۔ اسی "ایٹم" میں عشق کرنیکے۔ محبت کرنے کے اصول بتلائے گئے ہیں۔ اور "چیفیج ایلی" دلال نے بھی خوب خوب اپنے تجربے بیان کئے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس میں یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ پنسل کس طرح سے چھیلا جائے۔ اور "رائٹ انریبل ارل آف ـــــــــ کے لئے

دانت خلالین کس طرح سے کاٹی جائیں۔ یہی "آیٹم" تمام نامی گرامی رسالوں کا باپ دادا کہلا جاسکتا ہے۔ اس پر میں نے کہا۔ ہاں جناب اب ٹائٹیل پیج کا سب سے پہلے چھپ جانا میری سمجھ میں بخوبی آگیا۔ میں چند لمبے لمبے مسودوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوں گا۔ جس میں تاریخ ہو۔ یا کوئی لمبنی رزمیہ نظم ہو۔ یہ سُنکر اُس نے کہا خدا مجھ پر مہربان ہو۔ اچھا آپ جیسا تجارتی آدمی بھی رزمیہ نظم کے پڑھنے کا شوق رکھتا ہے۔ تو لیجئے اب میں آپ کو ایک بہترین عشقیہ قصہ دکھلاؤنگا۔ یہ دیکھئے اس میں موجودہ مذاق کے مطابق شروع سے آخر تک مذاق ہی مذاق ہے۔ اجی ہاں جناب اس میں فقرے ہیں۔ روزمرے ہیں۔ طعنے ہیں۔ لٹکے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ عقلمندی اور ذہانت کے چٹکلے بھی ہیں۔ کیا ان خطوط فاصل کو آپ قلمی خامیاں تصور کرینگے یا قصداً مذاق کے ٹکڑے خیال کرینگے۔ اس پر میں نے کہا۔ بس جناب اس کے سوا اور کچھ میں نہیں دیکھنا چاہتا۔ پھر اُس نے کہا جناب میں باادب آپ سے معافی چاہتا ہوں۔ اب آپ ہی بتلائیے کہ آپ ایسی کتاب کو کیا کہینگے۔ کیا آج کل آپ کوئی نئی چیز پبلک میں دیکھ رہے ہیں جس میں کہ خطوط فاصل۔ یا نقطے نہوں۔ اجی حضور ان نقطوں اور خطوط سے تو زور کلام میں اور زیادتی ہو جاتی ہے۔ حضور۔ ایک باموقع خط فاصل تمام لطیفہ کی جان ہوا کرتا ہے اور موجودہ عہد میں تو یہ خطوط نثر کی جان ہوا کرتے ہیں۔ ابھی گذشتہ موسم میں میں نے

ایک شخص سے ایک کتاب خریدی جس میں کوئی خاص بات نہیں تھی۔ ہاں یہ ضرور تھا کہ اس میں نون سوچیہا نوں چھوٹے چھوٹے فقروں کے آگے رُکاؤ کے نقطے تھے۔ ۲، جگہ آہا آہا تھا۔ تین اچھی باتیں تھیں اور ایک تمام کی زنجیر تھی۔ یہ کتاب پبلک میں خوب چلی۔ خوب آچکی۔ خوب ناچی۔ اور آتشبازی سے زیادہ پبلک میں ہاتھوں ہاتھ لیگئی میں نے خیال کیا جناب آپ تو اُس سے خوب کمائے ہونگے۔ اس سے انکار نہیں کہ وہ چھوٹا سا رسالہ خوب پیسے دیا۔ لیکن وہ کتابیں جن پر کہ گذشتہ موسم سرما میں مجھ کو ناز تھا وہ اور ہی چیزیں تھیں۔ میں نے دو قتل کی روئداد سے بہت کمایا لیکن جو کچھ بھی کمایا وہ سب ایک خیراتی فنڈ میں ضائع ہوگیا "ڈایراکٹ روڈ" اور "اسٹیٹ" سے مجھے بہت کم فائدہ ہوا لیکن "انفرنل گایڈ" نے پھر مجھے نیچے سے اوپر کردیا۔ لیکن جناب وہ کتاب بھی کیسی تھی ایک نہایت لائق عالم فاضل شخص نے اُس کو شروع سے آخر تک دیکھا تھا اور اس میں ابتدا سے انتہا تک اچھی ہی اچھی باتیں تھیں مصنف نے ہنسی مذاق پر بہت زیادہ زور دیا تھا۔ نتیجہ دلچسپ تھا۔ تنقید بھی ایسی تھی کہ نازک طبایعوں پر گراں گزرنے والی نہیں تھی مصنف نے اس بات کا خیال رکھا کہ نتیجہ اور مذاق دونوں ساتھی ہی ساتھ چلیں تاکہ اصل کتاب پر اس کا کوئی بار نہ ہو۔ اس پر میں نے پوچھا کہ آخر کتاب کس غرض کے لئے شایع کی جاتی ہے۔ کتب فروش نے

کہا۔ جناب فروخت ہونے کے لئے اور یہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ اصل کتاب اس قدر زیادہ تعداد میں نہیں بکتی۔ جس قدر کہ تنقید بکتی ہے۔ اور یہ تنقید کتاب کے شائع ہونے کے ساتھ ہی پبلک میں آجاتی ہے۔ موجودہ عہد میں وہ کتاب جو سب سے زیادہ فروخت ہونے والی ہوتی ہے۔ میں تنقیدی کتابوں کو تمام پر ترجیح دیتا ہوں۔ اس لئے کہ یہی کتابیں بہت زیادہ تعداد میں فروخت ہوتی ہیں۔

مجھے خیال ہے کہ ایک مرتبہ میرا سابقہ ایک ایسے مصنف سے پڑا جس نے اپنی کتاب میں ایک نقطہ بھی ایسا نہیں چھوڑا جو نقادوں کے لئے کارآمد ہوتا۔ وہ ہر نقطہ کو نہایت جانچ پرتال سے لکھتا اور ہمیشہ سلامت روی کی چال سے چلتا کہ تنقید نگاروں کو کوئی موقع اعتراض کا نہ ملے۔ پس یہی اُس کی خصوصیات کہلائی جاسکتی تھیں۔ جو اُس کا ساتھ دیر ہی تھیں۔ میں نے اُس کے اسلوب نگارش پر نظر ڈالی وہ بھی تنقید کے حدود سے پار تھا۔ چونکہ وہ کسی کام کا نہیں تھا۔ اس لئے لوگ اس کو قلم دوات اور کاغذ لالا کر دیا کرتے تھے کہ وہ دوسروں کی تصانیف پر خوب دل کھول کر اعتراض کیا کرے۔ قصہ مختصر یہ ہے کہ میں اس کو ایک خزانہ سمجھتا ہوں اور کوئی ایسی قابلیت نہیں ہے جو اُس کے یہاں موجود نہ ہوں۔ لیکن جو چیز کہ تمام سے ممتاز ہے وہ یہ ہے کہ جو کچھ وہ لکھتا ہے وہ بہت ہی تلخ ہوتی ہے۔ اور جب وہ شراب پی کر لکھتا ہے تو اُس کا کیا کہنا وہ تو

نور اعلیٰ نور ہوتی ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ کیا اُس کے پاس کوئی ایسی کتاب نہیں ہے جس پر لوگ اعتراض کر سکیں۔ اور اُس کو قانون کے اندر لا سکیں۔ اس پر کتب فروش نے کہا جی جناب دنیا کی خواہ کسی زبان کی کتاب ہو۔ یہ لوگ ان پر اعتراض کرنے سے بعض نہیں آسکتے۔ وہ تو وہ اگر آپ چینی زبان میں بھی کتاب لکھیں گے تب بھی یہ لوگ اس پر نکتہ چینی ضرور کریں گے۔ فرض کیجئے کہ آپ ایک کتاب چھپانا چاہتے ہیں۔ چاہے وہ چینی زبان کی کتاب کیوں نہ ہو۔ لیکن تمام دنیا میں اُس کے ذریعہ سے آپ کو روشناس کر دیا جائیگا۔ اور یہ ظاہر کر دیا جائیگا کہ آپ بہت بڑے مصنف ہیں۔ کیا آپ موجودہ تہذیب تمدن کے اس قدر حامی ہوں گے اور اپنے وطن کی اس قدر پاسداری کرینگے جہاں سے آئے ہیں۔ کیا آپ مشرقی معلومات کو اپنا ذریعہ معلومات بنانا پسند کرینگے اور اس پر استوار رہیں گے۔ اور اپنے آپ کو سیدھا سادہ ثابت کرنے کی فکر کرینگے۔ و نیز اپنے آپ کو بالکل قدرت و فطرت کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرینگے۔ اس حالت کو بھی دیکھ کر یار لوگ آپ پر ضرور اعتراض کرینگے۔ اور آخر کار آپ کو مع ایک مُنہ چڑھانے والے کے وہ لوگ چین بھیج دینگے۔ تاکہ وہاں آپ کی خوب دل کھول کر کے داد دی جائے۔ وہ یہ خیال کرے گا کہ پہلے یا دوسرے خط کے بعد وہ شہرت باقی نہیں رہتی۔ اور پبلک اُس کی تنقیدوں کی مشتاق نظر آتی

ہے۔ اور ہر چیز کو آپ کی سادہ لوحی پر محمول کرے گی جو کہ اعتراضات سے زخمی ہوتی رہتی ہے۔

میں نے کہا آپ بالکل سچ کہتے ہیں۔ اس خطرہ کو دور کرنیکے لئے اور پبلک کو اپنا حامی بنانے کے لئے میں اپنی انتہائی لیاقت و محنت سے کام لونگا۔ اگرچہ کہ میں اتنا لائق نہیں ہوں کہ ہر چیز کا کھلے ڈلے مقابلہ کرسکوں۔ پھر بھی میں اپنی کمزوری کو ظاہر نہ ہونے دونگا۔ اور اپنے آپ کو اتنا بے وقوف بھی ثابت نہیں کرونگا۔ جتنا کہ قدرت نے مجھے بنایا ہے۔ اس پر کتب فروش نے کہا کہ تب تو یہ بڑی خوبی کی چیز ہے۔ ہم تو آپ کو اپنی ہتیلی کا پھوڑا بنا کر رکھینگے۔ چاہے وہ یقینی ہو۔ یا غیر یقینی ارادی ہو یا غیر ارادی۔ یا اخلاق و عادات سے بالکل بعید ہو۔ اور یہ غلطی فائدہ بخش تو ضرور ہوگی۔ پھر تو جناب ہم آپ کو چوہے کی طرح شکار کرسکتے ہیں۔ ابا کی قسم اس کے صرف دو طریقے ہو سکتے ہیں یا تو دروازہ کھلا ہوا ہو یا بند ہو۔ چاہے میں حق پر ہوں یا بے حق۔ فطری ہوں یا غیر فطری۔ لیکن ہم اعتراض ضرور کرینگے۔ کتب فروش نے کہا کہ ہماری یہ کوشش ہوتی ہے کہ بالکل بے وقوف بنا کر چھوڑیں۔ اور علی اعلان کے مقابلہ میں اچھی خاصی زک اُٹھانی پڑے۔ لیکن ہاں جناب مجھے معاف کرنا یہ موقع تو معاملہ کا ہے۔ میری ایک کتاب آج کل پریس میں ہے اور زوروں سے اُس کا کام چل رہا ہے۔ کتاب کیا ہے ایک چین کی

تاریخ ہے۔ براہ کرم اگر آپ اتنی تکلیف گوارا کریں کہ آپ اپنا نام دیدیں۔ تو اس پر میں آپ ہی کا نام چھاپ دوں جس کے لئے میں آپ کا بہت شکر گزار ہوگا۔ کیا کہا جناب ایسی کتاب کے لئے آپ میرا نام مانگتے ہیں۔ جس کو میں نے دیکھا بھی نہیں ہے۔ نہیں جناب مجھے معاف کیجئے۔ میں پبلک میں اپنے نام کی شہرت گنوانا نہیں چاہتا۔ میرے اس سرد مہری کے جواب سے اس کی اُمیدوں پر پانی پڑ گیا۔ اور ادھ گھنٹہ تک خواہ مخواہ کی بحثا بحثی ہوتی رہی۔ آخرکار وہ شکستہ خاطر میرے پاس سے اُٹھکر چلا گیا۔

اچھا خدا حافظ۔

۸۲۶
دول

دسواں خطبہ

ایک اہم شخصیت کی عادات و اطوار

[illegible]

([illegible])

اگرچہ فطرۃً میں قنوطی واقع ہوا ہوں لیکن خوش مزاج صحبتوں کا عاشق ہوں۔ اور ہر ایسے موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے میں ہر قسم کے کام کاج چھوڑ کر محظوظ ہونے کی کوشش کرتا ہوں۔ اسی خیال کے تحت میں ہمیشہ خوش مزاج صحبتوں کا مرکز بنا رہتا ہوں۔ اور جہاں کہیں مسرت و راحت کا بازار گرم ہو جاتا ہے۔ میں وہاں اس کے خریدنے کے لئے یا کسی کے بلائے ہوئے خود ہی اسے پہونچ جاتا ہوں۔ آگے چاہے جو کچھ بھی ہو۔ مگر میں تو شریک محفل ضرور ہوتا ہوں۔ میں بالکل اُن لوگوں کے ہم خیال ہو جاتا ہوں۔ جیسا وہ چٹکلے چلاتے ہیں اور ہر طریقہ سے اُن کی ہمنوائی کرتا ہوں۔ اور جب وہ کسی چیز سے اظہار تنفر کرتے ہیں۔ اس چیز سے میں اُن سے زیادہ بیزاری ظاہر کرتا ہوں۔ ایک دل جو کسی وجہ کی بنا پر دب رہا ہو۔ اور اپنی فطری رفتار سے بھی اس میں کمی واقع ہو جائے۔ دراصل یہ تیز اڑان کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ جب کوئی شخص آگے

کودنا چاہتا ہے۔ تو وہ پہلے دور سے دوڑتا ہوا آتا ہے۔ اور پھر جست بھرتا ہے۔ جس سے اُس کی اُڑان میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ شام کی بہار سے متاثر ہو کر میں اور میرے دوست نے دونوں کسی پبلک پارک میں بغرض تفریح جانے کا ارادہ کیا۔ جو شہر سے بالکل قریب تھا۔ پارک میں پہونچنے کے بعد اِدھر اُدھر ہم بلا ضرورت ٹہلنے لگے۔ پارک میں بہت سے حسین و جمیل نظر آئے۔ جن کی تعریف کئے بغیر ہم خاموش نہ رہ سکے۔ بعض تو صورت کی تعریف کے مستحق تھے۔ اور چند کپڑوں کی تعریف کے۔ ہم دونوں یوں ہی ٹہلتے ٹہلتے آگے نکل گئے تھے۔ کہ میرے ساتھی نے میری کہنی پکڑ لی۔ اور کہا کب تک یہاں ٹہلو گے چلو پبلک پارک سے باہر چلیں۔ وہ بہت تیزی کر رہا تھا۔ یہانتک کہ میں اُس کے قدموں کا بھی ساتھ نہ دے سکا۔ اس تیزی میں وہ گھڑی گھڑی پیچھے مڑ مڑ کر دیکھتا جاتا تھا۔ اور ایک شخص سے جو بلائے بے درماں کی طرح اس کے پیچھے پیچھے چلا آرہا تھا۔ اُس سے اپنا پیچھا چھڑانا چاہتا تھا۔ پہلے ہم داہنی طرف مڑے۔ پھر اُس کے بعد بائیں طرف مڑے۔ پھر اُس کے بعد بائیں طرف۔ جوں جوں ہم آگے تیز تیز جا رہے تھے۔ وہ شخص بھی ہمارے برابر آجانے کی کوشش کر رہا تھا۔ اور تیز تیز چل رہا تھا۔ ہماری سب کی کوششیں بے سود ثابت ہوئیں۔ جس شخص سے ہم بچنا چاہتے تھے۔ وہ ہر موقع پر ہمارے ساتھ اور ہر گھڑی خصوصاً اس باب میں اس کو فتح حاصل ہو رہی تھی۔ آخر

میں ہم ٹھٹک کر خاموش کھڑے ہو گئے۔ اور ہم نے یہ ارادہ کر لیا کہ چلو آج اُس سے دو دو باتیں تو ہو جائیں۔ جس سے ہم بچ نہ سکے۔

ہمارا تعاقب کرنے والا فوراً ہمارے پاس آگیا۔ اور اس طریقہ سے صاحب سلامت ہوئی کہ گویا ہم ایکدوسرے کے بہت یارِ غار اور قدیم دوست ہیں۔ اجنبی نے کہا میرے پیارے "ڈاری بون" یہ کہتے ہوئے اُس نے ہاتھ ملانا شروع کیا اور یوں گویا ہوا کہ اے میرے سوکھے سہمے دوست آپ تقریباً نصف صدی سے کہاں پوشیدہ ہیں۔ میرا تو یہ خیال تھا کہ آپ کسی کی زلف میں اُلجھ گئے ہیں۔ اور شہر سے باہر گاؤں میں الفت و محبت کے پینگ بڑھا رہے ہیں۔ کیوں ٹھیک ہے نا ایسی ہی بات ہے۔ اس جواب کے دینے سے پہلے میں نے اُسکے لباس کا آنکھوں سے جائزہ لینا شروع کیا۔ اس کی ٹوپی متعدد مقامات سے پھٹی ہوئی تھی۔ اور رنگ بھی غائب ہو چکا تھا۔ خود اس کے چہرے کا رنگ زرد اور اس کا جسم نحیف اور ناقابل التفات تھا۔ اپنے گلے کے گرد حضور نے ایک سیاہ مخملی فیتہ بھی باندھ لیا تھا۔ اور سینہ پر ایک خوشنما شیشہ کا نگینہ بھی لگا ہوا تھا۔ اس کا کوٹ میلا اور شکن آلود تھا۔ کمر سے ایک ٹوٹی پھوٹی تلوار بھی بندھی تھی۔ جس کا قبضہ سیاہ تھا۔ اُس کے لمبے پائتابے اگرچہ وہ دُھلے ہوئے تھے۔ لیکن زیادہ استعمال کی وجہ سے وہ بے رنگ ہو گئے تھے۔ میں اُس کے اس لباس کو دیکھکر اُسی میں محو ہو گیا۔ اور وہ کیا کہہ رہا تھا۔ اس کا مجھے مطلق خیال نہیں رہا۔

ہاں البتہ اُسکے آخری جملے مجھے یوں سنائی دیئے۔ جس میں اُس کے لباس کی خوش مذاقی اور خوبصورتی کا سہرا وہ اپنی بیوی کے سر باندھ رہا تھا۔

اجنبی دوست یہ بتلانا چاہتا تھا کہ اُس کی بیوی نہایت سلیقہ شعار اور خوبصورت عورت ہے۔

چشم۔ اس نے کہا اجی جناب اس کو چھوڑیئے۔ میں آپ سے محبت کرتا ہوں اور آپ مجھ سے کریئے۔ آپ کو معلوم ہے کہ میں خوشامد سے نفرت کرتا ہوں۔ میں اپنے وجود کی قسم کھاتا ہوں۔ اور یہ امر واقعہ ہے کہ مجھے خوشامد ایک آنکھ نہیں بھاتی۔ باوجود اس کے تمام امیر کبیر لوگ مجھ سے ہر وقت ملنے کے خواہاں رہتے ہیں۔ اور جس کو دیکھو نئے نئے کھانوں کی دعوتیں دیتا رہتا ہے۔ لیکن میں کیا کروں۔ میں اپنی طبیعت سے مجبور ہوں۔ اور اُن لوگوں سے پیچھا چھڑانیکی ہزار ہزار کوشش کرتا ہوں۔ مگر یہ ایسے چمٹے رہتے ہیں کہ مجھے کچھ کہنے کا موقع بھی نہیں دیتے۔ ان میں بعض اچھے اور مہذب لوگ بھی ہیں۔ مگر جناب مجھ سے ایسی بے رخی نہیں برتی جاتی۔ آخر اور لوگ جو زندہ رہنا چاہتے ہیں اور جو آپس میں میل ملاپ بڑھانا چاہتے ہیں۔ اُن کی بھی کوئی خبر گیری کرے گا یا نہیں بعض تو بیچارے اسقدر سیدھے سادھے ہوتے ہیں کہ جیسے میرے معزز دوست "لارڈ مُلر" ہیں۔ یہ ایسے مقدس آدمی ہیں کہ اُنہوں نے کبھی مرکب شراب کی تیاری کے وقت کبھی اپنے ہاتھ سے اس محلول میں لیمو نچوڑنے کی

بھی زحمت گوارہ نہیں کی۔ ایسے شخص کا میں خود بھی پرستار ہوں۔ اور لوگ بھی اس کی تعظیم و تکریم کرتے ہیں۔ ابھی گزشتہ کل کا ذکر ہے کہ مجھے بیگم صاحبہ "پکا ڈلی" کے ساتھ کھانا کھانے کا اتفاق ہوا۔ میرے نواب بھی وہیں موجود تھے۔ نواب نے مجھ سے ہنستے ہوئے کہا اجی مرشد کہو تو میں شرط باندھ لوں۔ اور یہ میں دعوی سے کہہ سکتا ہوں اور آپ کو بتلا سکتا ہوں کہ کل رات آپ کہاں تھے۔ میں نے کہا بتلائیے میں کہاں تھا۔ اُس نے کہا آپ ہم سے اڑ کر کہاں جائیں گے۔ اجی قبلہ رات آپ حسن و شباب کی سرپرستی فرمانے کے لئے کہیں گئے تھے۔ یا نہیں۔ میں نے تعجب سے کہا سرپرستی اور حسن و شباب کی میں اور اس عیاشی کے چکر میں آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ میں تو جوان مست شباب لڑکیوں کی تلاش میں نہیں پھرتا ہوں۔ بلکہ لڑکیاں خود میری تلاش اور جستجو میں رہتی ہیں۔ نواب جب کبھی مجھے کوئی خوبصورت عورت مل جاتی ہے تو اُس پر میں اس بری طرح سے گرتا ہوں۔ جیسا کہ اکثر جانور اپنے شکار پر گرتے ہیں۔ میں کچھ نہیں کرتا ہوں بلکہ شکار خود شکاری کے قبضہ میں آنا پسند کرتا ہے۔ اور پھر میں اُس کو ہڑپ کر لیتا ہوں۔

اے بدبخت "ٹب" تو بھی کس قدر بدقسمت آدمی ہے۔ ترحم آمیز نظریں ڈالتے ہوئے یہی میرے ساتھی نے کہا۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ آپ کا نصیبہ بھی اس قدر بلند ہوگا۔ جیسے کہ آپ کے خیالات

اعلیٰ ہیں۔ اور جس طرح سے سوسائٹی میں آپ کی عزت و وقعت ہے۔
قسمت بھی آپ کا ساتھ دیتی ہوگی۔ بے شک ترقی۔ اور زبردست ترقی
یہ آپ کو معلوم ہوگا۔ مگر اس کو ہٹاو بھی۔ مگر ہاں سنو یہ ایک راز کی بات
ہے۔ اجی جناب پانسو چاہئیں۔ پانسو۔ خصوصاً ایسا دلچسپ سال شروع
کرنے کے لئے میں اپنے نواب کی عزت کی قسم کھاتا ہوں۔ ابھی کل
نواب اپنی گاڑی میں مجھکو بٹھا کر اچھے گاؤں لے گئے۔ اور
وہاں ہم دونوں نے تخلیہ کا کھانا کھایا۔ جہاں سوائے ہم دونوں کے
اور کوئی نہیں تھا۔ میں نے کہا اجی جناب آپ بھولتے ہیں۔ ابھی آپ نے
کہا تھا کہ کل ہم ایک قصبہ میں کھانا کھانے کے لئے گئے تھے۔ اور ابھی
آپ نواب کے ساتھ اُن کے مقطعہ کا ذکر کر رہے ہیں۔ اچھا تو کیا
میں نے یہ کہا تھا۔ وہ ذرا ٹھنڈا ہو گیا۔ اچھا اگر میں ایسا کہا تھا تو
سنو اور ہاں میں نے گاؤں میں کھایا تھا۔ تو اچھا اب مجھے یاد آیا
میں نے قصبہ میں بھی کھانا کھایا۔ لیکن پھر میں نے مقطعہ میں بھی
کھانا کھایا۔ ہاں ہاں خوب یاد آیا۔ اجی مہربان من یہ آپ کو معلوم
ہونا چاہیئے کہ میں دو دو ڈنر بھی کھا سکتا ہوں۔ اور خصوصاً کھانے
میں تو شیطان بھی میرا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ آپ ادھر تو آیئے آپ کے
میں ایک دلچسپ مگر راز کا قصہ سُناتا ہوں۔ ایک دن لیڈی
"گروگرام" کے ساتھ بالکل منتخب احباب کے ساتھ ہم لوگ کھانا
کھا رہے تھے۔ لیڈی گروگرام نہایت شوخ اور خوش مذاق عورت

ہے۔ دیکھئے اس کا ذکر کسی اور سے مت کیجئے گا۔ اُس کو آپ بالکل راز میں رکھئے۔ اور حقیقت میں یہ راز ہے۔ اتفاق سے کھانے کے میز پر ٹرکی (مرغ) بھی تھا۔ اس پر شوربہ اور سرکہ چھڑک چھڑک ہم لوگ کھا رہے تھے۔ مگر اس شوربہ میں ہینگ نہیں ملی تھی۔ میں نے کھاتے ہوئے کہا میں ایک ہزار اشرفیوں کی شرط بدتا ہوں۔ اچھا دیکھیں سب سے پہلے کون کھاتا ہے۔ لیکن پیارے "ڈاری ابن" آپ انتہائی شریف اور ایماندار شخص معلوم ہوتے ہیں۔ یہ سمجھ کر میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ اس وقت مجھے نصف کراؤن کی سخت ضرورت ہے۔ براہ کرم عنایت فرما کر مجھے ممنون فرمایئے۔ لیکن اس کا خیال رکھئے کہ آپ مجھ سے وصول ضرور کر لیجئے۔ اس لئے کہ میں بھولتا بہت ہوں۔ اور بیس حصہ اس بات کا ڈر ہے کہ کہیں میں آپ کا قرضہ بھول نہ جاؤں۔ آپ مجھے اس کی بابتہ صرف یاد دلاتے رہئے۔

جب وہ ہم سے جدا ہو گیا تو اُس کے متعلق بہت دیر تک ہم لوگ اظہار خیال کرتے رہے۔ کہ اس قسم کا تعجب خیز شخص جس کا لباس خود کیا کم مضحکہ خیز اور ہنسانے والا تھا۔ کبھی تو آپ اُس کو پھٹے ہوئے چیتھڑوں میں دیکھینگے۔ اور کبھی آپ اس کو کارچوبی لبا پہنا۔ دیکھیں گے جن جن لوگوں کا اور بڑی بڑی شخصیتوں کا یہ اکثر ذکر کیا کرتا ہے۔ اُن سے گہری ملاقات تو ایک بڑی چیز ہے کبھی کی دور سے اور وہ بھی چائے خانہ کی بھی اس سے شناسائی نہیں ہوتی۔ بہرکیف

کچھ تو سوسائٹی کی دلچسپی کے لئے اور کچھ تو اُس کو قدرت نے یوں عجیب الخلقت اور مفلس بنا دیا ہے۔ وہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ تمام دنیا اس کی آرزوں کو پورا کرنے کی فکر میں رہتی ہے۔ اور یہ خود اہل دنیا سے اپنے آپ کو چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس میں شک نہیں ہے کہ اس دلچسپ دوست کو اور ہر شخص اُس کو اچھی طرح جانتا ہے۔ مگر لوگ اُس کی چرب زبانی کے پہلے حصہ کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اور بعد کا حصہ یعنے جیب پر ہاتھ ڈالنا یہ لوگوں کو نہیں بھاتا۔ اس لئے کہ لسانی کے بعد یہ ہر ایک سے کچھ نہ کچھ وصول کرنے کی فکر میں رہتا ہے۔ جوانی میں یہ اپنی چرب زبانی اور عیاری سے اپنا پیٹ پال لیتا ہے۔ لیکن جب بڑھاپا مسلط ہو جاتا ہے اور وہ اپنی دہی چھچھوری اور مضحکہ خیز حرکات سے کام لینا چاہتا ہے۔ جیسا کہ وہ جوانی میں کرتا تھا تو کوئی اس کو اچھی نظروں سے نہیں دیکھتا۔ اور آخر میں یہی شخص کسی بڑے گھرانے میں جا کر اُن کے دروازہ پر پڑ جاتا ہے۔ اور وہاں اس کی شخصیت اس سے زیادہ نہیں ہوتی۔ کہ ملازمین کی جا و بے جا شکایت کرتا رہے۔ اور اپنے آپ کو اُن کے لئے جاسوس بنالے۔ یا اکثر ایسا ہوتا ہے کہ چھوٹے چھوٹے بچوں کو ڈرانے کے لئے ہوّا کے نام سے یاد کیا جاتا ہو۔

اچھا خدا حافظ۔

گیارھواں خط

تارک الدنیا ہو کر عقلمندی سیکھنا بیوقوفانہ کوشش ہے

یون چی الینگی ایک خط ہینگپو کو باسکو کے راستہ لکھتا ہے

میرے ۔ پیارے بچے ۔ کتابوں کے مطالعہ سے ہم دوسروں کی عزت کرنا سیکھتے ہیں ۔ اور بعض اوقات ہم خود اس میں اس قدر منہمک ہو جاتے ہیں کہ خود ہم کو اپنا خیال نہیں رہتا ۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ نوجوانوں کو اُن کے مذاق کے مطابق ایک لطیف خوشی کا احساس ہوتا ہے جس میں مجموعی طور پر تو رنج و غم پنہاں ہوتے ہیں ۔ لیکن فطری خوشی میں ہر شئے حصہ لینے کو تیار رہتی ہے ۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس دنیاوی جلسہ ترنم میں وہ خود بھی برابر کا حصہ دار نظر آتا ہے ۔ لیکن اس انداز سے کہ اپنی ہستی کو بالکلیہ فراموش کر دیا جائے ۔

میں اُن فلسفیوں کو نہایت نفرت کی نظر سے دیکھتا ہوں جو کہ

مصائب دنیوی کو نہایت خوشگوار رنگ میں لوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ جن سے قنوطی طبقہ خوش ہو کر اُن تکالیف پر ابدی مسرت کا دھوکہ کھا کر مرمٹنے کو تیار نظر آتا ہے۔ اور مفلسی کی تکالیف کو حاصل کرنے کے لئے اپنے دلی اشتیاق کا اظہار کرتا ہے۔ اور جب مفلسی سے ملتے ہیں تو اس طرح سے کہ گویا اُن کو کسی قسم کا کوئی ڈر نہیں ہے۔ اور اکثر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ جب تک عوام مفلسی کے انتہائی خوگر نہ ہو جائیں۔ اُس کے شدائد اور جانکنی کو ایک تماشہ اور ایک مذاق خیال کرتے ہیں۔ اور اُس سے ہراساں ہونا تو درکنار اُس کو اپنے لئے ایک سرمایہ مسرت خیال کرتے ہیں۔

ایک وہ نوجوان جس نے اپنی تمام عمر مطالعہ کتب میں صرف کردی ہو۔ اُس کے لئے عملی طور پر دنیا ایک عجوبہ سے کم نہیں ہوتی جہاں دنیاوی عیاروں سے اور اُس سے مطلق راہ و رسم نہیں ہوتی لیکن فلسفیانہ معلومات کی بنا پر اس دنیا کو بھی وہ ایک وجود تسلیم کرتا ہے۔ جس کے دماغ میں عقلمندوں کی ہر زہ سرائیوں کا کافی انبار لگا رہتا ہے۔ لیکن پھر بھی وہ اس دنیاوی عملی سفر کے لئے ایک کامیاب رہبر و کہلانے کا ہرگز مستحق نہیں ہوتا۔ یہ درست ہے کہ وہ شعاع ذہانت و تدبر کو چراغ رہنمائی خیال کرتا ہے۔ وہ شاہراہ خود اعتمادی پر بلا کھٹکے گامزن ہو جاتا ہے۔ اپنے بیجا فخر و غرور کی باعث اُس سے خطائیں سرزد ہوتی رہتی ہیں۔ اور مجموعی طور پر آخر کار اپنے آپ کو ہر شعبہ میں اور

ہر عملی کام میں ناشاد و نامراد پاتا ہے۔

وہ ناتجربہ کار نوجوان جو کچھ حاصل کرتا ہے۔ پہلے کتابوں سے سیکھتا ہے۔ اُس کے بعد اُنہیں تجربات کو مقولہ کے طور پر پیش کرتا ہے۔ یعنی اس دنیا میں خصوصاً بنی نوع میں نیکی اور بدی کی تعداد بہت کافی ہے۔ اور اُس کو مدتوں یہ سکھایا گیا ہے۔ کہ وہ بدیوں سے احتراز کرے اور نیکیوں پر فدا ہو جائے۔ اُن کو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ دوستوں کے ساتھ محبت اور خوشدلی کا برتاؤ رکھنا چاہیئے۔ اور دشمنی کے احساسات پر ثابت قدم رہیں۔ اُس کا برتاؤ ہر ایک سے چاہیئے وہ دشمن ہو یا دوست تمام سے اُس کا سلوک یکساں رہتا ہے۔ سوائے محدود سے چند جن سے وہ اُن کی سچائی کی بدولت وہ محبت ہی نہیں بلکہ عشق رکھتا ہے۔ اپنے دشمنوں کو نیک راستہ پر چلنے کے لئے اُن کو بُرا بھلا بھی کہتا ہے۔ اسی اصول پر وہ آگے قدم اٹھاتا ہے۔ لیکن ہر قدم پر اُس کو ناکامیابی اور نا اُمیدی سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ انسانی طبایعوں کو نظر غایر سے دیکھنے کے لئے وہ دوستی میں توازن خیال پیدا کر لیتا ہے۔ وہ اپنی سرد مہریوں کو ملایم بھی بنا لیتا ہے۔ اور اکثر وہ انسانی خوبیوں کو برائیوں کے ابر میں ڈھکا ہوا دیکھتا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ بہت سے لوگوں کی برائیاں سچائی میں چمکتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ اُس کو دنیا میں بہت کم پرہیزگار انسان نظر آتے ہیں جو شاید ہی گناہوں میں نہ ملوث ہوئے ہوں۔ اور چند ہی ایسے باوقعت نظر آتے ہیں۔

جن کی عوام میں شہرت نہ ہوئی ہو۔ ایک متقی اور مقدس انسان میں وہ برائیاں دیکھتا ہے۔ اور ایک مجرم کے چہرے میں اُس کو بھلائیوں کی جھلک نظر آتی ہے۔ اُس کو جذبۂ وفا کا یقین ہو جاتا ہے۔ اور اُس کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُس کی پاسداری بہت دیر سے شروع ہوئی ہے۔ اُس کی نفرت میں بھی غصہ کا بہت کم عنصر شامل ہوتا ہے۔ یعنی یہ کہ ایک عقلمند کی محبت کبھی کبھی ایک نمونہ کے قابل محبت بھی کہلائی جاسکتی ہے۔ اور یہ وہی شخص ہوتا ہے۔ جو اکثر بُرے اور بد طینتوں سے احتراز کرتا ہے۔

اس محبت کے معاملہ میں ہر وقت اُس پر ایک نیا کیف طاری رہتا ہے۔ اور ہر گھڑی اُس کو یہی اندیشہ رہتا ہے کہ کہیں میری محبت کا خاتمہ نہ ہو جائے۔ اور جن لوگوں کی یہ عزت نہیں کرتا اُن سے اُس کو یہی توقع ہوتی ہے کہ کہیں اُس کے احساسات کسی زخم سے زیادہ مجروح نہ ہو جائیں۔ قصہ مختصر یہ ہے کہ اُسکو مان لینا پڑتا ہے کہ میں برائیوں اور بدیوں کے خلاف جنگ کر رہا ہوں۔ یہ سمجھکر کہ ان لوگوں کو نیکی کی دیوی سے عشق اور لگاؤ نہیں ہوتا۔ ایسی حالت میں اُن سے لڑائی قبول کر لینا ہی بہتر ہے۔ کتابوں سے سیکھا ہوا فلسفی ہمارے نظریہ سے بہت بلند ہوتا ہے۔ مفلسی یہ مانی ہوئی بات ہے کہ بہت سے دشمنوں کی ریشہ دوانیوں کا نتیجہ ہوا کرتی ہے۔ اور اُس کا اثر بھی اُس پر بہت زیادہ ہوتا ہے۔

لیکن مفلسی سے وہ بلا کسی جھجک اور خطرے کے برابر ملتا ہے۔

فلسفیوں نے مفلسی پر بڑی بڑی رنگ آمیزیاں کی ہیں۔ اور اُس کو جادو فریب رنگ میں پیش کیا ہے۔ ایسے وقت میں اُس کا فخر و غرور خیال کی زد میں آ جاتا ہے۔ اور وہ چاہتا ہے کہ دنیاوی خوبیوں یا برائیوں کو وہ خود اپنے آپ میں پیدا کر دے لیکن باوجود اس جرأت کے وہ دنیا سے بے تعلقی کی بھی مثال بتلانا چاہتا ہے اور اس کام کو اپنے اُوپر مقدم سمجھتا ہے۔ اے مفلسی۔ اے درماندگی۔ ادھر آ۔ بتلا۔ تجھ میں کونسی ایسی بات ہے۔ جس سے عقلمند لوگ تجھ سے گھبراتے ہیں۔ یہ تو سب کو معلوم ہوتا ہے کہ تیرے ساتھ ساتھ عادات و اطوار کفایت شعاری اور صحت کے خزانے ہوتے ہیں۔ مسرت آزادی اور بے فکری تیرے دوست کہلاتے ہیں۔ کیا کوئی شخص ان خوبیوں سے متنفر اور اُن سے شرماتا ہے۔ جیسا کہ "سن سناٹیس"
تمام کام انجام دینے کے بعد بھی اپنے پیشے پر چسپاں رہا۔ اور مطلق اُس سے شرم نہ کی۔ اس دنیا میں کیا کیا عجائبات ہیں۔ جاری چشمے۔ وادیوں کی سرسبز بوٹیاں۔ کیا ان سے قدرت میں کامل اطمینان پیدا ہو جاتا

"سن سناٹیس" پانچویں صدی قبل مسیح کا یہ ایک رومی کاشتکار تھا جو جنگ آزادی کی قیادت میں اُس نے اپنا پیشہ چھوڑ دیا تھا۔ اپنے ملک کو "ایکوی" کے حملوں سے بچانے کے اُس نے پھر کاشتکاری اختیار کر لی تھی۔

ہے۔ انسانوں کو ان چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے یا نہیں۔ ہوتی ہے مگر موقع کے ساتھ اور تھوڑی سی۔

مفلسی! اے پیاری مفلسی۔ تو آ اور میرے پاس جلد آ۔ تو وہی ہے نہ جبکہ ایک بادشاہ کے بازو کھڑی ہو کر اُس کو دیکھتی ہے۔ اور ایک فلسفی کے قریب جا کر اسرار خداوندی کے رموز اُس پر منکشف کرتی ہے۔ بول کیا تو وہ نہیں ہے۔ ایک غریب شخص یہ تمنا کرتا ہے۔ جبکہ وہ خراب کھانا کھاتا ہوتا ہے۔ اور یہ انتظار کرتا ہے کہ اے کاش! میرے اس کھانے کو میرا بادشاہ دیکھ لیتا اور دیکھ کر مجھ پر رحم و کرم کی بارش برساتا۔ وہ یہ سمجھتا ہے کہ میرے غریب ہونے سے تمام دنیا کے آدمیوں نے مجھ سے مُنہ پھیر لیا ہے۔ اور ایک فلسفی کو یہ حق دیدیا ہے کہ وہ جس طرح چاہے۔ تنہائی اور کم مائیگی پر تبصرہ کرلے۔ اس کو ہم بہ طیب خاطر منظور کرتے ہیں کہ فلسفی کی اداکاری اس وقت کیجائے جبکہ ہم یہ سمجھ لیں کہ ہم لوگ تمام مناظر بخوبی دیکھ رہے ہیں۔ ایسی حالت میں صبر و تحمل کی موٹی نقاب مُنہ پر ڈال لینا فضول سی چیز ہے۔ اور اسٹیج پر اس وقت آنا چاہیئے۔ جبکہ کوئی اعتراض کرنے والا نہ ہو۔ اور جہاں کوئی متنفس بھی محض دیکھنے کی خاطر نہ آیا ہو۔

پس وہ شخص آدمیت سے کوسوں دور ہے۔ جبکہ اُس کی شجاعت اُس کی خود توصیفی اور خودداری پر غالب آجائے۔ اور وہ ہر طریقہ سے مطمئن نظر آئے۔ اُس کو اپنی موجودہ تکالیف کا احساس نہ ہو جو کہ اُسکے

لئے قدرتی اور غیر مرعی ہوں۔ یا کوئی شخص اپنے جذبات کو محض دھوکہ کے جامہ میں پوشیدہ کر دے۔ انسان جب جذبات کے نرغے میں پھنس جاتا ہے تو وہ خوف و یاس میں غم و غصہ میں کوئی تمیز نہیں کرتا۔ سرے ہی سے وہ تمام دنیا کو نفرت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اور خود اپنے آپ کو ایک نفرت کرنے والا ایک تنہائی پسند اور اور بالکل آزاد خیال تصور کرتا ہے۔ اور آخر میں یہی اُس کا مطمح نظر ہو جاتا ہے کہ وہ ہر شئے کو بُرا بھلا کہے۔ اور یہ تو عوام کے نوکِ زبان ہو تا کہ تارک الدنیا اشخاص یا تو جانور ہوتے ہیں یا پھر خاص ملکوتی صفات کے مالک ہو جاتے ہیں۔ اور ہے بھی یہ مسئلہ بڑا پیچیدہ اور دشوار۔ اور اس کی تعریف ناقابل بیان ہے۔

وہ بے صبر اور متلون المزاج انسان جو معاشرہ سے کنارہ کش ہو گیا ہو۔ حقیقت میں وہ ایک سیدھا سادا اور بے لوث آدمی ہوتا ہے۔ اُس کی مثال ایسی ہوتی ہے کہ اُس نے دنیا کو بلا تجربہ کے شروع کیا ہو۔ اور اُس کو یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ اپنے ہم جنسوں سے کس طرح سے فائدہ اُٹھایا جائے۔ اچھا خدا حافظ :۔

بارھواں خط

دیوانے کُتّوں کا خوف

(ایک طنز)

لیوآن چی الٹینگی ایک خط فم ہوم کو لکھتا ہے جو کہ میونسپل اکیڈمی پیکن کا پریسیڈنٹ تھا

محبت اور بے تحاشا محبت خصوصاً فطری اور مناظر قدرت سے محبت یہ اب اہل انگلستان سے رخصت ہوئی جارہی ہے۔ جیسا کہ دیگر ممالک میں آئے دن نت نئی بیماریاں اور متعدی بیماریاں پھیلتی رہتی ہیں۔ اسی طرح اب انگلستان بھی ان کا گہوارہ نظر آرہا ہے۔ بارش ایک مدت معینہ تک اور وہ بھی غیر موسم میں ہمارے یہاں چین میں تو قحط پڑ جاتا ہے۔ اور ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک خوف اور وحشت کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ ہوائیں جب مغربی ریگستان کے بھوسرے سینہ پر سے گذرتی ہیں تو یہی لوگوں کے لئے باد سموم بن جاتی ہیں۔ اور ہزاروں جانوں کو تلف کرڈالتی ہیں۔ لیکن اس خوش قسمت سرزمین برطانیہ میں یہاں کے باشندوں پر ہوا سے خواہ وہ کسی قسم کی

ہو۔ کوئی بُرا اثر نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ لوگ اور صحت و تنومندی حاصل کرتے ہیں۔ اور کسان ہمیشہ خوش آیند توقعات کے ساتھ تخم ریزی کرتے ہیں۔

لیکن قوم جب تک صحیح معنوں میں حقیقی برائیوں سے آزاد نہ ہوگی اُس وقت تک میرے دوست اس کو اصلی اور سچی مسرت حاصل نہیں ہو سکتی۔ یہ صحیح ہے کہ اُن کے پاس قحط نہیں ہے۔ کوئی متعدی بیماری کے پھیلنے کا اندیشہ نہیں ہے لیکن سب سے زیادہ تکلیف دہ جو چیز ہے وہ یہاں کے انسانوں کی بے ترتیبی اور بھیڑیا چال ہے۔ اور یہی چیزیں ہر سال ہزاروں آدمیوں سے اپنا بدلہ لے ڈالتی ہیں۔ یہ اس بُری طرح پھیلتی ہیں جیسا کہ ایک متعدی مرض آناً فاناً میں پھیل جاتا ہے۔ اور ہر طبقہ کے لوگوں کو اپنی سمومیت سے متاثر کر دیتا ہے۔ اس سے زیادہ اور کونسی قابل تعجب بات ہوگی کہ اکثر لوگ اس بیماری کا نام بھی نہیں جانتے۔ مگر ہاں بیرون ملک کے چند ڈاکٹر اس کو بیماری کا ہوا کہتے ہیں۔ شاید ہی کوئی موسم ایسا گذرتا ہوگا۔ جس میں لوگوں کو اس بیماری کے مختلف شکلوں سے سابقہ نہ پڑتا ہو۔ لیکن اگر نظر غایر سے دیکھا جائے تو ان سب کی کہنہ ایک ہی ملے گی۔ ایک زمانہ میں ایک ہوا اڑی کہ یہ بیماری نان بائی کے دوکان سے شروع ہوئی ہے۔ اور چھ پائی والی سستی روٹی کوئی نہ خرید دوسرے نے کہا۔ یہ غلط ہے۔ بلکہ اس کی اصلی وجہ یہ ہے کہ ایک ڈمدار

ستارہ نکلنے والا ہے۔ اور لوگوں نے یہ بھی مشتہر کر دیا ہے کہ اسی کی وجہ سے بیماری پھیلے گی۔ ایک تیسرے شخص نے جو ان باتوں کو سُن چکا تھا۔ اس پر اس قدر خوف طاری ہوا۔ جیسا کہ کوئی شخص سمندر میں ایک کشتی میں بیٹھا ہوا ہو۔ اور وہ کشتی ڈوبنے کے قریب ہو۔ چوتھا شخص جو سب سے زیادہ ڈر رہا تھا اس کو ایک دیوانے کُتے کے کاٹنے کا خوف تھا۔ وہ ہر گھڑی اسی سے ڈرتا رہتا تھا کہ کہیں مجھ کو دیوانہ کُتا نہ کاٹ لے۔ اس قسم کے خبط میں جب لوگ مُبتلا ہو جاتے ہیں۔ تو پھر اُن کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ یہ لوگ جب سڑک پر چلتے ہیں تو اپنے دائیں بائیں دیکھتے جاتے ہیں کہ کہیں کوئی دیوانہ کتا نہ تک رہا ہو۔ اس زمانہ میں ان لوگوں میں آپس میں گفتگو کا اس سے اچھا کوئی مشغلہ نہیں ہوتا۔ کہ وہ ہر گھڑی غم اور افسوس اور وحشت کو ایک دوسرے پر ظاہر کرتے رہیں۔ یہ واقعی شاندار چیز ہے۔ اور اس کا وجود قریب و بعید پر نہیں۔ کمزور اور مضبوط پر نہیں۔ بلکہ یہ فطرت انسانی ہے کہ جب کبھی کوئی خوف کی بات سُنتا ہے تو اُس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اور جہاں کوئی شخص خوف زدہ ہونیکا ارادہ کیا تو فوراً ہی وہ خوف سے متاثر ہو جاتا ہے۔ ہر گھڑی معمولی معمولی باتوں سے کمزور دل دماغ کے لوگوں پر مایوسی اور نا اُمیدی کے آثار طاری ہو جاتے ہیں وہ ایک دوسرے سے اس خوف کی ماہیت نہیں دریافت کرتے۔ بلکہ ایک دوسرے کا چہرہ دیکھتے رہتے

ہیں اور یہ تو قاعدہ ہے کہ جب کوئی خبر اُڑتی ہے تو پھر اُس کا رُکنا محال ہوتا ہے۔ اصلی قصہ تو پس پشت رہ جاتا ہے لیکن اُس قصہ کے حواشی زبان زد خاص و عام ہو جاتے ہیں۔

اور دیوانے کتے کا خوف یہ خود اپنی جگہ متعدی بیماری ہے۔ اور آج کل تو پوری قوم اس کے پنجۂ اثر میں ہے۔ جس کو دیکھو دیوانے کتے کا خوف ظاہر کرتا ہے۔ ہشیار سمجھدار متین اور سنجیدہ لوگ بھی جب گھر سے باہر نکلتے ہیں تو ہر موڑ پر اُن کو یہی خیال گزرتا ہے کہ کہیں دیوانہ کتا نہ آ رہا ہو۔ ایسے زمانہ میں حکیم اور ڈاکٹروں کی خوب بن آتی ہے۔ اور زوروں سے سگ گزیدہ کے نسخہ اور اُن کی ادویات کے اشتہار شائع کراتے رہتے ہیں۔ بلدیہ کے افسر کتوں کے لئے مضبوط رسیاں تیار کراتے ہیں۔ اور چند جو بہادر اور شجیع کہلاتے ہیں وہ سر سے لیکر پیر تک کپڑوں میں ڈھکے ہوئے پیروں میں بوٹ اور ہاتھ میں چمڑوں کے دستانے پہنے رہتے ہیں۔ اس خیال سے کہ اگر کہیں راستہ میں مقابلہ کی آ بنے تو اپنے بچاؤ کا کافی سامان تیار ملے۔ قصہ مختصر یہ ہے کہ ہر شخص اپنے بچاؤ کی اچھی خاصی کوشش کرتا ہے۔ اور لوگ یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ اب دیوانہ کتا ہرگز اُن کے پاس نہ آئے گا اس لئے کہ بچاؤ کے کافی ہتیار اُس کے پاس موجود ہیں۔

اِن لوگوں کے پاس۔ یہ معلوم کرنے کے لئے آیا کتا دیوانہ ہے یا نہیں۔ عجیب عجیب طریقہ ہیں۔ وہ ایسے ہی مماثل ہیں۔ جیسا کہ قدیم

یورپی طریقہ جادوگرنیوں کو پہچاننے کے ہوا کرتے تھے۔ اس زمانہ میں یہ کیا جاتا تھا کہ مشتبہ عورت کے ہاتھ پیر باندھکر اُس کو پانی میں ڈالدیا جاتا تھا۔ اگر کسی نہ کسی طریقہ سے جادوگرنی تیر کر بچ جاتی تو پھر اُس کو آگ میں ڈال کر جلا دیا جاتا تھا۔ اگر وہ جل جاتی تو سب کو یقین ہوجاتا کہ بے شک وہ جادوگرنی ہے۔ اگر وہ پانی میں ڈوب جاتی تو یہ سمجھ لیا جاتا کہ وہ حقیقت میں بے گناہ ہے۔ بالکل اسی طرح سے اس زمانہ میں بھی ایک کتے کے گرد مجمع جمع ہوجاتا ہے۔ اور ہر طرف سے اُس کو پریشان کرنا شروع کیا جاتا ہے۔ کتا اپنے بچاؤ کی فکر میں اگر ادھر اُدھر منہ مارتا اور اتفاق سے کسی کو کاٹ لیا تو وہ پھر مجرم قرار دیدیا جاتا ہے۔ اگر وہ بھاگ کر اپنی جان بچانے کی فکر کرنے لگا تو پھر اُس کے ساتھ کوئی ہمدردی برتی نہیں جاتی۔ وہ بھی اس وجہ سے کہ یہ دیوانے کتوں کا خاصہ ہے کہ وہ ہمیشہ ناک کی سیدھ پر بے تحاشہ بھاگتے ہی رہتے ہیں۔

مجھ جیسا آزاد خیال اور غیر ملکی شخص کے لئے جو اُن کی ذہنی تکالیف میں کوئی حصہ نہ لیتا ہو۔ اور نہ اس قومی بیماری کے مدارج کا کوئی خیال کرتا ہو۔ اس سے آپ ایک حد تک بدظن ضرور ہوجائینگے اس قصہ کی اور اس وحشت کی ابتداسب سے پہلے ایک معمولی چھوٹے کتے سے شروع ہوتی ہے۔ جو کہ اتفاق سے ایک قریبی گاؤں میں پہنچ گیا تھا۔ اور جس شخص نے بھی اس کتے کو دیکھا۔ بس یہی خیال

کرنے لگا کہ وہ دیوانہ ہے۔

دوسرا قصہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک زبردست جفا دھری کتا ایک گاؤں میں گھس گیا۔ اور وہاں کی ۵ بطخوں کو کاٹ کھایا۔ ان پانچوں بطخوں پر اس کی دیوانگی کا کافی اثر ہوا۔ اور بطخیں بھی دیوانی ہوگئیں۔ ان کی چونچوں سے کف جاری ہوگیا۔ اور پریشانی و بدحواسی کے عالم میں پانچوں بھی مرگئیں۔ اس کے بعد ایک دیوانے کتے نے ایک بچہ کو کاٹ کھایا۔ بچہ نمک کے پانی میں بہت دیر تک بٹھلایا گیا تاکہ اس پر زہر کا کوئی اثر نہ ہو۔ ابھی تک لوگ ان وجوہات سے خوفزدہ اور کانپ رہے تھے کہ ایک خبر اور اُڑی۔ وہ یہ تھی کہ ایک شخص کو دیوانہ کتا عرصہ ہوا کاٹ کھایا تھا۔ مگر اب اس کا اثر ظاہر ہو رہا ہے۔ اور ابھی چند ہی دن نہیں گذرے ہیں کہ وہ ہمیشہ کے لئے رخصت ہوگیا۔

دوسرا قصہ بڑا دلچسپ گھڑا گیا کہ کیسے ایک شریف کنبہ کا شخص جس کے (۷) چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔ سب کے سب ایک پالتو گود کے کتے سے کاٹے گئے۔ جو کہ دیوانہ ہوگیا تھا۔ ان بچوں کے باپ پر اس کا بہت اثر ہوا۔ اُس نے پانی پینے کے لئے مانگا۔ اور گلاس میں وہی پالتو کتا تیرتا ہوا نظر آیا۔ جب یہ متعدی مرض عام ہوجاتا ہے تو روزانہ صبح نئے نئے واقعات انہی کتوں سے متعلق سُننے میں آتے ہیں۔ اور لوگ ان قصوں کو اس قدر ذوق و شوق سے سنتے ہیں۔ جیسا کہ اکثر بھوتوں اور شیطانوں کے قصہ دلچسپی اور انہماک سے سنے جاتے ہیں۔ سنتے

ہیں جیسا کہ اکثر بھوتوں اور شیطانوں کے قصہ دلچسپی اور انہماک سے سُنے جاتے ہیں۔ سُنتے تو وہ شوق سے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ ڈرتے بھی جاتے ہیں۔ اس طرح سے روزانہ کتوں کے بھی نئے نئے کاٹنے کے فتوحات گھبراہٹ اور بیچینی سے سُنے جاتے ہیں۔ اور کوشش اس بات کی کیجاتی ہے کہ اِن بے سروپا خبروں کو جس قدر بھی خوفناک بنایا جائے۔ اتنا ہی زیادہ مؤثر ثابت ہوتی ہیں۔ اور سُننے والوں کو بہت زیادہ لطف آتا ہے۔

ایک دلچسپ قصہ اور سنئے ایک کمزور قلب و جگر کی خاتون شہر میں رہتی تھی وہ اتنی کمزور تھی کہ کتوں کی بھونکنے کی آواز سے بھی ڈر جاتی تھی۔ اور اس قسم کے خوفزدہ ہونے کا واقعہ بدقسمتی سے اُس کو کئی مرتبہ پیش آیا تھا۔ اس پر جناب فوراً ایک قصہ گھڑ لیا گیا۔ پہلے تو یہ مشہور کیا گیا ایک دیوانے کتے نے ایک اعلیٰ طبقہ کی خاتون کو بری طرح سے خوفزدہ کر دیا۔ جب تک کہ یہ واقعات قریبی گاؤں میں پہونچتے۔ اس پر کافی حاشیہ آرائی ہوی۔ گاؤں میں یہ خبر پھیلی کہ ایک نہایت معزز اور باوقار لیڈی کو ایک جفا دھری دیوانے کتے نے کاٹ کھایا۔ ان واقعات اور قصوں میں ابھی بتدریج اضافہ ہوتا گیا۔ اور ابھی یہی قصہ دارالسلطنت نہ پہونچنے پایا تھا کہ پورا قصہ نہایت ہی دلچسپ بنا دیا گیا۔ قصہ میں یہ خبر پھیلی کہ ایک معزز لیڈی کو ایک دیوانے کتے نے کاٹ کھایا۔ اُس پر کتے کے زہر

کا ایسا اثر ہوا کہ اُس کی آنکھیں باہر نکلی پڑ رہی ہیں۔ اس کے منہ سے پھیس جا رہی ہے۔ کتّے کے مانند وہ چاروں ہاتھ پیر سے چل رہی ہے اور زور زور سے بھونکتی بھی جاتی ہے۔ اپنے گھر کے تمام ملازمین کو اُس نے کاٹ کھایا۔ اور آخر کار ڈاکٹر کی رائے سے اس کو دو بستروں کے اندر لپیٹ دیا گیا۔ اسی اثنا میں یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ دیوانہ کتا دیوانہ وار تمام شہر میں پھر رہا ہے۔ اور اپنی ناک اور منہ کا دیوانہ ہو گیا ہے۔ اور ہر شخص کو سونگھنے لگا ہے کہ آیا وہ کس کے کاٹا ہے۔ اور کس کو کاٹنا باقی ہے۔ میری زمیندارن ایک نہایت شریف اور اچھے مزاج کی با اخلاق لیڈی ہے۔ لیکن تھوڑی سی خوش فہم بھی واقع ہوئی ہے۔ وہ ہر جھوٹے قصہ کو ہمیشہ سچ سمجھتی ہے۔ ایک دن صبح میری عادت کے خلاف اُس نے مجھے وقت سے پہلے جگا دیا۔ اُس کے چہرہ سے پریشانی اور خوف کے آثار نمایاں تھے۔ اس نے کہا کہ اگر آپ بچنا چاہتے ہیں تو براہ کرم آپ اندر سے باہر نہ نکلئے۔ اس لئے کہ ابھی حال ہی میں ایک عجیب و غریب واقعہ رونما ہوا ہے۔ جس سے تمام دنیا کو اپنی حفاظت کا سامان خود کر لینا چاہیئے۔

واقعہ یوں ہے کہ ایک دیوانے کتّے نے ایک گاؤں میں ایک کسان کو کاٹ کھایا۔ کسان دیوانہ ہو گیا۔ اور ادھر اُدھر خوب اُچھلنے کودنے لگا۔ اسی دیوانگی کی حالت میں وہ وہاں گھس گیا۔ جہاں اُس کے مویشی بندھے رہتے تھے۔ چنانچہ اُس نے ایک نہایت ہی فربہ گائے کو

کاٹ کھایا۔ گائے بھی فوراً ایسی ہی دیوانی ہوگئی۔ جیسا کہ آدمی دیوانہ تھا اُس کے مُنہ سے کف جاری ہوگیا۔ اور اپنے پچھلے پیروں پر کھڑی ہوکر ادھر سے اُدھر ٹہلنے لگی۔ صرف یہی نہیں ہوا بلکہ کتے کی طرح بھونکنے بھی لگی۔ اور بعض مرتبہ تو ایسا ہوا کہ وہ کسان کی طرح گفتگو بھی کرنے لگی یہ سُن کر مجھے تشویش ہوئی۔ اور اس واقعہ کا کھوج میں لگانا چاہا معلوم یہ ہوا کہ میری ملاقاتی زمیندارنی نے یہی قصہ اپنے ایک ہمسائہ سے سُنا ہے۔ اور وہ پڑوسی کسی اور سے سُنا تھا۔ اور یہ تیسرا شخص کسی مغز ہستی سے اس گپ کو سُنا تھا۔ اس قسم کے بہت سے قصوں کی اگر اصلیت دریافت کی جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ صحیح طور پر سگ گزیدہ اشخاص کی تعداد سو میں سے ایک بھی نہ ہوگی۔ یہ صرف لوگوں کے ڈرانے اور اُن کو خوفزدہ کرنے کے لئے کہا جاتا ہے کہ اس قدر زخمی ہوئے اور اس قدر کاٹے گئے ورنہ اُن کی اصلیت کچھ نہیں ہوتی۔ بعض دفعہ تو ایسا ہوتا ہے کہ بیمار اشخاص کو قصداً گھبرا دینے کے لئے اور اُن کو صحیح دیوانہ بنا دینے کے واسطے ایسے قصے اُن کے سامنے سُنائے جاتے ہیں۔ جو حقیقت میں یہ فعل ناروا ہے۔

بالفرض اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ ایسے گڑبڑ کے موسم میں اگر تین چار اموات واقع بھی ہوجائیں (اور شائد ہم تو رعایت سے بھی واقع نہ ہوں) پھر بھی یہ نہیں خیال کیا جاسکتا۔ کہ کتنے صحیح وسلامت معہ اپنے روپیوں پیسوں کے بیماری سے اٹھ کھڑے ہوئے ہوں۔

اور یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ کتنے اس جانور کی خدمت سے سدھار گئے۔ یہ وہی جانور ہے جو رات کے چوروں کو گھر میں نہیں آنے دیتا۔ ظالم لٹیرے اس کی بدولت گھر میں نہیں آنے پاتے۔ بہت سے کمزور لوگوں کی یہ پاسبانی کرتا ہے۔ اور غریب آدمی کے لئے تو کتا اُس کا مددگار اور شریک غم ہوتا ہے۔ وہ کتے سے اپنی داستانِ غم کہتا ہے۔ اور جو کچھ مل جاتا ہے اس پر اس کا مالک اور جانور دونوں قانع نظر آتے ہیں۔

ایک انگریز شاعر کتے کے لئے کہتا ہے کہ وہ شریف اور ایماندار جانور ہوتا ہے۔ وہ تمام جانور جو چراگاہوں میں اور میدانوں میں چرتے ہیں۔ ان تمام سے یہی کتا افضل ترین جانور ہے۔ کتا ہی صرف ایسا جانور ہے۔ جو انسان سے دوستی پیدا کرتا ہے۔ اور اُس سے رفاقت کرتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ اپنی جان بھی اس پر سے نثار کر دیتا ہے۔ انسانوں کو خوش کرنے کے لئے وہ اپنی ہر ممکنہ تدابیر سے کام لیتا ہے۔ اپنی آنکھوں سے وہ محبت کے شرارے گراتا ہے۔ اور ہر قسم کی مدد کرنے کو وہ تیار معلوم ہوتا ہے۔ وہ انسان کی خوشی کی خاطر سے۔ ہر قسم کی محنت اور مشقت کریگا اور اپنے اوپر تکالیف کا انبار لگا لیگا۔ قحط، فاقہ، بھوک، تھکاوٹ، ٹھوکر سبھی کچھ وہ اپنی مالک کے خاطر برداشت کر لیتا ہے۔ کوئی طاقت اور تکالیف اس کی وفاداری کو اس سے نہیں چھین سکتیں۔ اور کسی غم کی وجہ سے وہ اپنے مالک سے جدا نہ ہوگا۔ اپنے مالک کے بچاؤ اور حفاظت کے لئے وہ اپنی جان

جو کھوں میں ڈال دیتا ہے۔ اس کا ارادہ مضبوط اور اُس کی محبت میں تصنع اور چاپلوسی کا شائبہ بھی نہیں ہوتا۔ وہ لوگ کیسے ظالم ہیں۔ جو اس حلیم الطبع جانور کو ٹھوکر لگاتے ہیں۔ اور اُس کو نیست و نابود کرنیکی فکر میں رہتے ہیں۔ یہ وہی جانور ہے جس نے جنگل چھوڑ کر انسان کی حفاظت کے لئے اپنی جان انسان کے ہاتھ بیچ ڈالا اور وہ لوگ کیسے ناشکر گزار اور احسان فراموش ہیں جو اس کی وفاداری پر شک کرتے ہیں اور ایسے ایماندار جانور پر اعتماد نہیں کرتے۔

اچھا خدا حافظ:۔

تیرھواں خط

"ثیابی بو سیاہ پوش" اور "چینی فلاسفر"

وغیرہ سب

"کمیں ہال باغ" میں جمع ہوتے ہیں

لیوچی الٹنگی ایک خط فم ہوم کو لکھتا ہے جو کہ سرمونیل اکڈی

پیکن واقع چین کا پہلا صدر تھا

لنڈن کے باشندے پیدل چلنے کے ایسے ہی مشتاق ہوتے ہیں جس طرح اپنے یہاں کے لوگ پیکن میں سواری کے شوقین نظر آتے ہیں اور دوسرے رسوم کے علاوہ موسم بہار میں یہاں خوب چہل پہل ہوتی ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ لوگ گجر دم اُٹھ کر شہر کے باہر خوشنما باغوں میں چلے جاتے ہیں۔ وہاں سب ایک دوسروں کے خوبصورت کپڑوں کو حسین چہروں کو اور سریلے گانوں کو سنتے ہیں۔ جو خصوصاً اس موقع کے لئے لوگ پہن اوڑھ کر آتے ہیں۔

چند راتوں کا ذکر ہے کہ میں نے اپنے دوست سیاہ پوش کی خواہش

پر اسی باغ کی دعوت کو میں نے اس کے اصرار پر قبول کر لی۔ اور وعدہ بھی کیا کہ کھانا بھی وہیں کھاؤں گا۔ مقررہ دن پر میں اُس کے گھر جا کر چلنے کے لئے تیار ہوا۔ وہاں جا کر میں نے دیکھا کہ میرے آنے سے پیشتر ہی معزز مہمان میرا انتظار کر رہے ہیں۔ اس جماعت میں میرے دوست کا حلیہ قابل دید تھا۔ وہ بہت خوبصورت کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ پیروں میں عمدہ پاتابہ مخمل کا واسکوٹ جو بالکل نیا تھا۔ اور بھورے بالوں کی کنگھی شدہ نئی ٹوپی اس خوبی سے پہنی گئی تھی کہ اصلی اور نقلی بالوں میں کچھ پتہ نہیں چل رہا تھا۔ اُن کے علاوہ دلال کی بیوہ بھی وہیں تھی۔ جس کو میرا دوست آنکھوں کے ذریعہ کھا جا رہا تھا۔ اُس کا لباس سبز دمشقی مخمل کا تھا۔ اور ہر انگلی میں تین تین سونے کے چھلے پہنے ہوئی تھی۔ پھر مسٹر ٹب کا لباس بھی دیکھنے کے قابل تھا۔ لباس کے لحاظ سے اُن کا درجہ دوسرا تھا۔ یہ معہ اپنی لیڈی کے ایک میلے سلک کے کپڑوں میں ملبوس تھے۔ کچھ حصہ میلی گاج کا تھا۔ جو بجائے ململ کے استعمال کی گئی تھی۔ اور ٹوپی تو اس قدر بڑی تھی کہ جیسے کہ چھتری ہوتی ہے۔

اب وقت یہ پیش آ رہی تھی کہ ہم لوگ کس طرح سے باغ چلیں۔ بیگم ٹب ہمیشہ پانی کو دیکھنا ناپسند کرتی ہیں۔ اور دلال کی بیوہ بہت موٹی تازی عورت تھی۔ وہ پیدل چلنے کو ہمیشہ نفرت کی نظر سے دیکھتی تھی۔ اس کے کہنے پر ایک گاڑی منگائی گئی۔ اور گاڑی بھی

اس قدر چھوٹی تھی کہ پانچ سواریاں اُس میں نہیں آسکتی تھیں۔ آخر میں طے یہ پایا کہ "مسٹر ٹب" اپنی بیوی کے گود میں بیٹھ جائیں۔ جس کو انہوں نے بہت خوشی سے منظور کر لیا۔

اس طریقہ سے ہم لوگ باغ کی طرف روانہ ہوگئے۔ راستہ تمام "مسٹر ٹب" ہم لوگوں کی خوشی کو اپنی یادہ گوئی سے مغموم بناتے رہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم چل تو رہے ہیں مگر وہاں کوئی شخص نہ ہوگا۔ حتیٰ کہ پنیر بیچنے والے بھی نظر نہ آئیں گے۔ اس لئے کہ باغوں میں جمع ہونے کی اور اُن سے مسرت حاصل کرنے کی یہ آخری رات ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم خواہ مخواہ زحمت اٹھا رہے ہیں۔ اور "تھیمس اسٹریٹ" اور "کروکڈ لین" کی شرافت اور معززانہ وقار کو اس طریقہ سے کھو رہے ہیں۔ اسی قسم کی اور پر جوش باتیں وہ راستہ تمام بکتا رہا۔ اور ایک وجہ یہ بھی تھی کہ وہ تکلیف سے بیٹھا ہوا تھا۔ ہمارے پہونچنے سے پیشتر ہی باغ بھر میں روشنی ہوگئی تھی۔ وہاں جاکر ہم نے محسوس کیا کہ ہر شخص توقع سے زیادہ خوش اور بشاش نظر آتا ہے۔ روشنی ہر طرف چمک رہی تھی اور روشنی ہی کے بڑے بڑے درخت بنائے گئے تھے۔ زوردار سریلی موسیقی رات کی خاموشی کو توڑ رہی تھی۔ چڑیوں کا قدرتی چلبلہ ترنم اس موقع پر نمائشی چڑیوں کی آوازوں سے بڑھ نہیں سکتا تھا۔ ہم لوگ ادھر سے ادھر خوبصورت جماعتوں کو دیکھتے پھر رہے تھے۔ ہر طرف مزید ار کھانوں سے میز چنے ہوئے تھے۔ اس وقت میں اپنے آپ کو بہت

خوش قسمت اور الف لیلیٰ کے مصنف کی طرح مسرور نظر آرہا تھا۔ میں اس عیش و مسرت کی دریا میں غرق ہوا جارہا تھا۔

میں اسی خیال میں آگے بڑھ رہا تھا کہ میری ہم جماعتوں کے ساتھ "مسٹر ٹب" نے مجھ کو روک کر پوچھا کہ ہم شام کس طریقہ سے اور کس خوشی میں بسر کرینگے۔ "مسٹر ٹب" کی بیگم صاحبہ باغ میں بہت ناز و انداز سے چل رہی تھیں۔ جہاں پر اُن کا خیال تھا کہ اُن کے بہت سے چاہنے والے نظر آتے ہیں۔ دلال مرحوم کی بیوہ اس باغ میں پہلی مرتبہ آئی تھیں۔ وہ ہر جگہ اور ہر مقام کو تعجب کی نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔ پانی کے کمالات دیکھنے کی وہ حد درجہ مشتاق تھیں۔ جس کے متعلق اُس کا خیال تھا کہ وہ کمالات گھنٹہ ادھ گھنٹہ میں شروع ہوں گے۔ صرف اتنی سی بات میں ہم لوگوں میں تکرار ہونے لگی۔ اور ہر شخص چاہتا تھا کہ اُس کی بات اوپر رہے۔ بیگم ٹب نے کہا کہ میں نہیں سمجھ سکتی کہ دنیا کیوں مہذب کہلاتی ہے۔ جبکہ پس پردہ اُن سے عجیب عجیب حرکتیں سرزد ہوا کرتی ہیں۔ بعض نے کہا کہ وہ لوگ جو ٹکٹ تقسیم کرتے ہیں اور جن کے سامنے روپیوں کے صندوقچہ ہوتے ہیں۔ وہ اپنی میز سے علٰحدہ نہیں ہوتے۔ اُن کی حالت ایسی ہوتی ہے کہ تین تین گرم کبابوں کی پلیٹیں اوڑا جاتے ہیں۔ یہ اُس وقت وہ لوگ کرتے ہیں۔ جب کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ایسا کرنا ہمارے لئے ضروری ہے اُن میں سے بعض لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو خرگوش کے گوشت کو تلی ہوئی

پیازیں اور بطخ کے کباب اور چھوٹے چھوٹے چوزوں کے شوربہ کو کھانا تو درکنار کبھی دیکھ بھی نہیں پاتے ہیں۔ وہ اُن لوگوں کی قسمت پر رشک کرتے ہیں۔

یہ مشکل ہے کہ ایک شوہر اپنی بیوی کی عادات کو بخوبی جان سکے جو اپنی بیوی کو خوش کرنے کے لئے تھیٹر کے ایک بکس میں لیجاتا ہے۔ اور یہ کوشش کرتا ہے کہ اچھے سے اچھے کھانے اس کو کھلائے جائیں۔ یہاں تک تو ہم سب نے اتفاق کیا۔ لیکن مشکل یہ آپڑی کہ مسٹر ٹب اور اُن کی بیگم صاحبہ کسی حال سے الگ بیٹھنے پر راضی نہیں ہو رہی تھیں۔ وہ چاہتے یہ تھے کہ اُن کے لئے بھی ایک مخصوص بکس لیا جائے جہاں سے وہ خود دوسروں کو دیکھیں اور دوسرے بھی اُن کو گھورتے ہیں۔ اُن کا یہ خیال تھا کہ یہ مخصوص نشستیں عوام کی نظروں کی آماجگاہ بنی رہتی ہیں۔ مگر ایسی نشستوں کا حاصل کرنا بھی کوئی آسان کام نہیں ہے۔ نہ تو ہم لوگوں کے پاس کافی روپیہ تھا۔ نہ لباس اور نہ اُس قابل شکل وصورت ہی۔ ہم لوگوں نے خیال کیا کہ بکس حاصل کرنا چاہئے۔ اگرچہ کہ وہ کمتر درجہ کے کیوں نہ ہوں۔ یہ ہمارے خیال سے بلند چیز ہے۔

پہلے مسٹر ٹب اور اُن کی بیگم صاحبہ کا خیال ہوا کہ کمتر درجہ کے بکس لئے جائیں۔ اس لئے کہ اُس میں بیٹھنے والے بھی کمتر درجہ کے لوگ ہیں۔

آخر کار بڑی ردو قدح کے بعد ہم لوگ اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے۔ بیوہ کے لئے کھانے میں خاص انتظام کیا گیا تھا۔ لیکن بیگم ٹب کا مزاج ہی نہیں مل رہا تھا وہ ہر کھانے کو بدمزہ اور غیر لذت بخش کہہ رہی تھیں۔ اُن کے شوہر نے اپنی بیگم کو اپنی طرف بلایا اور یوں کہنے لگے کہ بیگم جیسا مزیدار کھانا ہم "نواب کرمپکے" میز پر کھا چکے ہیں۔ وہ بات یہاں کہاں نصیب لیکن یہاں "وکیس ہال" باغ کے لئے ایسا کھانا بھی کوئی برا نہیں ہے۔ یوں تو کبھی چیز اچھی بری تھی لیکن شراب تو انتہائی خراب اور خوفناک تھی۔ یہ کہتے ہوئے بھی وہ گلاس بھر کے چڑھا گئے۔

اس بحث و مباحثہ سے بیوہ اپنے آپ کو بہت زیادہ سنجیدہ بنالی اُس نے یہ ارادہ کرلیا کہ اب وہ کسی چیز کی تعریف نہیں کرے گی۔ اسلئے کہ اُس کا مذاق گرا ہوا تھا۔ حتیٰ کہ وہ سڑے ہوئے دہی اور خراب سے خراب شراب کی بھی برائی یا تعریف نہیں کرے گی۔ وہ اپنی فطرت سے مغلوب ہوگئی۔ اور بقیہ تمام رات وہ ادھر ادھر پھرنے پھرانے میں اور سُننے میں گذار دی۔ یہ صحیح ہے کہ بعض اوقات وہ اپنے آپ کو بھول جایا کرتی تھی لیکن اُس کے احباب پھر اُس کو گھیر کر غم واندوہ کے قید خانہ میں بند کر دیا کرتے تھے۔ اتفاقیہ طور پر اُس سے "بکس" کی خوبصورتی اور اُس کے نقش و نگار کی تعریف اُس کے مُنہ سے نکل گئی۔ لیکن پھر اُس نے اپنے آپ کو درست کرلیا کہ اُس کو تعریف اور اطمینان کے کلمات اپنی زبان سے نہ نکالنا چاہئے۔ بلکہ خوف اور

بد مذاقی کا رونا رونا چاہیئے۔ پھر یکایک ایک گانے والی کی تعریف اُس کے مُنہ سے نکل گئی۔ لیکن مسز ٹب "نے فوراً اس کو ٹوک دیا۔ اور کہنے لگی کہ اس گانے والے میں کونسی خوبی ہے نہ تو آواز ہی قابل تعریف ہے اور نہ گانے کے اُتار چڑھاؤ ہی سے واقف ہے۔

مسٹر ٹب نے اپنی بیوی کی خوش مذاقی اور اس کے قوت فیصلہ کی خصوصاً موسیقی میں تعریف کرنا شروع کی اور یہ ثابت کر دیا کہ اُس کا فیصلہ بہت ہی جانچا تُلا ہوتا ہے۔ پھر اُس کے بعد اپنی بیگم سے انہوں نے گانا گانے کی التجا شروع کر دی۔ کہ آپ اپنی سُریلی آواز سے سامعین کو محظوظ کریں۔ لیکن بیگم نے نہایت متانت سے انکار کر دیا۔ اور کہا پیارے تم کو معلوم ہے کہ آج میری آواز بھاری ہو گئی ہے۔ اور جب کسی کی آواز اُس کے مرضی کے خلاف ہو تو پھر اُس کو اصرار کا موقع نہ دینا چاہیئے۔ اس کے علاوہ یہاں کونسے ایسے قدرداں اور معزز لوگ بیٹھے ہیں جو میری موسیقی سے لطف اٹھائینگے اور میرے گلے کی داد دینگے۔ یہاں گانا تو ایسا ہی ہے کہ موسیقی کا گلا گھونٹنا ہے۔ اس قسم کی غدر واریوں پر کسی نے توجہ بھی نہیں کی۔ اسلیے وہ لوگ گانے سے خود بھی کافی مسرور ہو چکے تھے۔ لیکن دلال کی بیوہ سے خاموش نہ رہا گیا۔ اُس نے فرمائش سے ناک میں دم کر دیا۔ آخر کار مسز ٹب نے اُس کی بات مان لی اور چند منٹ گنگنانے کے بعد اُس نے ایسی آواز نکالی جو سوائے اس کے شوہر کے اور کسی کو بھی اچھی نہیں معلوم

ہوئی۔ مگر اُس کا شوہر اُس کی اس بے ہنگم آواز پر مسرور نظر آ رہا تھا۔ اُس کا شوہر آنکھیں بند کئے ہوئے۔ اُس کے گانے کی تعریف کر رہا تھا۔ اور میز پر اپنا ہاتھ اس طرح سے پٹک رہا تھا کہ گویا وہ اس کے گانے پر ٹھیکہ کا کام دے رہا ہے۔

میرے دوست آپ کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ ہمارے یہاں انگلستان میں جب کبھی کہیں گانا بجانا ہوتا ہے تو لوگ اور حاضرین اس طرح سے خاموش بیٹھے ہیں کہ گویا وہ پتھر کے مجسمہ ہیں۔ دل سے دماغ سے اعضاء سے بالکلیہ گانا سننے میں غرق ہو جاتے ہیں۔ اور جس وقت گانا شروع ہوتا ہے تو وہ گانے کے سحر سے مسحور ہو جاتے ہیں۔ ایسے موقع پر ہم لوگ بہت متوجہ ہو کر گانا سنتے ہیں۔ اور ہم لوگوں پر نہایت خاموشی طاری ہو جاتی ہے۔ ابھی ہم لوگ یہ باتیں کر ہی رہے تھے کہ ہمارے نشست کا نگر انکار ہمارے پاس آیا۔ اور مودبانہ سلام کے بعد کہنے لگا کہ حضور پانی کے کمالات شروع ہوا چاہتے ہیں۔ اس اطلاع پر دلال کی بیوہ خوشی سے صوفہ پر سے اوچک پڑی لیکن پھر اپنی حالت پر غور کر کے وہ خاموش بیٹھ گئی۔ اور اپنے آپکو سنجیدہ بنانے کی کوشش کرنے لگی۔ ٹب کی بیگم صاحبہ جنہوں نے متعدد مرتبہ اس پانی کے کمالات کو دیکھ چکی تھیں اُس نے بری صورت بنا کر کہا کہ ہماری اس تفریح میں کیوں مخل ہو رہے ہو۔ اُس نے اپنا گانا جاری رکھا۔ بیوہ کے اس اشتیاق پر اُس نے نفرت کی نظر ڈالی

بیوہ کے چہرہ سے پانی کے کمالات دیکھنے کا شوق ٹپک رہا تھا وہ عجب کشمکش میں مبتلا تھی کبھی تو سوسائٹی کے رسم و رواج سے اور کبھی تو ٹب کی بیگم صاحبہ کے اعتراضات سے اور اُن کے گانے میں مخل ہونے سے۔ بری طرح سے خجل ہو رہی تھی۔ ٹب کی بیگم صاحبہ اپنے گانے میں مشغول تھیں۔ اور ہم سب لوگ خاموشی سے سُن رہے تھے۔ اور جب بیگم ٹب کا گانا ختم ہوا۔ کہ اسی اثنار میں پھر وہی ملازم آیا اور کہنے لگا کہ بیگم صاحبہ پانی کا تماشہ ختم ہو گیا۔

بیوہ نے حیرت سے پوچھا کہ ہائیں کیا پانی کا تماشہ ختم ہو گیا۔ ملازم نے کہا ہاں۔ بیگم صاحبہ ختم ہو گیا۔ اس پر پھر بیوہ نے کہا نہیں جی اس قدر جلد کیسے ختم ہو گیا۔ ایسا تماشہ اس قدر جلد نہیں ختم ہو سکتا۔ ملازم نے کہا حضور یہ میری زبان میں طاقت نہیں کہ میں آپ کے سوالات کو جھٹلاؤں۔ میں حضور کے کہنے پر اب جا کر پھر دیکھتا ہوں۔ یہ کہکر وہ گیا۔ اور تھوڑی دیر میں پھر واپس آیا اور یہی خبر لایا کہ تماشہ ختم ہو گیا اس خبر سے دلال کی بیوہ پر اور دوسرے حاضرین پر مردنی سی چھا گئی اور ناظرین کے دل اچاٹ ہو گئے۔ اور ہر ایک دوسرے کو قصور وار ٹھیرانے لگا۔ آخر کار بیوہ نے اپنا ہی قصور تسلیم کیا۔ اور اس بات زور دیا کہ گھر واپس چلے جائیں۔ ایسے وقت میں مسٹر ٹب اور ان کی بیگم صاحبہ نے اس مخصوص کمیٹی کو یہ یقین دلایا کہ نہایت سنجیدہ تماشہ اب شروع ہوا چاہتا ہے۔ اور اب تھوڑی ہی دیر میں نوجوان لڑکیاں

بگل لیکر اسٹیج پر آئیں گی اور نئے نئے طریقوں سے اُن کو پھونکینگی۔ جو دیکھنے کے لائق منظر ہوگا۔ لیکن اس پر کسی نے توجہ نہیں کی۔

اچھا خدا حافظ :—

(چودھواں خط)

بڑھاپے میں عزیز زندگی کی ہوس

لیوچی لٹنگی ہنگیو کو ایک خط ماسکو کے راستے سے لکھتا ہے

عمر۔ کی زیادتی سے زندگی کی مسرتوں میں انحطاط پیدا ہوجاتا ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ زیادہ زندہ رہنے کی خواہش میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ جوانی کے وہ خطرات جن کو ہم ذلت سے دیکھا کرتے تھے۔ اب بڑھاپے میں وہی خدشات تحدید کا باعث ہوتے ہیں۔ جوں جوں ہم بڑھتے جاتے ہیں ہمارے خطرات و وہموں میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے اور یہی خطرات آہستہ آہستہ معمولی احساسات میں مبدل ہوتے جاتے ہیں۔ اور اس طرح سے تھوڑی سی فانی زندگی مختلف بے فائدہ کوششوں کے سرانجامی میں رائیگاں

ہو جاتی ہے یا یہ نہیں تو مسلسل زندگی کے برقرار رکھنے میں صرف ہو جاتی ہے۔

یہ بات قابل تعجب ہے کہ ہماری فطرت تضاد واقع ہوئی ہے۔ اور اس سے بڑے بڑے عقلمند بھی نہیں بچ سکتے۔ اگر میں اپنی زندگی کا تجزیہ کروں جو کہ میرے سامنے ہے۔ جس کو کہ میں خوب دیکھ چکا ہوں لیکن پھر بھی اُس کے مناظر میرے سامنے پوشیدہ ہیں۔ تجربات یہ کہتے ہیں کہ میرے گذشتہ مسرت خیز واقعات صحیح معنوں میں اتنے مسرت بخش نہ تھے۔ اور احساسات یہ کہتے ہیں کہ جو کچھ اُس سے قبل ظاہر ہو چکے ہیں وہ اس قدر اپنی جامضبوطا ہیں کہ آنے والے واقعات سے اس قدر توقع نہیں ہو سکتی۔ احساسات اور تجربات کی جستجو فضول سی چیز ہے۔ اور ان تمام سے اُمید بہت بہتر شئے ہے۔ یہی اُمید بعض اوقات اسقدر نظر فریب واقع ہوتی ہے کہ پورے منظر کو قابل دید بنا دیتی ہے۔ اور چند خوشیاں اپنی دلفریبی کی بنا پر مجھ کو اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہیں۔ اور وہ یہ چاہتی ہیں کہ میں اُن کا پیچھا کروں۔ بجنسہ اسی طرح سے جبکہ ایک جواری ہر طرح سے ہار جاتا ہے اور نا امید نہیں ہوتا بلکہ یہی سوچتا رہتا ہے کہ ایک مرتبہ اور داؤں لگاؤں شاید قسمت یاوری کرے اور جیت جاؤں۔

میرے دوست! ہم میں زندہ رہنے کی ہوس دن بدن ترقی پذیر ہے۔ اور جوں جوں عمر بڑھتی جاتی ہے۔ یہ خواہش ہم میں زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ یہ خواہش ہم میں کہاں سے پیدا ہوئی کہ ہم زندگی کو زیادہ عرصہ تک برقرار رکھیں۔ یہ جذبہ اس وقت بھی موجود ہوتا

ہے۔ جبکہ اس کی برقراری لاحاصل ثابت ہوتی ہے لیکن یہ فطرت کا تقاضہ ہے کہ وہ نسل انسانی کو برقرار رکھے۔ اور یہ آرزو ہم میں بڑھتی جاتی ہے کہ ہم زندہ رہیں۔ اگرچہ کہ یہ خواہش ہماری مسرتوں میں انحطاط پیدا کر دیتی ہے۔ اور فطرت بھی چاہتی ہے کہ ہم ایسی مسرتوں سے دور ہی رہیں۔ اور تخیلات کو ہمیشہ کے لئے فنا کر دیں۔

زندگی بڑھے کے لئے وبال جان ہوتی ہے۔ جس کا دل شکوک سے بھرا ہوتا ہے وہ موت سے کانپتا ہے۔ مگر اتنا ہی جتنا کہ انسانی تخیل میں آسکے۔ وہ لامتناہی مصائب جس سے کہ کارگاہ فطرت فنا ہوتی رہتی ہے۔ اور بڑھاپے کے وہ دلخوش کن تجربات جس سے اُس کو سابقہ پڑتا رہتا ہے۔ فوراً اُس غمگین کو اُکساتے ہیں کہ وہ اپنے غموں کو خوش فکری سے بدل ڈالے لیکن خوش قسمتی سے زلت کی موت کا احساس اُس کو اُس وقت ہوتا ہے۔ جبکہ وہ مصائب سے پرے ہوتا ہے اور یہ دیکھتا ہے کہ زندگی اُس کے لئے تکلیف دہ ہو جائیگی۔ زندگی کی ایسے وقت اُس کی نظروں میں کوئی وقعت نہیں ہوتی اور زندگی اُس کے لئے ایک تخیل سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی۔

دنیا کی ہر چیز سے ہماری وابستگی اور اُن چیزوں سے محبت اس وقت ہمارے دل میں زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ جبکہ اُن چیزوں سے ہم کو زیادہ سابقہ پڑا ہو۔ ایک فرانسیسی فلسفی کہتا ہے کہ میں اس کو ہرگز پسند نہیں کروں گا۔ کہ وہ ستون جس کو میں ایک عرصہ سے دیکھ رہا ہوں گویا اس میں اور مجھ میں

پرانی دوستی ہوگئی ہے۔ اس کو بے دردی سے اکھاڑ کر پھینک دیا جائے ایک دماغ جو ایک عرصہ سے ایک چیز کا عادی ہوگیا ہو۔ فطری طور پر وہ اُس کی ہمنوائی کرنے پر مجبور ہوگا اور اُس کے دیکھنے کا اشتیاق ظاہر کرے گا۔ وہ اُس قدیم راہ و رسم کے لحاظ سے اُس سے ملتا رہیگا۔ اور اگر کسی وجہ سے اُس کو اُس سے جُدا ہونا پڑے تو طوہا و کرہا وہ اُس سے الگ ہونا بھی پسند کرے گا۔ صرف یہی نہیں بلکہ ایک بُڈھے لالچی کی طرح وہ ہر شئے کو اپنے قبضہ میں کرنے کی فکر کرے گا۔ وہ لوگ دنیا سے اور دنیا کی تمام اشیاء سے محبت کرتے ہیں۔ وہ زندگی سے اور زندگی کی تمام مہمات سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس لحاظ سے نہیں کہ اب بھی وہ کسی قسم کی کوئی خوشی پہونچا سکتے ہیں۔ بلکہ ایک عرصہ تک اُس کے ساتھ رہنے سے انہیں محبت ہوگئی ہے۔

مقدس شہنشاہ چین "چین واہنگ" جب تخت پر جلوہ افروز ہوا۔ تو اس نے اس مسرت میں ایک حکم جاری کیا کہ جو لوگ ناانصافی سے جیل بھگت رہے ہیں۔ اور ایک مدت سے حکومت اُن کو قید کیے ہوئی ہے۔ وہ لوگ سب رہا کر دیے جائیں۔ بہت سے قیدی شہنشاہ کے پاس اس رہائی کا شکریہ ادا کرنے کے لئے آئے۔ اُن میں سے ایک بُڈھا بھی تھا۔ جس نے آتے ہی شہنشاہ کے قدموں پر گر پڑا اور یوں کہنے لگا کہ اے چینیوں کے مقدس باپ اس بُڈھے غریب بدبخت پر نظر رحم فرمایئے۔ جس کی اب عمر پچاسی سال کی ہے اور

جس وقت یہ تہ خانہ میں قید کیا گیا ہے اس کی عمر بائیس ۲۲ سال کی تھی اس سے کوئی جرم سرزد نہیں ہوا۔ بلکہ مدعیوں اور دشمنوں کی ریشہ دوانیو نے اس کو قید کرا دیا۔ اور اب اس بدبخت کو تنہائی کی زندگی بسر کرتے ہوئے تقریباً پچاس سال سے زائد زمانہ گزر گیا۔ اور اب تو بمصداق اس کے ع "مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہوگئیں" وہ آفتاب جس کو کہ ایک دنیا دیکھتی ہے۔ مگر میں اُس کے دیکھنے کو تڑپ گیا ہوں۔ اور اب اس کی کرنیں میری آنکھوں کو اندھا کئے دیرہی ہیں۔ میں جب گلیوں میں اپنے دوستوں کی تلاش میں نکلتا ہوں اور اپنے عزیزوں سے ملنا چاہتا ہوں تو مجھے کوئی نہیں ملتا۔

واحسرتا! سب دوست عزیز مجھ سے بچھڑ گئے۔ اور ہمیشہ کے لئے مجھ سے رخصت ہوگئے۔ اور میں تمام عمر کے لئے ہر دل سے بھلا دیا گیا۔ اے میرے مہربان شہنشاہ "چین و اھنگ" مجھ کو آپ اجازت دیجئے کہ میں اپنی تھوڑی سی بقیہ بدنصیب زندگی کو وہیں تاریک قید خانہ میں گذار دوں۔ مجھے اپنی جیل کی دیواریں آپ کے بڑے بڑے عالیشان محلوں سے زیادہ بھلی معلوم ہوتی ہیں۔ اور اُن دیواروں کے سامنے منقش محلوں کی دیواریں کچھ بھی وقعت نہیں رکھتیں۔ اے بادشاہ میری حیات اس وقت بہ مصداق اس کے ع "تھوڑی سی رہ گئی ہے۔ اُسے بھی گذار دے" پس میں اپنی تھوڑی سی بے فائدہ زندگی کو جیل ہی کے نظر کر دینا

چاہتا ہوں۔ وہ میرے لیے ایسا محبوب ترین مقام ہے جہاں میں نے اپنے شباب کو الوداع کہا۔ یہ بھی عجب مذاق ہے۔ آپ مجھے مسرت سے رہا کرنا چاہتے ہیں اور میں اپنی خوشی سے وہیں قید خانہ میں رہنا پسند کرتا ہوں۔ اور وہیں اپنی زندگی کو ختم کر دینا چاہتا ہوں۔

اس بڈھے کے خیالات خصوصاً قید و بند کے متعلق جو کچھ تھے بالکل ویسے ہی ہم اپنی زندگی کے متعلق رکھتے ہیں۔ ہم قید میں رہنے کے عادی ہیں۔ ہم اپنے اطراف کی ہر چیز کو بے استقلالی کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اور ہم کو اُن چیزوں سے تشفی نہیں ہوتی ہم اپنے گھر سے خود بیزار ہو جاتے ہیں۔ لیکن ہماری مدت قید بڑھتی جاتی ہے۔ اور ہم کو وہی اپنا جھونپڑا بڑا آرام دہ معلوم ہوتا ہے۔ ہم اُسی کے لئے مشتاق نظر آتے ہیں۔ وہ درخت جن کو ہم بھلاتے ہیں۔ وہ مکانات جن کو ہم شوق سے بنواتے ہیں۔ اور وہ اولاد جو بڑی منت و مرادوں سے ہمارے یہاں پیدا ہوتی ہے۔ ان تمام سے ہمارا قلبی تعلق رہتا ہے۔ اور دنیا میں ان چیزوں سے مفر نہیں۔ اور جب ہم ان سے چھٹ جاتے ہیں تو یہی پس ماندے ہماری جدائی پر نوحہ خوانی کرتے ہیں۔ زندگی نوجوانوں کے لئے ایک نئی دوستی ہوتی ہے۔ اُس کے دوست احباب بھی اپنے آپ میں ایک نئی روح اور نہ تھکانے والی قوت محسوس کرتے ہیں۔ وہ ہمیشہ خوش اور بشاش

رہتے ہیں۔ باوجود اس عیش و مسرت کے کبھی اُن کی پیشانی پر بل نہیں پڑتا۔ ہمارے لئے ہمارے وہ ساتھی جو آفتاب کوہ ہو رہے ہیں۔ اور جو کوئی دم میں ڈوبنا چاہتے ہیں۔ زندگی اُن کے لئے ایک پرانے دوست کی مانند ہوتی ہے۔ وہ اپنی اس زندگی پر تبسم ہوتے ہیں۔ اور تمسخرانہ انداز میں اُس پر نکتہ چینی کرتے ہیں۔ اس زندگی میں کوئی نئی بات اور کوئی چیز قابل ہنسی کے نہیں ہوتی۔ نہ تو اس میں کوئی ترمیم و تعمیر ہو سکتی ہے۔ اور نہ کوئی نمایاں ترقی ہو سکتی ہے۔ جو لائق استعجاب ہو۔ ان تمام خامیوں کے باوجود بھی ہم زندگی سے اُنس رکھتے ہیں۔ اُس کا وجود گو مسرتوں سے بہت دور ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی ہم اُس کو چاہتے ہیں۔ اور اُس پر جان دیتے ہیں۔ وہ کاشتکار جو اپنا خزانہ اور اپنی کفایت شعاری کھیتوں کے نظر کر دیتا ہے۔ وہ بھی یہی محسوس کرتا ہے کہ تمام مصائب اور تکالیف ذہنی کا خاتمہ اُسی وقت ہوتا ہے۔ جبکہ انسان خود دنیا سے ختم ہو جاتا ہے۔

"سر فیلپ مورڈانٹ" ایک نوجوان خوبصورت بہادر اور با اخلاق انگریز تھا۔ خوش بختی اور دولت اُس کے قدموں پر کھیلتی تھی۔ وہ بادشاہ پرست بھی تھا۔ اور کسی حال میں اور کسی چیز میں وہ کسی امیر و کبیر سے کم نہ تھا۔ دنیا کی ہر تعیشات سے وہ چھک چکا تھا۔ اور آیندہ بھی دولت اُس کا ساتھ دینے کو تیار تھی۔ وہ بادہ مسرت سے سرشار تھا۔ مگر پھر بھی ایک نہ ایک کھٹک اُس کے

دل میں ہوتی رہتی تھی۔ باوجود ان تمام دافراحتیاجوں کے بھی وہ زندگی سے بیزار تھا۔ اور اس دنیاوی عیش و مسرت کی شاہ راہ پر وہ چلنے سے پرہیز کرتا تھا۔ وہ ہر شئے میں ایک کمزوری اور دنیاوی ہر چیز کو فانی خیال کرتا تھا۔ اُس نے اپنے آپ میں کہا جب شباب میں یہ حال ہے اور دنیا کی کوئی چیز دل لبھانے والی نظر نہیں آرہی ہے۔ تو بڑھاپے میں کیا حال ہوگا۔ اس وقت جبکہ انسان کمزور اور حواس باختہ ہو جاتا ہے۔ اور یوں تو اس وقت بھی زندگی بیکار اور فضول معلوم ہو رہی ہے۔ آیندہ بھی اس کا یہی حال ہوگا۔ اس بے ثباتی کا خیال ہر گھڑی اُس کے دل پر نقش تھا۔ اور اسی وجہ سے اُس کی زندگی بے کیف تھی۔ بالآخر وہ اس زندگی سے بیزار ہو کر ان خیالات اور مجہ تفکرات کو پستول سے ہمیشہ کے لئے خاتمہ کر ڈالا۔ کیا ایسا شخص جو اپنے نفس کو دھوکہ دیرہا ہو قابل تعریف ہو سکتا ہے۔ جس کی عمر کے ساتھ ساتھ اُس کے زندہ رہنے اور زیادتی بقار کی خواہش اُسمیں ترقی پذیر نظر آتی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ وہ بڑھاپے کا مقابلہ مردانہ وار بلا کسی جھجک کے کرلے۔ اور زندہ رہنے کی ہوس اُس میں بدرجہ اتم موجود ہو اور اپنے دوست احباب کو اپنی آیندہ خدمات سے خوش کردے لیکن جب وہ اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو بہت سے لوگوں کو اپنا شریک ماتم اور متعدد افراد کو اپنے غم میں روتا ہوا چھوڑ جاتا ہے۔

پندرھواں خط

چند غریب اور مفلس شعرا کے مختصر قصے

جنھوں نے اپنی زندگی یاس و غم میں بسر کی اور مفلسی ہی میں

کے عالم میں اس دنیا سے رخصت ہو گئے

لیون چی اینگی ایک خط فم ہوم کو لکھتا ہے۔ جو کہ سرمونیل اکیڈمی پیکن واقع چین کا پہلا صدر تھا۔

مجھے۔ ہر ملک کے شعرا کی حالت دیکھ کر بہت افسوس ہوتا ہے۔ جہاں اس طبقہ پر ہمیشہ مفلسی کا بادل چھایا رہتا ہے۔ اُن لوگوں کی حالت یہ ہوتی ہے کہ موجودہ زمانہ سے بہت محظوظ ہوتے ہیں مستقبل کا کوئی خیال نہیں کرتے۔ اُن کی بات چیت تو ایک سمجھدار آدمی کی طرح ہوتی ہے۔ لیکن اُن کے حرکات بے وقوفوں اور بدتمیزوں کی طرح ہوتے ہیں مستقل مزاجی اور ارادہ اس قدر مضبوط ہوتا ہے کہ زلزلہ بھی اُن کو اپنی جگہ سے اکھاڑ نہیں سکتا۔ لیکن احساس اس قدر لطیف ہوتے ہیں کہ معمولی سی چائے کی پیالی کے ٹوٹ جانے سے غمگین ہو جاتے ہیں۔

اس قسم کے عادات و اطوار فطرتاً شعراء میں موجود ہوتے ہیں۔ اور یہی ایک ایسی روشنی ہوتی ہے جس کو کہ امیر لوگ ناپسند کرتے ہیں۔ اور یہ لوگ خود بھی اعلیٰ سوسائٹی میں نہیں جا سکتے۔

مغرب کے شعراء ہمیشہ اپنی مفلسی و تہی دامنی کی وجہ سے مشہور ہیں لیکن عقل و دماغ میں وہ بہت بالاتر ہوتے ہیں۔ یہ مشہور چیز ہے کہ سرمایہ داروں نے غریب لاچار اور مفلس مریضوں کے لئے بیسیوں خیراتی شفاخانے بنوائے ہیں لیکن کسی نے مفلس شعراء کے طبقہ کے لئے کوئی خیراتی خانہ نہیں قایم کیا۔ صرف ایک سننے میں آیا ہے کہ ایک خیراتی خانہ ان مفلس شعراء کے لئے قایم کیا گیا ہے۔ اس خیراتی خانہ کو مسٹر پوپ اربن ہشتم" نے بنوایا تھا۔ جو صرف غریبوں اور وہ بھی خصوصاً ایسے لوگوں کے لئے جن کو کہ مفلسی سے سابقہ پڑھنے والا ہو۔ یا شعر شاعری کی وجہ سے مفلس ہو گئے ہوں۔ میں سچ کہتا ہوں کہ اس طبقہ کے لوگوں کی حالت ہمیشہ سقیم ہوتی ہے۔ چاہے وہ مغربی شعراء ہوں یا مشرقی۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان لوگوں کی سوانحعمری کے لئے کوئی مواد جمع کیا جائے تو وہ بہت دلچسپ ہوگا۔ خصوصاً بنی نوع کے مفلسی کی تاریخ زیادہ موثر ہوگی۔

"ہومر" یہ ایک پہلا شاعر گذرا ہے جو ہمیشہ کوشش یہ کرتا تھا کہ قدیم شعراء سے اس کی شہرت ہمیشہ بڑھ چڑھ کر رہے۔ یہ اندھا تھا۔ اور ہمیشہ گلیوں میں نظمیں پڑھکر بھیک مانگا کرتا تھا۔ لیکن یہ آپ خیال کیجئے کہ اُس کا منہ ہمیشہ اشعار اور نظموں سے بھرا رہتا تھا۔ لیکن روٹی سے ہمیشہ

خالی رہتا تھا۔ "پلاٹر" ایک مزاحیہ شاعر تھا اور اس فن میں کافی شہرت رکھتا تھا۔ اس کے پاس دو طریقے تھے۔ روحانی غذا اور اپنے اطمینان قلب کے لئے اس نے شاعری اختیار کی تھی لیکن زندگی کو باقی رکھنے کے لئے وہ ایک آٹے کی چکی کے کارخانہ میں کام کیا کرتا تھا۔ جہاں پر اُس کو گذر اوقات کے لئے کچھ آٹا مل جایا کرتا تھا۔ "ٹرنس" ایک غریب غلام تھا۔ اور "بوتھیس" بیچارہ مفلسی کے عالم میں دنیا سے سدھار چکا تھا۔ اطالوی شعرا میں "پالو بورگھیس" ہی ایک ایسا شاعر گذرا ہے جو قابلیت اور لیاقت میں "ٹاسو" سے کم نہ تھا۔ اس کو چودہ طریقہ یاد تھے۔ جس سے کہ وہ اپنی روزی کما سکتا تھا۔ لیکن بدقسمتی سے اُس نے کبھی ایک طریقہ کو بھی استعمال نہیں کیا۔ اور اس مفلسی کے عالم میں مرا ہے۔ جبکہ اُس کے منہ میں ایک کھیل بھی اڑ کر نہیں گئی تھی۔ "ٹاسو" جو کہ تمام شعرا سے بلند مرتبہ رکھتا ہے۔ جسکی لیاقت علمی کا شہرہ دور دور پر تھا۔ اُس کی بھی یہ حالت تھی کہ وہ اپنی گذر اوقات کے لئے دوسروں سے بھیک مانگا کرتا تھا۔ کبھی وہ ایک کراؤن اپنے کسی دوست سے قرض لے لیا کرتا تھا۔ تاکہ ایک مہینہ کے لئے گزر اوقات کا سامان ہو جائے۔ اُس نے کئی قطعات لکھکر چھوڑ گئے ہیں۔ کسی ایک میں اُس نے اپنی بلّی کو مخاطب کیا ہے۔ اور اس سے یہ استدعا کی ہے کہ وہ اپنی آنکھوں کی روشنی اُس کو قرض دے دے۔ تاکہ یہ بیٹھکر اُس کی روشنی میں شعر شاعری

کا کام کرینگے۔ اس لئے کہ اس کے پاس ایک موم بتی خریدنے کی بھی طاقت نہ تھی۔ لیکن "بنٹی اوگلیو" "غریب" "بنٹی اوگلیو" جو ہمارے رحم و کرم کا زیادہ مستحق تھا۔ جس کے طربیہ ڈرامے اس وقت تک دنیا میں قائم رہینگے۔ جب تک کہ اطالوی زبان باقی رہیگی۔ لیکن اُس کا زمانہ بھی نہایت خلاکت اور حسرت میں بسر ہوا۔ لیکن کسی زمانہ میں وہ اس قدر مخیر اور شاہ خرچ تھا کہ لوگ اُس کی ستایش کیا کرتے تھے۔ مگر بڑھاپے میں اُس پر یہ زمانہ پڑا کہ وہ اُس خیراتی ہسپتال میں بھی نہیں شریک کیا گیا جس کو کہ وہ خود بنوایا تھا۔

ایبین میں "سروینٹس" کے متعلق مشہور ہے کہ وہ فاقہ کشی سے جانبر نہ ہو سکا۔ اور اُس کے متعلق بھی بالکل صحیح ہے کہ "کیموفنس" نے اپنے آخری دن ایڑیاں رگڑ رگڑ کر اسپتال میں گزارے۔ اور وہیں اس کا خاتمہ ہوا۔ اگر ہم فرانس کی طرف متوجہ ہوں تو وہاں بھی ہم کو بیسیوں ایسی مثالیں ملیں گی۔ کہ جن کے ساتھ پبلک کی طرف سے نہایت ہی بے رخی برتی گئی۔ "اوگلیس" ایک نہایت ہی سنجیدہ نثر نگار تھا۔ اور اپنے عہد کا نہایت ہی سچا ایماندار شخص تھا۔ جن کو عام طور پر لوگ الو کہا کرتے تھے۔ اس معزز خطاب کی وجہ یہ تھی کہ وہ ہمیشہ رات میں باہر نکلا کرتا تھا۔ اور دن میں پوشیدہ رہتا تھا۔ دن میں باہر نکلتے ہوئے وہ اس لئے ڈرتا تھا کہ کہیں قرضدار اُس کو پکڑ نہ لیں۔ اُس کی آخری وصیت بھی بڑی دلچسپ ہے۔ اُس نے

وصیت یہ کی کہ باوجود قرض چکانے کے اور قرضداروں کو ادا کرنے کے بھی میرے بہت سے قرضدار باقی رہ گئے ہیں۔ گو میں بہت سے لوگوں کو رقم ادا بھی کر چکا ہوں لیکن پھر بھی اگر باقی رہ جائیں تو یہ میری آخری وصیت ہے کہ جب میں مروں تو میری لاش کسی سیول سرجن کے ہاتھ فروخت کر دی جائے۔ اور اُس سے جو کچھ رقم حاصل ہو وہ قرضداروں کو دے دی جائے۔ اس لئے کہ سوسائٹی میں کوئی شخص مجھ پر انگلیاں نہ اُٹھائے۔ اور مرنے کے بعد بھی میں دوسروں کے کام آسکوں۔

ایک فرانسیسی شاعر "کیسنڈری" جس کی لیاقت کا لوہا ایک عالم مانتا تھا۔ باوجود اُس کی قابلیت کے پھر بھی وہ اپنی زندگی کو گذار نہیں سکتا تھا۔ جب اُس پر ڈگریاں آنا شروع ہوئیں تو لوگوں نے اُس کو نفرت کی نظروں سے دیکھنا شروع کیا اور اُس پر کسی نے بھی رحم و مہربانی کی نگاہ نہیں ڈالی۔ وہ کوشش یہ کرتا تھا کہ اُس کی تکالیف اور غموں کا خاتمہ ہو جائے۔ اور اُس کے پاس کچھ بھی پیسہ اندوختہ ہو جائے اُس کے نزاع کے عالم میں جبکہ مقدس پادری اُس کے سرہانے بیٹھا تھا۔ اُس پادری نے اس سے خواہش کی کہ وہ اس آخری وقت میں خدا کو یاد کرے اور اُس کے انصاف کا خواہاں ہو۔ اُس نے نہایت ہی ترش روئی سے کہا کہ ابتک خدا نے میرے ساتھ کیا انصاف کیا۔ جو مرنے کے بعد میرے ساتھ انصاف کرے گا لیکن جواب

دیتے ہوئے اُس کے دل میں شک و شبہات کا انبار لگا ہوا تھا۔ اور اُس کے پاس کوئی معقول جواب نہ تھا۔ اور نہ کوئی ایسی دوا تھی جس سے اپنے شبہات کو زائل کرتا۔ مرنے والے نے کہا اے مقدس پادری میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ میرے لئے آپ دعا کریں کہ میرا باپ میرا بنانیولا اور میرے احباب مجھکو معاف کر دیں۔ اور مجھ سے مہربانی کا برتاؤ کریں اُس پر اُس نے کہا کہ آپ کے پاس ان باتوں کا کوئی جواب ہے کیا۔ تم کو معلوم ہے کہ خدا نے مجھکو کس حالت میں اس دنیا میں چھوڑ دیا تھا کہ میں اپنی زندگی بسر کروں۔ اور وہ چٹائی جس پر کہ مجھے چھوڑ دیا گیا تھا وہ میرے لئے تنگ کر دی گئی تھی اور یہ آخری وقت بھی دیکھ رہے ہو کہ کس کس مپرسی کے عالم میں جان دے رہا ہوں لیکن یہاں کے شعرا کی تکالیف اور اُن کی مصیبت کو کسی اور ملک سے ملایا جائے تو وہاں کی کوئی حقیقت نہ ہوگی۔

"اسپنسر"۔ "اوٹاوے"۔ "بٹلر"۔ "ڈرائی ڈن" یہ ایسے شعرا ہیں جن کو قوم نے نہایت ذلیل کیا۔ اور اُن کے ساتھ کوئی ہمدردی نہ کی بہت سے نہایت ذلت کی حالت میں راہی عدم ہوگئے۔ اور بیسوں بھوک سے بیتاب ہو کر مر گئے۔

اب موجودہ انگلستان میں چند شعرا ایسے بھی رہ گئے ہیں جن کی حالت بہت سقیم ہے۔ اُن کے کوئی سرپرست نہیں ہیں۔ بلکہ وہ عوام کی سرپرستی پر پل رہے ہیں۔ اُن کے ساتھ جو کچھ بھی سلوک ہوتا ہے وہ

اُس کو غنیمت سمجھتے ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ اُن کی قابلیت کے مقابلہ میں اُن کے ساتھ انصافانہ سلوک نہیں ہوتا۔ لیکن اُن کی گذر اوقات کے لئے جو کچھ اُن کو مل جاتا ہے وہی بہت ہے۔ وہ کام جس سے کہ شہرت حاصل ہو یہ اُس کی دلیل نہیں ہوسکتی کہ وہ قابلیت کا ہی ہو کبھی اُس لیاقت کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور وقت ایسی چیز ہے کہ وہ ان تمام کی کسوٹی کہلا سکتا ہے۔ اور اس کسوٹی سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ کون مصنف لایق ہے۔ اور کون جاہل۔ اور کون شخص ایسا ہے جو ترقی کی کوشش کر رہا ہے۔ اور کس شخص کا کام دوامی زندگی کا مرہون منت ہو سکتا ہے جس کو لوگ شوق سے پڑھیں۔ اور کم سے کم دس سال تک اُس کو اپنے اپنے دلوں سے محو نہ کر دیں۔ آج کل ایک مصنف کی حیثیت جس کے کام کی ہر طرف شہرت ہو۔ اُس کی صحیح معنوں میں قدر ہو سکتی ہے۔ ہر وہ سنجیدہ شخص جو کہ ایک سوسائٹی کا فرد ہو جب وہ کسی قابل شخص کی کتاب کو خریدتا ہے اس کے معنی یہ ہوئے کہ وہ اس کی مدد کرتا ہے۔ گذشتہ زمانہ میں تہ خانہ (گیارٹ) میں رہنے والے مصنفوں کو لائق سمجھا جاتا تھا۔ لیکن اُنکی عزت ایک عرصہ تک اس لئے نہیں ہوتی تھی کہ وہ غریب ہوتے تھے لیکن اب اس کے برخلاف آج کل کے مصنفین اپنی لیاقت سے مالدار بن سکتے ہیں۔ اور اگر اُن کے دل و دماغ کو اُن کی قسمت پر چھوڑ دیا جائے تو وہ بہت کچھ اپنی کارگزاری بتلا سکتے ہیں۔ اور وہ لوگ جن میں کہ کوئی قابلیت

نہ ہو تو اُن لوگوں کے لئے یہ موزوں ہے کہ وہ ہمیشہ فکر گمنامی میں پڑے ہیں۔ وہ شعرا یا مصنفین جو اپنے سرپرستوں کی وجہ سے پل رہے ہیں۔ وہ اپنے مربیوں سے ڈرتے بھی بہت ہیں۔ وہ کسی دعوت میں بلا اپنے سرپرست کے مرضی کے نہیں جاتے اُن کو خیال یہ لگا رہتا ہے کہ کہیں ہمارے سرپرست ہم سے ناخوش نہ ہو جائیں۔ ایسی صورت میں وہ گھر ہی میں رہکر فاقہ کرنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ وہ ایک مجمع میں اُسی کپڑوں میں آتے ہیں۔ جیسا کہ عوام پہنتے ہیں۔ لیکن اُن کا دماغ شاہانہ اور اُن کی بات چیت اعلیٰ ہوتی ہے۔ اور جو کچھ بھی وہ بات چیت کرتے ہیں اُس سے یہ ترشح ہوتا ہے کہ وہ عقلمندی اور متانت سے کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ ایسے موقع پر وہ اپنی قسمت پر ناز نہیں کرتا۔ لیکن وہ اپنی آزادی کی شان و شوکت کو برقرار رکھتا ہے۔ اور آزاد ہی رہنا چاہتا ہے۔ اچھا خدا حافظ۔

(سولھواں خط)

پشیمان شباب

یا

(خاتمہ)

لیونچی الٹنگی ایک خط فم ہوم کو لکھتا ہے۔

متعدد۔ مایوسیوں کے بعد آخر کار میری امیدیں بر آئیں میرا لڑکا جسکی آمد کا میں ایک عرصہ سے منتظر تھا وہ یکایک میرے پاس آگیا میرے شک وشبہات اس کی آمد کی خوشی میں سب کافور ہوگئے۔ اس کی تہذیب وشایستگی اس کے سلجھے ہوئے خیالات اس کی گرمئ کلام سے میں یعنی اس کا باپ بہت خوش ہوا میں اس کو لڑکا چھوڑ کر آیا تھا۔ مگر اب وہ بھرپور نوجوان ہے۔ اس کے سفر کی صعبتوں اور موقتی تکلیف کو دور کرنے کے لئے اس سے خوش خوش باتیں کرنی پڑیں۔ اس کی محبت میں ناکامیابی کی وجہ سے وہ کبھی کبھی دوران گفتگو میں غمگین ہو جاتا تھا۔ ہم دونوں کی گفتگو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے انہیں خیالات کے تحت غیراطمینان بخش ہو رہی تھی۔ اس قنوطیت کا علاج میرے بس سے باہر تھا۔ لیکن میں یہ سمجھ رہا تھا کہ اگر قسمت میں ہے تو وہ پریوش ضرور اس سے ہم آغوش ہوجائیگی۔

میرے لڑکے کے آنے کے دو دن کے بعد "سیاہ پوش" معہ اپنی

نوجوان بھتیجی کے میرے پاس مجھ کو اسی موقع کی۔ مبارکباد دینے کے لئے آیا کہ باپ بیٹیوں کی دیرینہ ملاقات مبارک ہو۔ لیکن آپ خیال کیجئے متعجب ہو گئے۔ ساتھ ہی ساتھ خوش بھی ہوئے کہ سیاہ پوش کی بھتیجی ہی میرے لڑکے کی غارت گر عقل و ہوش تھی۔ اور اسی نے میرے لڑکے کو اپنی دام زلف کا اسیر بنا لیا تھا۔ یہ لڑکی ایران سے دریائے والگا میں سفر کرتے کرتے طوفان میں گھر گئی۔ اور اس کی کشتی پاش پاش ہوگئی کسی نہ کسی طریقہ سے وہ تختہ پر بہتی ہوئی نکل آئی اور رُوسی دہقانوں نے اُس کو آرکنجل کے ساحل پر پکڑ کر لے آئے۔ اے کاش اگر میں ناول نویس ہوتا تو اس وقت ان دونوں کی غیر متوقع ملاقات اُن کے جذبات اور اُن کے اشتیاق کو کس قدر اعلیٰ تزئین اور نگاہ سے دیکھ کر بیان کرتا کہ ناظرین بھی عش عش کرنے لگتے۔ بغیر میری مدد کے اُن دونوں کی گرم ملاقات اُن کی مسرت اُن کی وارفتگی اُن کا جذبہ شوق بہ کیف میرے پاس اُس کے بیان کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں۔ اور نہ الفاظ اس سچی محبت کے مفہوم کو ادا کر سکتے ہیں۔

جب کبھی ایک نوجوان جوڑا آپس میں محبت کی آگ میں جلتا ہوا نظر آتا ہے۔ تو اُس وقت مجھے سب سے زیادہ خوشی ہوتی ہے جبکہ ان دونوں میں رشتہ اتحاد و الفت مضبوط ہو جاتا ہے۔ اس سے کچھ بحث نہیں کہ ان دونوں جماعتوں سے میری کچھ شناسائی بھی ہے یا نہیں لیکن جب دو دل دوامی محبت کی زنجیروں میں جکڑ جاتے ہیں

تو یہ دیکھکر میں انتہائی مسرور ہو جاتا ہوں خلقی طور پر میں دو دلوں کا جوڑنے والا واقع ہوا ہوں۔ اور قدرتی طور پر انسانوں کو خوش کرنیکے لئے اور اُن سے ہمدردی کرنے کے لئے مجھے قدرت نے ایک خاص دل عطا کیا ہے۔ اس خوشی میں فوراً میں نے "سیاہ پوش" سے مشورہ طلب کیا۔ کہ کیوں نہیں ہم دونوں اس نوجوان جوڑے کو دائمی محبت کے آغوش میں دیدیں۔ "سیاہ پوش" خود اس موقع کا منتظر تھا۔ اُس نے بھی فوراً اجازت دیدی کہ جلد از جلد شادی ہو جانی چاہیئے۔ چنانچہ دوسرا دن مقرر ہوا۔ اور شادی کے رسوم کی تیاریاں شروع ہو گئیں۔

میرے جتنے ملاقاتی یہاں فراہم ہو سکے میں نے ان سب کی دعوت دیدی۔ "مسٹر بو" گویا تمام محفل شادی کے منتظم تھے اور "مسٹر ٹویٹ" ہر رسم کو ٹھیک طور پر اور آرائش کے ساتھ ادا کرنے پر مقرر ہو گئیں۔ سیاہ پوش، اور ایک دلال کی "بیوہ" دونوں اس موقع پر بہت زیادہ خوش نظر آرہے تھے۔ "مسز ٹب" کی رائے پر بیوہ بہترین ملبوسات میں نظر آرہی تھی۔ اور اس کے عاشق نے بھی اپنی وِگ میں یعنی بالوں کی ٹوپی میں ایک چوٹی کا اور اضافہ کر لیا تھا۔ اور "مسٹر ٹپ" سے یہ چوٹی مستعار مانگی گئی تھی۔ محض اس لئے کہ عاشقی کے سب حربے ٹھیک ٹھیک ہوں۔ سب لوگ جمع تھے اور تمام خوش تھے کہ آج دو دو شادیاں ہو رہی ہیں۔ جب تمام رسوم ادا ہو چکے تو میں نے دیکھا کہ میرے دوست اور اُن کی محبوبہ کے درمیان حجابات کے پردے اٹھ چکے

ہیں۔ اور دونوں ایک دوسرے پر والہ و شیدا ہوئے جا رہے ہیں۔
بعض وقت وہ مجھ کو دھکا دیکر پوچھتا کہ کیوں دوست ہماری شادی
بعد از وقت تو نہیں ہو رہی ہے۔ اور دیکھو ہم بُڈھے تو نظر نہیں آ رہے
ہیں۔ کہئے آپ کی کیا رائے ہے۔ لیکن میں اپنے متعلق یہ خیال کرتا ہونگا
میں بے وقوفی کی اچھی اداکاری کر رہا ہوں۔ اور یہ دیکھ رہا ہونگا
میں اچھا خاصہ بے وقوف بنایا جا رہا ہوں لیکن اس پر بھی میرا خیال
ہے کہ بعض دوست احباب میری اس عقلمندی کی داد دینگے۔ اور
میں دوسروں کے لئے قابل مثال ٹھیرونگا۔

کھانے پر ہر چیز موجود تھی۔ اور سب ہنسی خوشی سے کھا پی رہے
تھے۔ ہر شخص اپنے آپ کو مسرور محسوس کر رہا تھا۔ اور ہر لطیفہ پر فلک
شگاف قہقہے بلند ہو رہے تھے۔ سیاہ پوش اپنی محبوبہ کے بازو بیٹھا
تھا۔ نئی نئی تازہ ڈیشیں کھانے۔ خاص طور پر اس کی طرف بڑھا
رہا تھا۔ عمدہ عمدہ مشروبات گلاس میں بھر بھر کے پیش کر رہا تھا۔
اور دونوں میز کے نیچے گھٹنے سے گھٹنا بھڑائے ہوئے تھے۔ اور میز کے
اوپر ایک دوسرے کی کہنیاں آپس میں لطف اندوز ہو رہی تھیں
سیاہ پوش نے نوجوانی کی ترنگ میں آکر چپکے سے اپنی بیگم کے
کان میں کچھ کہا۔ اس پر اُن کی بیگم صاحبہ جن کو نوجوانی کا مغالطہ
تھا۔ اپنے ڈھیلے ہاتھوں سے سیاہ پوش کے رخسار پر ایک ہلکا سا
طمانچہ جما دیا۔ ایسی خوشی۔ ایسی وارفتگی ایسی مسرت ایسی بہار ایسی

ترنگ اور یہ جوش و خروش کہیں کبھی کسی بڈھے جوڑے میں نہ نظر آیا ہوگا۔ جیسا ان دونوں کے درمیان کھانے کے میز پر ہو رہا تھا۔

کھانے کی قسموں کا دوسرا دور شروع ہوا۔ اس دور میں ایک لذیذ ٹرکی دم دیا ہوا۔ ولال کی بیوہ کے سامنے رکھا گیا۔ جو سیاہ پوش کی معشوقہ بنی ہوئی تھی۔ یہ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ انگریز ہمیشہ کانٹے سے کھایا کرتے ہیں۔ میرے دوست نے اپنی ہونے والی بیگم صاحبہ سے کہا کہ آپ اس ٹرکی (مرغ) کو کاٹنے میں مدد دیں۔ بیوہ اس سے خوش ہوگئی کہ کبھی نہ کبھی آج اپنی ذہانت بتانے کا موقع ملا ہے۔ اور یہ ایسا فن تھا کہ جس کو خود بیوہ نے اپنی دلچسپی سے حاصل کیا تھا۔ چنانچہ بیوہ نے کہا۔ میں خوب کاٹنا جانتی ہوں۔ یہ کہکر اس نے ابتدا ٹانگ سے شروع کی۔ میرے دوست نے ٹانگ کاٹتے ہوئے دیکھ کر کہا کہ اگر مجھ سے کوئی کاٹنے کی فرمائش کرتا تو میں بسم اللہ پہلے بازو سے شروع کرتا۔ اس سے یہ ہوتا کہ ٹانگ بڑی آسانی سے جدا ہو جاتی۔

بیگم نے کہا آپ مجھے اپنی خوشی پر چھوڑ دیجئے۔ میں پرندوں کے گوشت کاٹنے میں ماہر ہوں۔ میں ہمیشہ پہلے ٹانگ سے شروع کیا کرتی ہوں۔ میرے دوست نے کہا۔ بیگم آپ سچ کہتی ہیں۔ مگر بازو بہت آسانی سے جدا ہو جاتا ہے۔ اس لئے میں تو ابتدا ہمیشہ بازو سے ہی کرتا ہوں۔ بیگم نے کہا جناب جب آپکا مرغ ہو تو

آپ اُس کو جس طرح سے چاہیں کاٹیں مگر برائے مہربانی مجھے پریشان مت کیجیئے۔ اور مجھے اجازت دیجیئے کہ میں ٹانگ ہی سے ابتدا کروں میں اُمید کرتی ہوں کہ اس عمر میں آپ مجھے نوشق بچی تصور نہ فرمائینگے۔ مگر میرے دوست نے کہا بیگم ہم اس قدر بڈھے نہیں ہیں کہ کوئی ہم کو مشورہ دے۔ بڈھا کون بڈھا۔ جناب کیا آپ سٹھیا گئے ہیں۔ یہاں کون بڈھا ہے۔ اچھا جناب میں ہی بڈھی سہی اور کیوں نہ جب میں مرونگی تو بہت سے لوگ خوف اور ڈر سے کانپنے لگینگے۔ اگر ٹانگ برابر نہیں جم رہی ہے تو لیجیئے اپنے ٹرکی مرغ کو آپ خود رکھ لیجیئے۔ میرے دوست نے کہا بیگم آپ اس قدر غصہ کیوں ہو رہی ہیں۔ میں ٹانگ یا بازو کو بال برابر بھی نہیں گنتا۔ اگر آپ پہلے ٹانگ سے ابتدا کرنا چاہتی ہیں تو آپ کو پھر دلائل پیش کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ جیسا آپ چاہیں ویسا آپ کریں۔ میں بھی آپ کی خوشی میں شریک ہوں بیوہ نے غصہ سے چلا کر کہا کہ کیا کہا آپ نے۔ حقیقت یہ ہے کہ میں اس کو اپنی جوتی برابر بھی نہیں سمجھتی ہوں کہ تم پہلے ٹانگ لینا چاہتے ہو یا بازو۔ لیکن جناب یہ بہتر تھا کہ ہم آیندہ سے دور ہی رہیں۔ اس پر سیاہ پوش نے کہا کہ میں کب آپ کی پروا کرتا ہوں میں خود آپ سے دس ہاتھ دور ہونگا۔ اور یہ ہے بھی کونسا مشکل کام۔ صرف یہی نا کہ میز کی اس طرف نہیں بلکہ اُس طرف۔ اچھا بیگم اس تکلیف دہی کی معافی چاہتا ہوں۔ میں ہوں آپ کا وہی قدیم تابعدار معاف کیجیئے۔

افسوس قدیم دوستی دیرینہ محبت کا یوں چشم زدن میں خاتمہ ہوگیا۔ اور اس قسم کے ترش سوال وجواب کی وجہ سے معزز خرمن رسم ومحبت یوں ہمیشہ کے لئے جلکر فنا ہوگیا۔ بعض مرتبہ چھوٹی چھوٹی باتوں سے بڑے بڑے معاہدات پر اثر پڑ جاتا ہے۔ اس بد مزگی کا اثر اُس نوجوان جوڑے پر کچھ نہیں ہوا۔ وہ لوگ شراب عشق ومحبت کے سرور میں گم تھے۔ اس کے بعد میں اُس نوجوان لڑکی کے چہرہ پر نظر ڈالا جس پر اس نوک جھوک کا ذرہ برابر بھی اثر نہ تھا۔ تھوڑی دیر بعد شادی اور خوشی کے تمام تاثرات فنا ہوچکے تھے۔ البتہ ایک دوسرے سے سب خوش خوش تھے۔

میرا لڑکا اور اُس کی محبوبہ ہمیشہ کے لئے دونوں ساتھی بن چکے تھے۔ سیاہ پوش نے اس مسرت میں اپنی بھتیجی کو ایک جائداد بھی لکھدی جس سے اُن دونوں کی خوشی میں اور اضافہ ہوگیا۔ مگر یہ مسرت اُس عشقیہ محبت کی ہم پلہ نہیں ہوسکتی۔ میں وہاں سے اُٹھکر چل دیا۔ اس لئے کہ دنیا کا ہر شہر میرا ہے۔ اور میں وہاں کا باشندہ ہوں۔ مجھے اس کا مطلق خیال نہیں ہوتا کہ صبح کہاں بسر ہوتی ہے۔ اور شام کہاں۔ اب میں نے یہ تہیہ کرلیا ہے کہ میں اپنی آیندہ زندگی شہروں کی تحقیقات اور وہاں کے باشندوں کے دیکھنے بھالنے میں صرف کردوں۔ سیاہ پوش میرا ساتھی اور میرا دوست بن چکا تھا۔ ہم دونوں آپس میں ایک دوسرے سے مقدس کنؔ فوشسؔ"

(Confucius)

(جو کہ ایک چینی فلاسفر اور مقدس بزرگ گزرا ہے) کے اقوال بیان کیا کرتے تھے۔ جیسا کہ وہ ایک مقام پر کہتا ہے۔ "جو شخص خوشی اور مسرت میں تکالیف کا احساس نہیں رکھتا ہے۔ صحیح معنوں میں وہ عقلمند ہے۔ اچھا خدا حافظ:۔

تمت

مطبوعہ
اعظم اسٹیم پریس گورنمنٹ ایجوکیشنل پرنٹرز
چارمینار حیدرآباد دکن

کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی
Checked
1987

نمبر	
فن نمبر	
کتاب نمبر	

Checked
1981

مطبوعہ اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد